بلوچستان کے عوام کا نمائندہ اخبار

Daily IMROZ Quetta A.B.C Certified

روزنامہ امروز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر حکیم اکمل

جلد نمبر 12 | بروز جمعہ 12 مارچ 2021ء 27 رجب 1442ھ | شمارہ 256 | قیمت 10

www.imroz.com.pk

بی این پی مینگل کا ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے امیدوار کی حمایت کا اعلان

حکومت مخالف اتحاد پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے امیدوار مولانا عبدالغفور حیدری کی بی این پی مینگل کے سیکرٹری جنرل جہانزیب جمالدینی سے ملاقات ہوئی ہے

جمہوریت کی بالادستی کیلئے مل کر کام کریں گے، موجودہ حکومت سے عوام تنگ آچکے ہیں (مولانا عبدالغفور حیدری) پی ڈی ایم کی کامیابی یقینی ہے، سینیٹ الیکشن میں بھی پی ڈی ایم نے بھرپور کامیابی حاصل کی (ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی)

کورونا وباء میں اضافہ، سینیٹ سیکرٹریٹ نے حفاظتی اقدامات کیلئے حکمت عملی تیار کرلی

مہمانوں کا داخلہ محدود، نومنتخب اراکین سینیٹ پیشگی کارڈ کے اجراء کے بعد صرف ایک مہمان کو اپنے ساتھ لاسکیں گے

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد کرونا وباء سے متاثر ہونے والے مریضوں کی شرح میں اضافے کے پیش نظر سینیٹ سیکرٹریٹ نے اراکین سینیٹ کی حلف برداری کی تقریب اور چیئرمین وڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے انتخابی عمل کیلئے حفاظتی اقدامات پر مبنی حکمت عملی تیار کر لی ہے۔

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سینیٹر حافظ عبدالکریم کا واٹس ایپ کال کے ذریعے دباؤ ڈالنے کا الزام

ملک کے تحفظ والے ادارے ملک کو توڑنے کے اقدامات نہ کریں، شاہد خاقان عباسی، احسن اقبال کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر حافظ عبدالکریم نے واٹس ایپ کال کے ذریعے دباؤ ڈالنے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا ہے کہ آخری کال پر میری بات ہوئی، کہا گیا سرکاری امیدوار کو سپورٹ کریں، گیلانی کو سپورٹ نہ کریں، جتنے پرچے اور دباؤ ڈالنا ہے

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد (این این آئی) حکومت مخالف اتحاد پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے امیدوار مولانا عبدالغفور حیدری کی بی این پی مینگل کے سیکرٹری جنرل جہانزیب جمالدینی سے ملاقات ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں سینیٹر مولانا عطاالرحمٰن، سینیٹر کامران مرتضیٰ ایڈووکیٹ و

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

چیئرمین سینیٹ گیلانی یا سنجرانی؟ فیصلہ آج ہوگا

اسحاق ڈار بیرون ملک ہونے کی وجہ سے ووٹ کاسٹ نہیں کرسکیں گے، جماعت اسلامی نے کسی امیدوار کی حمایت نہ کرنے کا فیصلہ

52 سینیٹرز اپنی مدت پوری ہونے کے بعد ریٹائرڈ ہوگئے، اجلاس کے آغاز پر 48 نومنتخب سینیٹرز حلف اٹھائیں گے، ایوان بالا کو پولنگ اسٹیشن کا درجہ دیا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کے سب سے بڑے آئینی ادارے سینیٹ آف پاکستان کے چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین کا انتخاب آج (جمعہ کو) ہوگا جبکہ نومنتخب سینیٹرز بھی حلف اٹھائیں گے۔

جبکہ 52 سینیٹرز اپنی مدت پوری ہونے کے بعد

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ووٹ سے متعلق ابھی تک کوئی کال موصول نہیں ہوئی ہے، گیلانی

میں 9 سال بعد دوبارہ پارلیمنٹ میں واپس آگیا ہوں، مریم نواز کے دعوے کی تردید

اسلام آباد (این این آئی) حکومت مخالف اتحاد پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کے چیئرمین سینیٹ کے امیدوار یوسف رضا گیلانی نے مریم نواز کے دعوے کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ ووٹ سے متعلق ابھی تک کوئی کال موصول نہیں

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور مضافاتی علاقوں ہلکی ہلکی بارش، موسم خوشگوار ہوگیا

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور مضافاتی علاقوں ہلکی ہلکی بارش، موسم خوشگوار ہوگیا، محکمہ موسمیات نے شمالی اور جنوبی علاقوں میں مزید

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور، مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف کو احتساب عدالت میں پیشی کے بعد واپس لے جایا جارہا ہے

کوئٹہ کوئلہ کان میں گیس بھرنے سے دھماکہ، کانکن جاں بحق

کوئٹہ کے نواحی علاقے مارواڑ میں کوئلہ کان میں دھماکہ سے 2 کان کنان زخمی ہوئے

کان میں حادثہ 800 فٹ کی گہرائی پر پیش آیا، جبکہ دیگر کو نکالنے کیلئے ریسکیو آپریشن جاری رہا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے نواحی علاقے مارواڑ میں کوئلہ کی کان میں گیس بھرنے کے باعث دھماکہ ایک کانکن جاں بحق دو کو زندہ بچالیا گیا جبکہ دیگر کو نکالنے کیلئے ریسکیو آپریشن جاری رہا، ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے نصیر خان ناصر کے مطابق جھرات کو کوئٹہ کے نواحی علاقے مارواڑ میں واقعہ ایک کوئلہ کان میں میتھین گیس کے اخراج کی وجہ سے دھماکہ ہوگیا جس کے باعث کان بیٹھ گئی

واقعہ کی اطلاع ملتے ہیں ریسکیو آپریشن کا آغاز کردیا گیا انہوں نے بتایا کہ کان میں حادثہ 800 فٹ کی گہرائی پر پیش آیا ریسکیو آپریشن کے

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان امان اللہ یٰسین زئی سے سابق ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان امان اللہ کنرانی کی قیات میں وف ملاقات کررہا ہے

خواتین کارکنوں کو تنظیمی صلاحیتوں سے آراستہ کرنا ہوگا، نیشنل پارٹی

تاکہ وہ دیگر خواتین کیساتھ رابطے میں رہتے ہوئے ان کو سیاسی عمل کا حصہ بنانے کیلئے کردار ادا کرسکے، یاسمین لہڑی

خواتین سیاسی شعور سے روایتی وفرسودہ نظام کے خاتمہ کرسکتے ہیں، نیشنل پارٹی خواتین کو بااختیار و باوقار بنانے کے لیے جدوجہد کررہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی خواتین سیکرٹری یاسمین لہڑی نے کہا ہے کہ نیشنل پارٹی کے خواتین کارکنوں کو متحرک کرنے کیلئے تنظیمی صلاحیتوں سے آراستہ کرنا ہوگا تاکہ وہ دیگر خواتین کے ساتھ رابطے میں رہتے ہوئے ان کو سیاسی عمل کا حصہ بنانے کیلئے کردار ادا کرسکے۔ اس لیے کوئٹہ میں تنظیم کاری کا آغاز کرکے خواتین کو سیاسی طور پر مضبوط کرینگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں پارٹی رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا۔ اس موقع پر نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی ممبر نیاز بلوچ، صوبائی

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلاول بھٹو زرداری نے سراج الحق سے چیئرمین سینیٹ کے انتخاب میں مدد مانگ لی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے امیر جماعت

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مسلم لیگ (ن) نے لانگ مارچ میں شرکت کیلئے تیاریوں کا آغاز کردیا

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) نے پی ڈی ایم کی جانب سے اعلان کردہ لانگ مارچ میں شرکت کیلئے تیاریوں کا آغاز کردیا ہے۔ ذرائع کے

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سلیم مانڈوی والا کی دعوت میں حکومتی سینیٹرز بھی آئے، یوسف گیلانی کا انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن اتحاد پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کی جانب سے

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبے کے مختلف اضلاع میں یوٹیلٹی سٹورز کو ختم کرکے ملازمین کو طرف کیا گیا ہے، پشتونخوا میپ

سلیکٹڈ وزیراعظم اور ان کی نااہل کابینہ کو یہ علم ہی نہیں کہ یوٹیلٹی سٹورز پر پشتون بلوچ تمام صوبے اور بالخصوص کوئٹہ میں نہ ہی مذکورہ بالا اشیاء دستیاب ہیں اور نہ ہی عوام کو معیاری اشیاء اور ریلیف پیکج کے تحت سہولت دی جاتی ہے

سلیکٹڈ حکومت مہنگائی اور غربت میں ریکارڈ اضافہ سے مکمل طور پر لاعلم ہیں اور نہ ہی انہیں عوام کے حالات کا ادراک حاصل ہے کہ کس قدر غریب طبقہ دار اپنے بچوں کا پیٹ پالنے کیلئے کن مشکلات اور مسائل سے دوچار ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں گزشتہ روز اقتصادی رابطہ کونسل (ای سی سی) کے اجلاس میں یوٹیلٹی سٹور کے 19 اشیاء پر سبسڈی دینے اور سلیکٹڈ وزیراعظم کی جانب سے گھی کی قیمتوں میں اضافے سے منع کرنے کی ہدایت کے بیان کو مضحکہ خیز قرار دیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ سلیکٹڈ وزیراعظم اس کے وزراء اور مشیران عوام کے مسائل، مہنگائی اور غربت میں ریکارڈ اضافہ سے مکمل طور پر لاعلم ہیں اور نہ ہی انہیں عوام کے حالات کا ادراک حاصل ہے کہ کس قدر غریب طبقہ دار اپنے بچوں کا پیٹ

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

چیئرمین سینیٹ کے الیکشن پر حکومت بوکھلاہٹ کا شکار ہے، پیپلز پارٹی

پی ڈی ایم کے سینیٹرز کو خوفزدہ کرنے کیلئے کالز کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، سردار سربلند جوگیزئی

اوپن بیلٹ کے نعرے لگانے والی حکومت اب سیکرٹ بیلٹ کے گن گانے لگی ہے، ترجمان پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے ترجمان سردار سربلند جوگیزئی نے کہا ہے کہ چیئرمین سینیٹ کے الیکشن پر حکومت بوکھلاہٹ کا شکار ہے پی ڈی ایم کے سینیٹرز کو خوفزدہ کرنے کیلئے کالز کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے حکومت چیئرمین سینیٹ الیکشن جیتنے کیلئے اخلاقیات سے گر گئی ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں ترجمان نے کہا کہ سینٹ میں نمبر گیم اور اخلاقیات

دونوں پی ڈی ایم کے حق میں ہیں حکومت صرف اوچھے ہتھکنڈے استعمال کرکے چیئرمین سینیٹ کے الیکشن جیت سکتی ہے۔ ترجمان نے کہا کہ سینٹ

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

جمعیت (س) کی بڑھتی ہوئی مقبولیت لوگوں کو ہضم نہیں ہورہی، مفتی واحد بازئی

ہمارے بعض صوبائی عہدیداروں کے خلاف الیکٹرانک میڈیا پر پروپیگنڈہ کیا جارہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام (س) کے صوبائی مجلس عاملہ کا اجلاس صوبائی قائم مقام امیر مولانا مفتی عبدالواحد بازئی کی زیر صدارت منعقد

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سینیٹ انتخابات، اپوزیشن کے پاس 51 اور حکومت کے پاس 47 ارکان ہیں، رپورٹ

مسلم لیگ ن کے اسحاق ڈار حلف نہ اٹھانے اور بیرون ملک ہونے کے باعث ایوان کا حصہ نہیں

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا انتخاب خفیہ بیلٹ کے ذریعے ہوگا، سینیٹ کی موجودہ پارٹی پوزیشن کے مطابق اپوزیشن کے پاس 51 اور حکومت کے پاس 47 ارکان ہیں۔ 100 ارکان کے ایوان بالا میں 99

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پی ڈی ایم کے سینیٹرز کو خوفزدہ کرنے کیلئے کالز آرہی ہیں، پیپلز پارٹی

حکومت چیئرمین سینیٹ الیکشن جیتنے کیلئے اخلاقیات سے گر گئی ہے، شازیہ مری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پنجگور شور میں گاڑی الٹنے سے ایک شخص جاں بحق ایک زخمی

پنجگور (این این آئی) پنجگور شور میں گاڑی الٹنے سے ایک شخص جاں بحق ایک زخمی لیویز کے مطابق

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

آصف علی زرداری کا نیئر بخاری کو ٹیلیفون، بیٹے کی خیریت دریافت کی

اسلام آباد (این این آئی) سابق صدر آصف زرداری نے پارٹی کے سیکرٹری جنرل نیر بخاری کو ٹیلیفون کرکے بیٹے کی خیریت دریافت کی۔ آصف

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مستونگ، غیر مقامی افراد کو لوکل سرٹیفکیٹ کے اجراء کی مذمت کرتے ہیں، آئی پارٹیز

ایک خاتون جسکا نام صائمہ دختر پسند خان مستقل پتہ سبزل روڈ کوئٹہ اور موجودہ پتہ کوئٹہ کینٹ ہے کو 20 جنوری کو لوکل سرٹیفکیٹ جاری کیا گیا

وفاقی ملازمین کی لوکل وڈومسائل کی ویری فیکشن کی عمل میں بھی بڑے پیمانے پر سفارش اور دباؤ کو ملحوظ خاطر رکھ کر جنکی لوکل وڈومسائل کو درست قرار دیا گیا، مشترکہ بیان

مستونگ (آن لائن) آل پارٹیز کے رہنماؤں جن میں نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر نواز بلوچ، پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر محمد قاسم علیزئی، بلوچستان نیشنل پارٹی کے ضلعی انفارمیشن سیکریٹری انجینئر امیر جان لہڑی، جماعت اسلامی کے صوبائی سیکریٹری حافظ خالد الرحمان شاہوانی، جمعیت علما پاکستان کے ضلعی امیر مولانا عبدالوحید ربانی و دیگر نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں ڈپٹی کمشنر مستونگ کی جانب سے سفارش اور دباؤ کی بل بوتے پر ایک غیر مقامی شخص کو مستونگ سے بوگس وغیر قانونی طریقے سے لوکل سرٹیفکیٹ جاری کرنے کی شدید الفاظ میں

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سرکاری کے طور پر صدر الدین مرحوم کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، این پی

شروع دن سے فکر باچا خان سے وابستہ اور مرتے دم تک انتہائی نامساعد حالات کے باوجود کاربند رہے، اصغر خان اچکزئی

انکی لگن اور صلاحیتوں نے زمانہ طالبعلمی سے ہی باچا خان کے پیغام کو گھر گھر پہنچانے کا فریضہ سرانجام دیا، مابت کاکا کا تعزیتی بیان

کوئٹہ (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی جنرل سیکرٹری مابت کاکا نے اے این پی خیبر پشتون خوا کے سابق ترجمان

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پی سی بی کا ایچ بی ایل پی ایس ایل 6 کے بقیہ 20 میچز جون میں کروانے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے ایچ

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی بجلی نے کثرت رائے سے نیپرا ایکٹ میں ترمیم کے بل کی منظوری دیدی

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو بینیز انوار الحق کاکڑ ملاقات کررہے ہیں اس موقع خالد لانگو بھی موجود ہیں

مولانا فضل الرحمٰن اور نواز شریف کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ

حکومت صرف ہارس ٹریڈنگ کرکے ہی جیت سکتی ہے، پی ڈی ایم کے سربراہ کا آصف علی زرداری سے بھی رابطہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پی ڈی ایم کے اراکین کو خوفزدہ کرنے کیلئے کالز آرہی ہیں، پیپلز پارٹی

حکومت چیئرمین سینیٹ الیکشن جیتنے کیلئے اخلاقیات سے گر گئی ہے، شازیہ مری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مدارس امن و آشتی کے گہوارے ہیں، جے یو آئی

مدارس پر دہشتگردی کے الزامات لگانیوالے حکومتی سرپرستی میں چلنے والے تعلیمی اداروں کی کارکردگی کا جائزہ لیں

قوم کی پشتی بانی سے اسلامی علوم کی ترویج واشاعت سے شرح خواندگی میں اضافے کا سب سے بڑا ذریعہ ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق نے تحفظ مدارس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مدارس امن وآشتی کے گہوارے ہیں، قوم کی پشتی بانی سے اسلامی علوم کی ترویج واشاعت سے شرح خواندگی میں اضافے کا سب سے بڑا ذریعہ ہے وقف املاک بورڈ اور نئے مدارس بورڈ کے ذریعے مدارس کے تعلیمی نظام کو خراب کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، علماء دیوبند

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، بلوچستان بار کونسل کے رہنماء قاری رحمت اللہ ایڈووکیٹ پریس کانفرنس کررہے ہیں

بدر منیر ایڈووکیٹ پر حملہ کرنیوالے ملزمان کو گرفتار کیا جائے، بلوچستان بار

میاں بدر منیر ایڈووکیٹ کئی سال سے سکول چلا رہے ہیں اگر کسی شخص کو ان سے کوئی مسئلہ ہے تو وہ عدالت جائے، قاری رحمت اللہ ایڈووکیٹ

تین روز قبل ایف آئی آر درج کرائی گئی تھی لیکن تین روز گزرنے کے باوجود تاحال پولیس ملزمان کو گرفتار کرنے میں ناکام رہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان بار کونسل کے رہنما قاری رحمت اللہ ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ میاں بدر منیر ایڈووکیٹ کی ایف آئی آر میں نامزد ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کیا جائے بصورت دیگر وکلاء سخت احتجاج پر مجبور ہونگے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ تین روز قبل انجمن آرائیان کے جنرل سیکرٹری نے پولیس تھانے میں ایف آئی آر درج کرائی لیکن تین روز گزرنے کے باوجود تاحال پولیس ملزمان کو گرفتار کرنے میں ناکام رہی ہے اور پولیس غفلت کی مرتکب ہورہی ہے جس

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پی ڈی ایم کسی حکومتی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیگا، پیپلز پارٹی

حکمرانوں کا پیدا کردہ مہنگائی، بے روزگاری، لاقانونیت کا سونامی عوام اور وطن عزیز کو بے موت مار رہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات ملک ذیشان حسین نے چیئرمین سینٹ کے انتخاب پر مختلف علاقوں سے

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزارت ریلوے میں کرونا کے وار شدت اختیار کرگئے

اسلام آباد (این این آئی) وزارت ریلوے میں کرونا کے وار شدت اختیار کرگئے۔ وزارت کے

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان میں بھی تجاوزات آپریشن کے نام پر کھلی بدمعاشی کی جاتی ہے، اے کیو ایم

چند گھنٹوں کے نوٹس کے بعد آپریشن کے نام پر تاجر برادری لاکھوں کا نقصان پہنچایا جارہا ہے، ترجمان

کوئٹہ (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان بلوچستان کے صوبائی ترجمان کے جاری کردہ بیان میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کے نام پر ممتاز قبائلی سیاسی

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

تحریک انصاف سیاسی جماعت نہیں، سینیٹر مصطفیٰ نواز کھوکھر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینیٹر مصطفیٰ نواز کھوکھر نے کہا ہے کہ چیئرمین اور ڈپٹی

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت عوام کو روزگار دینے کی بجائے ان سے روزگار چھین رہی ہے، نصر الدین اچکزئی

جس کی وجہ سے لاکھوں گھرانے دو وقت کی روٹی کے محتاج ہوچکے ہیں، کلیم اللہ اچکزئی

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران آل بلوچستان کے صدر نصر الدین اچکزئی کی صدارت میں جمعرات کو ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں کلیم

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

الیکشن کمیشن میں رکن قومی اسمبلی شیخ روحیل اصغر کے خلاف نااہلی کی درخواست دائر کردی گئی

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن میں رکن قومی اسمبلی شیخ روحیل اصغر کے خلاف نااہلی کی

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سینیٹ اجلاس کی صدارت جی ڈی اے کے سینیٹر مظفر حسین شاہ کریں گے

صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے سینیٹ اجلاس کے لیے پریزائڈنگ افسر کی منظوری دے دی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے انتخاب کے لیے ہونے والے اجلاس کی صدارت گرینڈ ڈیموکریٹک الائنس (جی

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مستونگ کے تاجر عدم تحفظ کا شکار ہورہے ہیں، ڈاکٹر محمد اشرف سرپرہ

تاجروں کو کسی کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑ سکتے تاجروں کے حقوق اور انکے تحفظ کیلئے آواز اٹھاتے رہیں گے

مستونگ (این این آئی) انجمن تاجران بازار یونین کے سینئر رہنماء وسابق جنرل سیکرٹری ڈاکٹر محمد اشرف سرپرہ، حاجی محمد یوسف علیزئی عبدالمالک رند حاجی

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال کی جانب سے عصرانہ میں چیئرمین سینٹ، وفاقی وصوبائی وزراء سینیٹرز وارا کین اسمبلی شریک ہیں

این ایف سی ایوارڈ کی طرز پر پی ایف سی ایوارڈ کا اجراء کیا جائے، مصطفیٰ کمال

پاک سرزمین پارٹی وہ واحد سیاسی جماعت ہے جو کراچی کے مسائل کا حل پیش کررہی ہے، چیئرمین پی ایس پی

وفاقی حکومت این ایف سی کو پی ایف سے کیساتھ لازم وملزوم قرار دینے کے علاوہ تواتر سے بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں

کوئٹہ (این این آئی) پاک سرزمین پارٹی کے چیئرمین سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ گذشتہ 72 سال سے مسند اقتدار پر براجمان حکمرانوں نے بلوچستان کے ساتھ بدترین سیاسی اور معاشی کھلواڑ کیا ہے، جس کے نتیجے میں صوبہ اور اس کے عوام تعلیمی، طبی اور معاشی پسماندگی کیساتھ ساتھ بدامنی اور لاقانونیت کے دلدل میں دھنستے چلے گئے۔ جدید دور میں بنیادی سہولیات سے محروم بلوچستان سمیت پاکستان کے تمام صوبوں کے ہر علاقے کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے پاک سرزمین پارٹی وسیع پیمانے پر آئینی اصلاحات کا مطالبہ کرتی ہے۔

بقیہ 14 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

دالبندین سمیت ضلع بھر میں میڈیکل اسٹورز اور نجی کلینکس کی بھرمار

میڈیکل اسٹورز کے ادویات اور چلانے والوں کی لائسنس کون چیک کریگا، عوامی حلقے

چاغی (این این آئی) دالبندین سمیت ضلع بھر میں میڈیکل اسٹورز اور نجی کلینکس کی بھرمار میڈیکل اسٹورز کے ادویات اور چلانے والوں کی لائسنس کون چیک کریگا ڈرگ انسپکٹر خوردبین میں بھی نظر نہیں آتے ہے کونسا میڈیکل اسٹورز، اور کلینک

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بقیہ 1

مظاہرین نے پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر نعرے درج تھے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے اپنے دور اقتدار میں مسیحی قوم کو گھروں کی فراہمی کیلئے کلی کوتوال میں بے نظیر ہاؤسنگ اسکیم شروع کی اب لینڈ مافیا سے تعلق رکھنے والے افراد نے پولیس اور ضلعی انتظامیہ کی سرپرستی میں رات کی تاریکی میں مسیحی قوم کی زمین پر قبضہ کرنے کی کوشش کی اور ہاؤسنگ اسکیم کی 15 سال پہلے تعمیر کی گئی چاردیواری اور ایک غریب خاتون کے گھر کو مسمار کردیا جس کی ہم مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ غیر سنجیدہ صوبائی حکومت اقلیتوں کو تحفظ دینے میں ناکام ہوچکی ہے حکومت کی سرپرستی میں غریب مسیحی عوام کی زمینوں پر قبضہ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر پولیس نے فوری طور پر لینڈ مافیا کے خلاف کارروائی عمل میں نہ لائی اور مسیحی عوام کو تحفظ دینے کیلئے اقدامات نہ اٹھائے تو پاکستان پیپلز پارٹی اپنے مسیحی عوام کے ساتھ ملکر موجودہ حکمرانوں کے خلاف سخت احتجاج پر مجبور ہوگی۔

بقیہ 2

سسٹم کی کارکردگی اور دیگر امور زیر بحث لائے گئے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل لسبیلہ فرحان سلیمان رونجھو نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ محکمہ تعلیم اور تعلیم پر کام کرنے والی این جی اوز کے ساتھ ملکر تعلیم کی بہتری پر کام کر رہی ہے تعلیم کو بہتر اور اسکولوں میں معیاری تعلیم کے فروغ کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے سالانہ امتحانات کے بعد تعلیمی سال شروع ہوجائے گا جس میں زیادہ سے زیادہ بچوں کو اسکول میں داخل کرانے کیلئے اقدامات کیے جائیں اور اس حوالے سے داخلہ مہم واک کا بھی انتظام کیا جائے جس میں والدین کو داخلہ مہم کے متعلق آگاہی دی جائے

بقیہ 3

سیٹ چھین کر با آسانی فرار ہونے میں کامیاب ہوگ؟ واردات کے فوری اطلاع ملتے ہی پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ گئی انتظامیہ نے علاقے کو گھیرے میں لیکر تفتیش کا آغاز کردیا۔ واضح رہے کہ تاجروں کو لوٹنے کا سلسلہ گزشتہ کچھ دنوں سے جاری ہے اس سے پہلے بھی دوکانداروں کو لوٹا گیا تاحال کوئی گرفتاری عمل میں نہیں لائی گئی۔ انجمن تاجران کا کہنا ہے کہ پولیس واقع کے بعد آکر صرف دلاسے دے کر چلی جاتی ہے لیکن کاروائی کرنے میں مکمل ناکام نظر آرہی ہے انہوں نے مزید کہا کہ پولیس دوکانداروں کو تحفظ دینے میں مکمل ناکام نظر آرہی ہے دوماہ میں چاردوکانداروں کو لوٹا گیا اور چور لاکھوں روپے کا قیمتی سامان بھی لے گ؟ انہوں نے ڈی آئی جی سی رینج اور آئی جی بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ ڈاکوؤں کو فوری گرفتار کیا جاے اور تاجران کو تحفظ دی جا؟ بصورت دیگر شٹرڈاؤن احتجاج کریں گے۔

بقیہ 4

دوسرے روز بھی جاری ہے جس میں صوفیانہ محفل۔ لنگرنی سبیل اللہ کا بھی اہتمام کیا گیا ہے جبکہ عرس میں میں سندھ بلوچستان سمیت ملک بھر سے ہزاروں کی تعداد میں مریدین اور عقیدت مندان شرکت کرنے کے لیے پہنچنا شروع ہوچکے ہیں جبکہ درگاہ کے سیکورٹی انچارج سید صفدر اکبر شاہ سید آصف علی شاہ۔ سید حفیظ اللہ شاہ و دیگر موجود ہیں سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں جس میں ڈی ایس پی گنداواہ سبحان علی مگسی ایس ایچ او گنداواہ سٹی جنگی خان میر جت بلوچ اسپیشل برانچ گنداواہ کے انچارج غلام فاروق ساسولی محمد خیر جان مگسی، سی ٹی ڈی، سی آئی اے گنداواہ لیویز فورس اور ایف سی و دیگرز فورس اور رضا کارانہ طور پر بھی سالانہ عرس مبارک کے موقع پر موجود تھے جبکہ چاروں طرف سے واک گیٹ نصب کیے گئے ہیں ہر زائرین کو چیک کرکے درگاہ فتح پور کے اندر اجازت دی جاتی ہے درگاہ کے اندر سرچنگ سوئپنگ کرکے زائرین کو اندر داخل کیا جارہا ہے سالانہ عرس مبارک کے موقع پر چھوٹے چھوٹے اسٹالز بھی لگائے گئے ہیں جن میں مٹھائی بچوں کیلئے کھلونے کے دوکان بھی لگائے گئے ہیں

بقیہ 5

وارداتوں میں ملوث عناصر گرفتار نہیں ہوسکے اور نہ ہی تاجروں کا کوئی پرساں حال ہے۔ تاجر اپنے تحفظ اور وارداتوں میں ملوث عناصر کے خلاف کاروائی کرنے کیلئے جائے تو کس کے پاس جائے۔ انھوں نے کہا کہ گزشتہ دنوں مستونگ شہر میں متعدد دکانوں میں چوری و ڈکیتی اور دکانوں کو جلائیجانے کے وارداتوں کے خلاف مستونگ کے تاجر سراپا احتجاج ہے اور اپنے تحفظ اور ملوث عناصر کے گرفتاری کیلئے شٹر ڈاون واحتجاج کیا مگر احتجاج کے باوجود کسی نے نہ نوٹس لیا اور نہ ہی ملوث عناصر گرفتار ہوسکے جس سے تاجروں میں مزید سخت تشویش کی لہر دوڑ گئی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ شہر میں میونسپل کمیٹی کی جانب سے صفائی کا نظام بہتر بنانے شہر کے خراب اسٹریٹ لائٹس بحال کرنے اور آوارہ کتوں کو تلف کرنے کیلئے کسی قسم کے اقدامات نہیں اٹھارہیں۔ جس سے مستونگ کے دکاندار سخت پریشانی اور مشکلات کا شکار ہیں۔ انھوں نے کہا کہ تاجر برادری اپنا غرہی کا کاروبار کریں یا اپنے حق وحقوق کیلئے احتجاج کرتے جائے۔ انھوں نے اعلی حکام سے مطالبہ کیا کہ خدارا مستونگ کے تاجروں کے مسائل حل کیئے جائے۔

بقیہ 6

گورنمنٹ بلوچستان احمد رضا نے سبی شہر کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران سبی ڈویژن لوکل گورنمنٹ آفیسران بھی انکے ہمراہ تھے۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ نے ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیتے ہوئے اسکیمات میں ناقص میٹریل اور ناقص کارکردگی پر برہمی کا اظہار کیا۔ ناقص میٹریل استعمال ہونے والی اسکیمات میں انکوائری کے احکامات بھی دیے۔ میڈیا سے گفتگو میں سیکٹری لوکل گورنمنٹ نے کہا ہے کہ ترقیاتی اسکیموں میں غفلت کسی صورت برداشت نہیں کی جا؟ گی۔ صحافیوں کے سوالات کے جواب میں سیکٹری لوکل گورنمنٹ نے کہا کہ کچھ کام میرے علم میں لائے بغیر کیے گئے جن کی تحقیقات کروں گا کہ وہ کام بغیر ٹینڈر کیسے ہورہے ہیں۔ ریسٹ ہاؤس لوکل گورنمنٹ کی نئی بلڈنگ میں کافی سامان کم ہے اور پی سی ون کے مطابق کام نہیں کیا گیا اس بارے میں بھی تحقیقات جاری ہے انہوں نے کہا کہ ترقیاتی کام میں کرپشن کسی صورت برداشت نہیں کی جا؟ گی اگر ٹھیکیدار کو کام نہیں کرنا ہے تو ٹینڈرز میں بھی حصہ نہ لے تمام ٹینڈرز اوپن ہونگے اور ٹھیکیداروں سے پی سی ون کے مطابق کام لیا جاے گا میونسپل کمیٹی کی تنخواہوں اور روزانہ کام کرنے والوں کے سوال میں کہا کہ فنانس کو کافی بار لکھا ہے مگر فنانس ڈیپارٹمنٹ ہمیں پیسے نہیں دے رہا اور یہ صرف سبی نہیں بلکہ پورے بلوچستان کا مسئلہ ہے جیسے ہی فنانس سے پیسے ملیں گے ہم فوری طور پر تمام میونسپل کمیٹی کے ملازمین کو ادائیگی کریں گے۔

بقیہ 7

محبوب قمبرانی، پروفیسر نائلہ احسان، پروفیسر عائشہ صدیقہ، پروفیسر سائرہ عنایت، آر ایم او ڈاکٹر حفیظ سیال، ایڈمن آفیسر قادر ساتکزئی، اسسٹنٹ اکاؤنٹ آفیسر محمد خیر اور ایس ڈی او عبدالسلام موجود تھے۔ سیکرٹری صحت بلوچستان نے ہائی کورٹ بلوچستان کے کیس نمبر 767 کے فیصلے کی روشنی سول ہسپتال کوئٹہ کے شعبہ جات کی منتقلی کے عمل کا جائزہ لیا تاکہ معزز عدالت کی دیئے گئے فیصلے پر فوری طور پر عملدرآمد کیا جاسکے اس سلسلے میں سیکرٹری صحت اور ایم ایس سول ہسپتال نے شعبہ ریڈیالوجی، شعبہ جلد اور شعبہ گائنی کے سربراہان سے ملاقات کی۔ سیکرٹری صحت بلوچستان نورالحق بلوچ نے ایس ڈی او کو ہدایت کی کہ وہ گائنی کمپلیکس کی تعمیر جلد مکمل کرے تاکہ شعبہ گائنی کو نئی عمارت میں منتقل کیا جاسکے۔ دریں اثناء سول ہسپتال کوئٹہ میں یو این ایف پی اے کے تعاون سے ایم این سی ایچ نے "Provincial TOT on Long Actin Oral Contraceptive" پر ہیلتھ کیئرورکرز کیلئے ورکشاپ کا انعقاد کیا جس کی صدارت سیکرٹری صحت نورالحق بلوچ نے کی ورکشاپ میں ماسٹر ٹرینرز کو ٹریننگ دی گئی تاکہ وہ ڈسٹرکٹس میں جا کر دیگر ہیلتھ کیئر ورکرز کو ٹریننگ دے سکیں۔

بقیہ 8

مسائل کا فوری حل کیا جائے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سید امین الحق نے بتایا کہ حکومت کیا تحادی ہیں حکومت کی حمایت کرتے ہیں، حکومت سے کچھ مانگ نہیں رہے ایک ہی مطالبہ ہے کہ کراچی اور حیدرآباد کے شہریوں کیمسائل ترجیحی بنیاد پر حل کیے جائیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت نے آئی ٹی وٹیلیکام شعبے کے مسائل حل کرنے کیلئے متعدد اقدامات کیے ہیں، ٹیلیکام پر ٹیکس کو کم کیا ہے سوفٹ ویئر برآمدات میں اضافہ ہوا ہے۔ وفاقی وزیر کا نے کہا کہ آئندہ ماہ اسلام آباد میں آئی ٹی پارک کا سنگ بنیاد رکھ دیا جائیگا، آئندہ تین سالوں میں آئی ٹی برآمدات کو پانچ ارب ڈالر سالانہ کی سطح پر لیجایا جائیگا

بقیہ 9

شریف جمالی ودیگر بھی شامل تھے اس موقع تحصیلدار جناب ظہیر احمد زہری نے کہا کہ بھاگ میں امن کا قیام میری اولین ترجیحات میں شامل ہے علاقائی مسائل کو حل کرنے کیلئے دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جائیگا عوام کو سہولیات کی فراہمی میں ہرممکن اقدامات اٹھائے جائینگے بھاگ بی ایریا میں لا اینڈ آڈر کے بارے میں کسی سے کوئی سمجھوتہ نہیں کرینگے کیونکہ امن ہماری پہلی ترجیح ہے امن ہوگا تو عوام چین کی زندگی بسر کرسکیں گے اور روز مرہ معمولات بھی پرامن طریقے سے حل ہوتے رہیں گے قیام امن کی بحالی میں عوام کی مدد درکار ہوگی انتظامیہ کے ساتھ عوامی تعاون سے ہی جرائم کا خاتمہ ممکن ہوسکتا ہے اور عوامی تعلق سے ہی رابطہ کاری کو موثر بناتے ہوئے علاقائی مسائل کو حل کیا جائیگا

بقیہ 10

ایک ایک ووٹ کی بہت اہمیت ہے، حکومتی واتحادی نومنتخب سینیٹرز ووٹ کی اہمیت کو سمجھیں۔ انہوں نے کہا کہ انشاء اللہ سینیٹ کا معرکہ ہم جیتیں گے

بقیہ 11

بھی شدید متاثر ہیں علاقے ایک گنجان آباد ہے پانی کی سطح انتہائی نیچے جاچکی ہے سطح پانی کے چلے جانے کی وجہ سے کنواں کے نظام گزشتہ کئی سالوں سے ختم ہوئی ہے اب لوگوں کا ذریعہ لوکل بور ہے جو بغیر بجلی پانی کی حصول ناممکن ہے عوامی حلقے کا کہنا ہے کہ کلگ کے ٹرانسفارمر کو جلے ہوئے 191 دن مکمل ہوچکی ہے ادارے کے کانوں میں جوں تک نہیں رینگتی ہے انہوں نے کہا ہے کہ علاقے کے تمام لوگوں کا تعلق مزدوری دہاڑی دار طبقے سے تعلق رکھتے ہیں ہر ماہ محکمہ واپڈا کے بل دہندہ ہیں لیکن افسوس ادارے کو کچھ خبر تک نہیں ہے انہوں نے کہا ہے کہ ریکوری کے نام پر انہیں جلد علاقے یاد آتا ہے لیکن چھ ماہ سے ٹرانسفارمر جل گیا ہے لیکن انہیں خبر تک نہیں ہے انہوں نے صوبائی وزیر سماجی بہبود میر اسد اللہ بلوچ سے اپیل کی ہے کہ کلگ کا 80 فیصد کا تعلق بی این پی عوامی سے لیکن بجلی سے محروم ہے۔

بقیہ 12

جمعیت علماء اسلام مغربی ایجنڈے کو کسی صورت پورا نہیں ہونے دے گی ان خیالات کا اظہار انہوں مدرسہ مدینۃ العلوم کے تحت سالانہ تحفظ ختم نبوت منعقدہ جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا جلسے سے بھاگ کے معروف خطیب وفاق المدارس کے مسئول مفتی کفایت اللہ مفتی سید ارشاد احمد شاہ جے یو آئی صوبائی رہنما میر نظام الدین لہڑی ضلع کچھی کے امیر سید ارشد شاہ مولانا محمد یعقوب کھوسہ مولانا غلام سرور ندیم مولانا عبدالسلام مفتی قدر اللہ حفیظ مولانا کریم داد و دیگر سندھ بلوچستان کے علماء نے خطاب کیا مقررین نے خطاب کرتے ہوئے مزید کہا کہ ختم نبوت کا تحفظ ہمارے ایمان کا حصہ ہے اس کیلیے جمعیت کے کارکن کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے ختم نبوت کے تحفظ کیلیے جان قربان کرنا اپنی سعادت سمجھتے ہیں حکومت بیرونی آقاوں کی خوشنودی کیلئے ختم نبوت اور مدارس کیخلاف ہونے والی سازشیں کامیاب نہیں ہونے دینگے مدارس کی خودمختاری سلب کرنے کی کسی کو بھی دی جائے گی مقررین نے کہا کہ مدارس کی خدمات سے انکار نہیں کیا جاسکتا مدارس سے تعلق رکھنے والوں نے ہر دور میں وطن عزیز کی نظریاتی سرحدات کی حفاظت کیلئے کردار ادا کیا ہے۔

بقیہ 13

گذشتہ مہینے کی ترسیلات کے برابر ہے جبکہ فروری 2020ء کے مقابلے میں یہ 24.2 فیصد زائد ہے۔ جولائی تا فروری مالی سال 21ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات 18.7 ارب ڈالر تک جا پہنچیں جو گذشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 24.1 فیصد زائد ہے۔ جولائی تا فروری مالی سال 21ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کا بڑا حصہ سعودی عرب (5.0 ارب ڈالر)، متحدہ عرب امارات (3.9 ارب ڈالر)، برطانیہ (2.5 ارب ڈالر) اور امریکہ (1.6 ارب ڈالر) سے موصول ہوا۔ کارکنوں کی ترسیلات زر میں اس متواتر اضافے میں جن چیزوں نے مدد دی ان میں باضابطہ ذرائع سے رقوم کی آمد کی حوصلہ افزائی کی خاطر حکومت اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے کیے گئے پالیسی اقدامات، کورونا کی وبا کے باعث سرحد پار سفر کا محدود ہونا، وبا کے دوران طبی اخراجات اور بہبودی رقوم کی پاکستان کو منتقلی، اور بازار مبادلہ میں استحکام کی صورت حال شامل ہیں۔

بقیہ 14

پیپلز پارٹی مستقبل میں شہری سندھ کے معاملے پر سنجیدہ نظر آئی تو اس کے ساتھ سندھ کی سطح پر بات کی جاسکتی ہے۔ اس سے قبل ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما فیصل سبزواری کا کہنا تھا کہ یوسف رضا گیلانی نے بھی ووٹ مانگا ہے، ایم کیو ایم فیصلہ کرے گی کسے ووٹ دینا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل سبزواری نے کہا کہ 3 اگست 2018 سے ہمارے مطالبات حکومت کے پاس ہیں، لوکل گورنمنٹ اور مردم شماری سمیت کئی مطالبے پورے ہونا باقی ہیں۔ فیصل سبزواری نے کہا کہ ایم کیو ایم نے سنجیدگی سے ڈپٹی چیئرمین شپ نہیں مانگی، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے نام پر تاحال اتفاق نہیں ہوا۔ رہنما ایم کیو ایم نے کہا کہ خالد مقبول صدیقی نے خواہش کا اظہار کیا تھا کہ ڈپٹی چیئرمین ایم کیو ایم سے ہو، خالد مقبول صدیقی سے ڈپٹی چیئرمین کے نام پر مشاورت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ جمعہ کو نومنتخب اراکین حلف لیں گے وزیراعظم نے سب کو مبارک باد دی، وزیراعظم سے شہری سندھ کو درپیش مسائل پر بھی بات ہوئی۔

بقیہ 15

پائیڈ روپاور سٹیشن لگانے کی منظوری دی گئی، سوات موٹروے فیز2 کی تعمیر کیلئے زمین کی خریداری کا منصوبہ منظور کرلیا گیا، سیالکوٹ سے کھاریاں تک موٹروے تعمیر کا منصوبہ منظور کرلیا گیا، خیبرپختونخواہ ہیومن کیپیٹل انویسٹمنٹ پراجیکٹ کی بھی منظوری دی گئی، شکارپور سے راجن پور انڈس ہائی وے پر اضافی لائن تعمیر کرنے کی منظوری دی گئی۔

بقیہ 16

سمیت تمام ایمرجنسی اقدامات کئے جائیں، ایس او پیز پر بھی سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ خط میں کہا گیا کہ ماسک کا استعمال، سماجی فاصلوں کا خیال، ہاتھوں کی صفائی، اسکریننگ کاونٹرز اور تھرمل اسکریننگ لازم ہے۔

بقیہ 17

دیدی۔ درخواست گزار کے مطابق راجہ بشارت نے کاغذات نامزدگی کیساتھ جھوٹا بیان حلفی دیا۔ ممبر پنجاب الطاف قریشی نے کہا کہ آپ کو تین سال بعد یاد آیا کہ بیان حلفی جھوٹا ہے۔ بعد ازاں درخواست خارج کردی گئی

بقیہ 18

والے 2 اراکین سندھ اسمبلی کیخلاف فیصلہ کن قدم اٹھا لیا، پی ایس ون جیکب آباد-1 سے اسلم ابڑو اور پی ایس-18 / گھوٹکی-1 سے شہریار خان شر کو پارٹی سے نکالنے کا حکمنامہ جاری کردیا گیا، سندھ سے تعلق رکھنے والی دونوں اراکین صوبائی اسمبلی کی بنیادی جماعتی رکنیت ختم کردی گئی، تحریک انصاف کی قائمہ کمیٹی برائے نظم و احتساب غربی سندھ، کراچی نے متفقہ فیصلہ جاری کردیا، تحریک انصاف کی قیادت کو دونوں اراکین کیخلاف الیکشن کمیشن آف پاکستان سے رجوع کی بھی سفارش کی گئی۔ تحریک انصاف کے مطابق سینٹ انتخابات کے دوران اسلم ابڑو اور شہریار شر نے جماعتی احکامات سے روگردانی کی، دونوں اراکین سندھ اسمبلی کو اپنی صفائی پیش کرنے کا موقع دیا گیا، واضح اور حتمی شواہد کی پڑتال اور ملزمان کی جانب سے صفائی پیش نہ کئے جانے پر معاملہ نمٹارہے ہیں، اسلم ابڑو اور شہریار شر کی بنیادی رکنیت ختم کرکے دونوں کو فوری جماعت سے نکالا جائے، الیکشن کمیشن سے رجوع کرکے دونوں اراکین سندھ اسمبلی سے اسمبلی رکنیت بھی واپس لی جائے، ملزمان قائمہ کمیٹی برائے نظم و احتساب غربی سندھ، کراچی کے اس فیصلے کیخلاف مرکزی سکیڈ کے روبرو 7 یوم میں اپیل دائر کرنے کے مجاز ہیں

بقیہ 19

سیاست کررہی ہے، یہ ختم ہوکر دم لے گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ رشید نے کہا کہ جمعہ کو بھی چیئرمین سینیٹ کے انتخاب میں سیکرٹ ووٹ ہے۔ شیخ رشید نے کہا کہ سنجرانی نام ہے بلوچستان کے مستقبل اور پاکستان کی سیاست میں بلوچستان کے شیر کا، اللہ سے امید ہے سنجرانی ہی جیتے گا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ پی ٹی آئی کور کمیٹی میں وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار پر سب نے اعتماد کا اظہار کیا، کور کمیٹی کے ارکان نے پنجاب میں ترقیاتی کاموں کو تیز کرنے پر زور دیا، میں نے خاص طور پر نالہ لئی کا کام جلد شروع کرنے کا ذکر کیا۔ شیخ رشید نے کہا کہ اللہ سے امید رکھتا ہوں سنجرانی جیتے اور عمران خان کو عزت دے، پی ڈی ایم کی سیاست صرف عمران خان کے خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کا آپس میں کوئی اتفاق اور اتحاد نہیں ہے، پی ڈی ایم صرف نفرت کی سیاست کررہی ہے، یہ ختم ہوکر دم لے گی۔ شیخ رشید نے کہا کہ ہم عمران خان کے ساتھ کھڑے ہیں، ہم عمران خان کی عزت، حکمرانی اور سیاست کے ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ 20

کے ذریعے حل کرنے کی کوشش احمقانہ ہے جسکی وجہ سے بلوچستان میں احساس محرومی میں شدید اضافہ ہوا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کے عوام کے بلوچستان کے وسائل پر حق کو تسلیم کئے بغیر بلوچستان کے عوام کے احساس محرومی کو ختم نہیں کیا جاسکتا۔ بلوچ قوم کو پچھلے 70 سالوں سے پسماندگی کی جانب دھکیلا گیا۔ پسماندگی کے خلاف بلوچ قوم کی آواز بلند کرنے کو غداری سے تعبیر دیکر ظلم و زیادتیوں کی تاریخ رقم کی۔ اب وفاق سنجیدگی کا مظاہرہ کرکے بلوچستان سے متعلق اپنے طرز فکر میں تبدیلی لائے۔ انھوں نے مزید کہا ہے کہ بی ایس او پجار بلوچ سماج میں ایک جز کی حیثیت سے نوجوانوں میں علم و فکر اور شعور کی آبیاری کرتے ہوئے موجودہ کٹھن حالات میں پرامن سیاسی جدوجہد کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔

بقیہ 21

ملازمین بیار پڑھ گئے ہیں حکام بالا نے ہم سے ابھی تک کوئی رابطہ نہیں کیا جو کہ قابل مذمت ہے انہوں نے کہا کہ اگر حکومت وقت نے ہمیں نہ سنا تو ہم اپنا احتجاج سخت سے سخت کریں گے ہم وزیر اعلیٰ بلوچستان، اسپیکر بلوچستان اسمبلی، چیف سیکرٹری بلوچستان، سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو، صوبائی وزیر سی اینڈ ڈبلیو سمیت دیگر اعلیٰ حکام سے دردمندانہ اپیل کرتے ہیں کہ ہمیں بلوچستان کا باسی سمجھ کر بحال کیا جائے۔

بقیہ 22

حوالے سے ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اجلاس میں فارسٹ آفیسر عطاء الرحمن محکمہ زراعت کے آفسران اور زمینداروں نے شرکت کی اس موقع پر فارسٹ آفیسر عطاء الرحمن نے ٹی بی ٹی ٹی پی منصوبے کے حوالے سے وزیراعظم پاکستان کے منصوبے کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر لورالائی کو تفصیلی بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) فیاض علی نے محکمہ زراعت اور جنگلات کے افسران کو ہدایت کی وہ جنگی بنیادوں پر کام کرتے ہوئے کام کرتے درخت لگانے کا ٹارگٹ پورا کریں کیونکہ درخت جتنے زیادہ ہونگے علاقے کی آب و ہوا اتنی ہی صاف و شفاف ہوگی قدرت نے جوادصاف رکھے ہیں ان کی بدولت یہ فضائی آلودگی کم کرنے میں اہم کردار کرتے چلے آرہے ہیں صحت مند ماحول کیلئے درخت کی اہمیت بڑھتی چلی آرہی ہے آج درختوں کی اہمیت کے پیش نظر دنیا بھر میں درختوں اور پودے لگانے کی مہم چلائی جاتی ہیں انہوں نے کہا کہ عوام اور محکمہ جنگلات کے حکام کو اس مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا ہوگا اور زیادہ سے زیادہ درخت لگا کر ایک باشعور شہری ہونے کا ثبوت دینا ہوگا اور محکمہ جنگلات کے اہلکاروں کو چاہیے کہ وہ درخت لگانے کے ساتھ ساتھ ان کی دیکھ بھال کو بھی اولین ترجیح دی جائے تاکہ پودے تناور درخت بن سکیں جس سے علاقے کے عوام بھرپور فائدہ اٹھاسکیں ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) فیاض علی نے کہا کہ پاکستان میں بڑھتی ہوئی ماحولیاتی آلودگی کو کنٹرول کرنے کیلئے جنگلات اہمیت اختیار کررہے ہیں اس لئے ہمیں اپنے مستقبل کی خاطر شجرکاری کی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا ہوگا۔

بقیہ 23

اپنے گھر جارہا تھا راستے میں پھوڑ محلہ کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر اس سے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہوگئے۔ مزید کاروائی بھاگ پولیس کررہی ہے۔

...

ذوالفقار احمد قریشی اور پاک فضائیہ کے دیگر اعلی حکام نے ان کا استقبال کیا۔ وائس ایئر مارشل عامر

ہوئے کہا کہ عالم کفر سے ہماری دینی غیرت اور اسلام اور مسلمان سے محبت برداشت نہیں ہوتی۔

NOTICE INVITING TENDER

The Government of Balochistan, Religious Affairs Department Quetta invites sealed bids/ proposals from well reputed registered Testing Agencies to conduct tests for recruitment of regular posts of Pesh Imam (BPS-14) & Mauzzin (BPS-06), Bid Security 2% and Tender fee Rs.1000/- for each work.

S.#	Name of Job	No. of Posts	
1.	Haring of Testing Services /Agencies to Conduct Screening Test for Recruitment of regular posts of Pesh Imam (BPS-14) & Mauzzin (BPS-06)	Pesh Imam	33
		Mauzzin	54
		Total	87

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. ***Eligibility of Bidders:*** (a) Registration with SECP, BRA, FBR and ISO. (b) The bidder must have completed thirty assignments of similar nature of work in last 3 years. (c) Turnover of at least PKR 5.00Million annually in last three years and last three years audit report showing financial capacity of the firm. (d) The firm not blacklist from any public and private sector. ***Bid Security:*** The bids must accompany Bid Security in the form of Call Deposit or Bank Guarantee of amount specified above in the name of Additional Secretary, Religious Affairs Department, Government of Balochistan, Quetta from a scheduled bank. ***Tender Documents:*** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed upon payment of Rs.1000/- (non refundable) bidding document fees in cash. (The NIT & Bidding Document can also be downloaded from www.bppra.org.pk under ***TSE No. 182732.Issuance of tender Documents:*** From the date of publication of NIT to **25/03/2021,** during office hours on working days. Last Date of bid submission: The Tenders must be submitted latest by **26/03/2021** till 12:00noon to office of the undersigned. ***Tender opening:*** All tenders will be opened on same day at the office of the Additional Secretary, Religious Affairs Department, Government of Balochistan Quetta at 01:00PM. Address: (ROOM NO. 15, 2ND FLOOR, BLOCK NO. 4, CIVIL SECRETARIAT QUETTA). Phone no. * 0819201080 Fax no. 0819201850 Email: Religiousaffairs.gob@gmail.com. Ph No.081-9203099

PRQ NO.2541/10-03-2021

Section Officer (Auqaf)

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

روزنامہ امروز کوئٹہ

روزنامہ امروز کوئٹہ بروز جمعہ 12 مارچ 2021ء

اسرائیلی وزیراعظم کا آج کے روز ایک بار پھر دورہ منسوخ ہوگیا

اسرائیلی حکومت نے نئے کورونا وائرس کی روک تھام کے لیے گذشتہ ماہ اپنے ایئرپورٹ کو فضائی آمدورفت کے لیے بند کردیا تھا، بنجمن نیتن یاہو کی اہلیہ کی بیماری کی وجہ سے یہ دورہ روانگی سے چند گھنٹے پہلے ملتوی کیا گیا

اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو تاریخ کے پہلے اسرائیلی وزیراعظم ہوں گے جو متحدہ عرب امارات کا سرکاری دورہ کریں گے، امارات اور اسرائیل میں معاہدہ ابراہیم طے پانے کے بعد دونوں ممالک میں انتہائی خوشگوار تعلقات پیدا ہوگئے ہیں

ابوظہبی (آن لائن) اسرائیل کے وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو کا متحدہ عرب امارات کا پہلا دورہ ایک بار پھر منسوخ ہوگیا ہے۔ اسرائیلی وزیراعظم نے آج کے روز ابوظہبی پہنچنا تھا، جہاں انہوں نے ابوظہبی کے ولی عہد اور اماراتی مسلح افواج کے سپریم کمانڈر شیخ محمد بن زاید النہیان سے ملاقات کرنا تھی۔ تاہم یہ تیسرا موقع ہے جب ان کا امارات کا پہلا تاریخی دورہ ملتوی ہوا ہے۔ پہلے دو مواقع پر نیتن یاہو کا شیڈول دورہ مقررہ وقت سے ایک دو روز قبل ملتوی کیا جاتا تھا۔ تاہم اس بار ان کا یہ دورہ ملاقات سے چند گھنٹے پہلے ملتوی ہوا ہے۔ کیونکہ انہیں آج کے روز ہی امارات پہنچنا تھا۔ بین الاقوامی میڈیا کا کہنا ہے کہ اس دورے کے عین وقت پر ملتوی ہونے کی وجہ اسرائیلی وزیراعظم کی اہلیہ کی بیماری ہے۔ ان کی حالت مزید خراب ہونے کے باعث نیتن یاہو نے اپنا دورہ منسوخ کردیا ہے۔ دورے کی اگلی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ ان کے اس دورے کے حوالے سے بتایا گیا تھا کہ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو تاریخ کے پہلے اسرائیلی وزیراعظم ہوں

بقیہ 3 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

جرمنی میں سرکاری ملازم کو مصر کے لیے جاسوسی کرنے پر سزا

برلن (این این آئی) جرمنی میں سرکاری ملازم کو مصر کے لیے جاسوسی کرنے پر سزا سنادی گئی، مذکورہ شخص نے جرمن چانسلر کے دفتر میں کام کے دوران مصری خفیہ ایجنسی کے لیے جاسوسی کرنے کا اعتراف کیا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جرمنی میں ایک سرکاری وکیل نے بتایا کہ برلن کی ایک عدالت نے ایک مصری نژاد جرمن شہری کو چانسلر میرکل کے دفتر میں کام کرنے کے دوران مصر کے لیے جاسوسی کرنے کا قصوروار ٹھہرایا ہے۔ مصری نژاد 66 سالہ جرمن شہری امین سن 1999 سے ہی برلن میں محکمہ پریس کے وفاقی ادارے میں کام کرتے تھے۔

بقیہ 1 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

افغانستان میں بارہ برس سے زیادہ عمر کی لڑکیوں پر گانے کی پابندی

مرد ٹیچروں کو اسکول میں پڑھنے والی لڑکیوں کو گانے کی تربیت دینے پر بھی پابندی عائد، صدارتی فرمان جاری

بارہ برس سے زیادہ عمر کی لڑکیوں کو صرف ایسی تقریبات میں گانے کی اجازت ہوگی جہاں صرف اور صرف خواتین موجود ہوں

کابل (این این آئی) افغانستان کی حکومت نے ایک فرمان جاری کر کے کہا ہے کہ لڑکیوں کو صرف خواتین کی موجودگی والی تقریبات میں ہی گانے کی اجازت ہوگی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق افغانستان کی حکومت کی جانب سے جاری کیے گئے ایک فرمان میں کہا کہ لڑکیوں کو صرف خواتین کی موجودگی والی تقریبات میں ہی گانے کی اجازت ہوگی۔ اس پابندی کی سوشل میڈیا پر سخت مخالفت ہو رہی ہے اور بعض افراد اسے طالبان کی پالیسیوں کے عین مطابق قرار دے رہے ہیں۔ اس فیصلے کے بعد مرد ٹیچروں کو اسکول میں پڑھنے والی لڑکیوں کو گانے کی

بقیہ 2 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

رائے ونڈ، بھیچو کی ماہجہ پھاٹک پر الٹنے والی مسافر بس جس کے نتیجہ میں دس مسافر زخمی ہوگئے

برازیل میں ہلاک قرار دیا گیا پائلٹ 36 روز بعد زندہ مل گیا

جہاز خراب ہونے کے بعد پائلٹ نے چھلانگ لگا کر اپنی جان بچائی اور جنگلات میں بحفاظت اتر گیا تھا، رپورٹ

برازیل میں طیارے کو حادثے کے بعد پائلٹ کی تلاش کے لیے کئی روز تک آپریشن کیا گیا لیکن کوئی کامیابی نہ ملنے پر پائلٹ کو ہلاک قرار دے دیا گیا تھا

رازیلیا (آن لائن) برازیل میں حادثے کا شکار ہونے والے طیارے کا پائلٹ 36 روز بعد زندہ مل گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق رواں سال جنوری میں برازیل کے جنگلات میں ایک انجن والا طیارہ سیسنا 210 پرواز کے دوران فنی خرابی کے باعث گر کر تباہ ہوگیا تھا۔ ریسکیو ٹیموں نے طیارے کا ملبہ تو تلاش کرلیا تھا لیکن پائلٹ کو کچھ معلوم نہیں ہوسکا تھا۔ حادثے کے 36 روز بعد جنگلات میں پائلٹ کا معلوم ہوا تو اسے فوری ہیلی کاپٹر کے ذریعے ریسکیو کرلیا گیا۔ خوش قسمت پائلٹ ایتھونی سینا نے حادثے کی تفصیلات بتاتے

بقیہ 4 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

چین تائیوان پر حملہ کرسکتا ہے، امریکا کا انتباہ

مجھے خوف ہے کہ چین ایشیا میں امریکی فوجی طاقت پر اپنا قبضہ جمانا چاہتا ہے اور 2050 تک چین امریکا کی فوجی حکمرانی پر اپنا تسلط جمانا چاہتا ہے، اعلیٰ امریکی جنرل

چین کے عزائم سے پہلے تائیوان واضح طور پر ان کے نشانے پر ہے، خطے میں چین کی بڑھتی ہوئی فوجی طاقت امریکا کے لیے غیر موزوں صورتحال پیدا کر رہی ہے اور ہمارا مزاحمت کا عنصر بھی کم ہو رہا ہے

واشنگٹن (آن لائن) امریکا کے اعلیٰ فوجی افسر نے خبردار کیا ہے کہ چین آئندہ 6 برسوں میں تائیوان پر چڑھائی کرسکتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی سینیٹ کی آرمڈ سروسز کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے ایشیا پیسیفک میں امریکا کے اعلیٰ فوجی افسر ایڈمرل فلپ ڈیوڈسن کا کہنا تھا کہ مجھے خوف ہے کہ چین ایشیا میں امریکی فوجی طاقت پر اپنا قبضہ جمانا چاہتا ہے اور 2050 تک چین امریکا کی فوجی حکمرانی پر اپنا تسلط جمانا چاہتا ہے۔ ایڈمرل فلپ ڈیوڈسن کا مزید کہنا تھا کہ چین کے عزائم سے پہلے تائیوان واضح طور پر ان کے نشانے پر ہے، میرا خیال ہے کہ آئندہ 6 برسوں میں چین تائیوان پر حملہ کرسکتا ہے۔ امریکی ایڈمرل کا کہنا تھا خطے میں چین کی بڑھتی ہوئی فوجی طاقت امریکا کے لیے غیر موزوں صورتحال پیدا کر رہی ہے اور ہمارا مزاحمت کا عنصر بھی کم ہو رہا ہے۔ خیال رہے کہ تائیوان 1949 کی خانہ جنگی کے بعد چین سے علیحدہ ہوگیا تھا اور تائیوان خود کو ایک

بقیہ 5 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور، پنجاب اسمبلی میں حزب اختلاف حمزہ شہباز اضطراب عدالت پیشی کے موقع پر ہاتھ ہلا کر کارکنوں کے نعروں کا جواب دے رہے ہیں

بھارت گاوی اتحاد کا رکن ہونے کے تحت پاکستان کو کووڈ ویکسین فراہم کریگا

ایک کروڑ ساٹھ لاکھ خوراکوں میں سے پہلی کھیپ مارچ جبکہ بقیہ جون تک اسلام آباد پہنچے گی، بھارتی عہدیدار

گاوی اتحاد دنیا بھر میں ہر ایک کو ویکسین فراہم کرنے کے لیے ایک عالمی اتحاد ہے اور ضرورت مند ملکوں کو مفت ویکسین فراہم کرتا ہے

نئی دہلی (این این آئی) بھارت پاکستان کو بھی اپنے یہاں تیار کردہ کووڈ ویکسین فراہم کرے گا۔ بھارت گاوی اتحاد کا رکن ہے۔ گاوی دنیا بھر میں ہر ایک کو ویکسین فراہم کرنے کے لیے ایک عالمی اتحاد ہے۔ بھارتی ٹی وی کے مطابق بھارت کے ایک سرکاری عہدیدار نے نام ظاہر نہیں کرنے کی شرط پر کہا کہ نئی دہلی، اسلام آباد کو ہر طرح کی انسانی امداد فراہم کرنے کے لیے تیار ہے اور پاکستان کو براہ راست کووڈ ویکسین سپلائی کرنے کے حوالے سے فیصلہ بھی جلد ہی کیا جائے گا۔ بھارت گاوی اتحاد کے ساتھ معاہدے کے تحت بھارت پاکستان کو بھی

بقیہ 6 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

پشین، مسلم لیگ (ن) ضلعی صدر سعد اللہ ترین پشین ڈسٹرکٹ جیل میں پودا لگا کر شجرکاری مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

یحییٰ السوار دوبارہ غزہ کی پٹی میں حماس کے صدر منتخب

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) اسلامی تحریک مزاحمت حماس کے پارٹی انتخابات میں ایک بار پھر یحییٰ السوار کو غزہ کی پٹی میں جماعت کا صدر منتخب کیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حماس کے ترجمان حازم قاسم نے ایک بیان میں کہا کہ السوار

بقیہ 16 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

یہودی آبادکاروں کے قبلہ اول پر اشتعال انگیزی دھاوے جاری

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) قابض صیہونی فوج اور پولیس کی فول پروف سیکیورٹی میں یہودی شرپسندوں کی مسجد اقصیٰ کی بے حرمتی کا سلسلہ جاری ہے۔ اسرائیلی فوج اور پولیس کی فول پروف سیکیورٹی میں درجنوں یہودی انتہا پسندوں نے مسجد اقصیٰ میں داخل کر مقدس مقام کی بے حرمتی کی۔ یہودی آباد کاروں کی قبلہ اول پر دھاووں کی قیادت اسرائیل

بقیہ 17 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

افغانستان میں بارہ برس سے زیادہ عمر کی لڑکیوں پر گانے کی پابندی

مرد ٹیچروں کو اسکول میں پڑھنے والی لڑکیوں کو گانے کی تربیت دینے پر بھی پابندی عائد، صدارتی فرمان جاری

بارہ برس سے زیادہ عمر کی لڑکیوں کو صرف ایسی تقریبات میں گانے کی اجازت ہوگی جہاں صرف اور صرف خواتین موجود ہوں

کابل (این این آئی) افغانستان کی حکومت نے ایک فرمان جاری کر کے کہا ہے کہ لڑکیوں کو صرف خواتین کی موجودگی والی تقریبات میں ہی گانے کی اجازت ہوگی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق افغانستان کی حکومت کی جانب سے جاری کیے گئے ایک فرمان میں کہا کہ لڑکیوں کو صرف خواتین کی موجودگی والی تقریبات میں ہی گانے کی اجازت ہوگی۔ اس پابندی کی سوشل میڈیا پر سخت مخالفت ہو رہی ہے اور بعض افراد اسے طالبان کی پالیسیوں کے عین مطابق قرار دے رہے ہیں۔ اس فیصلے کے بعد مرد ٹیچروں کو اسکول میں پڑھنے والی لڑکیوں کو گانے کی

بقیہ 2 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

پشین، مسلم لیگ (ن) ضلعی صدر سعد اللہ ترین پشین ڈسٹرکٹ جیل میں پودا لگا کر شجرکاری مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

یونان، سعودی عرب مشترکہ مشقوں کی تیاریاں مکمل

یہ مشقیں رواں ماہ دوست ملک جمہوریہ یونان کی افواج کے ساتھ انجام دی جائیں گی، سعودی حکام

ریاض (این این آئی) سعودی عرب اور یونان کی مسلح افواج کی مشترکہ مشقوں کیلیے دونوں ممالک کی فضائیہ نے شمالی سیکٹر کے شاہ فیصل ایئربیس پر اپنی تیاریاں مکمل کرلی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ مشقیں رواں ماہ دوست ملک جمہوریہ یونان کی افواج کے ساتھ انجام دی جائیں گی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سعودی عرب کی شاہی فضائیہ کے ڈپٹی

بقیہ 18 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

پینٹاگان کا سعودی عرب کی مدد کا پابند رہنے کا اعادہ

امریکا اس حوالے سے پاسداری کو سنجیدگی سے لیتا ہے، ترجمان پینٹاگون کی پریس کانفرنس

واشنگٹن (این این آئی) پینٹاگان نے ایک بار پھر امریکا کا یہ موقف دہرایا ہے کہ وہ حوثی ملیشیا کے حملوں کے خلاف سعودی عرب کی مکمل حمایت کرتا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق پینٹاگان کے ترجمان جون کیربی نے ایک پریس کانفرنس میں باور کرایا کہ امریکا، مملکت سعودی عرب کی اپنی اراضی کے تحفظ کے سلسلے میں کسی بھی نوعیت کے

بقیہ 19 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ملکہ برطانیہ شہزادہ ہیری سے چند روز میں فون پر رابطہ کریں گی

ملکہ اپنے پوتے شہزادہ ہیری سے معاملات سلجھانے کی کوشش کریں گی، برطانوی میڈیا

لندن (این این آئی) ملکہ برطانیہ روٹھے شہزادہ ہیری سے آئندہ چند روز میں فون پر رابطہ کریں گی۔ برطانوی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ ملکہ اپنے پوتے شہزادہ ہیری سے معاملات سلجھانے کی کوشش کریں گی۔ ہیری اور میگھن کے متنازع انٹرویو پر شاہی عملے کو خاموش رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ واضح رہے کہ ہیری اور میگھن مارکل نے

بقیہ 20 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

امارات میں تربیت یافتہ کتوں کی مدد سے کورونا مریضوں کی شناخت کا فیصلہ

تربیت یافتہ کتوں کو اہم ایونٹس پر تعینات کیا جائے گا جہاں کتے انسانوں کو چھوئے بغیر کورونا کی تشخیص کرسکیں گے

ابوظہبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات میں تربیت یافتہ کتوں کی مدد سے کورونا مریضوں کی شناخت کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق

بقیہ 21 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

جمہوریت دشمن صیہونی ریاست میں 11 فلسطینی ارکان پارلیمنٹ پابند سلاسل

مقبوضہ غزہ (این این آئی) فلسطینی اسیران اسٹڈی سینٹر کی طرف سے جاری کردہ ایک رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ بہ ظاہر جمہوریت اور شہری آزادیوں کا راگ الاپنے والی قابض صیہونی ریاست فلسطینی پارلیمنٹ کے منتخب نمائندوں کو بدستور پابند سلاسل رکھے ہوئے ہے۔ اس وقت بھی صیہونی زندانوں میں فلسطینی قانون ساز کونسل کے 9 رکن بدستور پابند سلاسل ہیں۔ فلسطینی اسیران اسٹڈی سینٹر کے

بقیہ 28 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اوتھل، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل فرحان سلیمان روہنجو بہترین تعلیم کارکردگی پر مسزامہ سلمہ ودیگر کو تعریفی سند دے رہے ہیں

نظام ہضم کا متاثر ہونا کورونا کی علامت ہوسکتا ہے، طبی ماہرین کا انتباہ

بخار، سانس پھولنے، منہ کا ذائقہ تبدیل ہونے اور جسم میں درد کی علامات کو ہی صرف کورونا کا اشارہ نہ سمجھا جائے، محققین

واشنگٹن (این این آئی) طبی ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ نظام ہضم کا متاثر ہونا بھی کورونا وائرس کی ایک اہم علامت ہوسکتا ہے۔ صرف بخار چڑھنے، سانس پھولنے، منہ کے ذائقے کو تبدیل ہونے اور جسم میں درد کی علامات کو ہی صرف کورونا کا اشارہ نہ سمجھا جائے۔ غیر ملکی اخبار کی رپورٹ کے مطابق کورونا وائرس پھیپھڑوں اور دل سمیت انسانی جسم کے تمام اہم اعضا پر نہایت خطرناک اثرات مرتب کرتا ہے۔ اخبار نے عالمی تحقیقاتی ادارے کی رپورٹ کے حوالے سے بتایا کہ کورونا وائرس کے مرتب ہونے والے منفی اثرات کا تجربہ مریض کو کافی عرصے بعد تک ہوتا ہے۔ کورونا وائرس کے نہایت تباہ کن اثرات نظام ہضم پر بھی مرتب ہوتے ہیں۔ طبی ماہرین کے مطابق کورونا وائرس کا شکار ہونے والے 53 فیصد مریضوں میں نظام ہضم کی کم از کم

بقیہ 29 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

انڈونیشیا میں سکول بس حادثے کا شکار، بچوں سمیت 27 افراد جاں بحق

جکارتہ (این این آئی) انڈونیشیا میں مسافر بس گہری کھائی میں گرنے سے بچوں سمیت 27 افراد جان کی بازی ہار گئے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق انڈونیشیا کے مرکزی جزیرے جاوا پر ایک سیاحتی بس کھائی میں گرگئی، جس کے نتیجے میں کم از کم

بقیہ 7 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کرونا کے بعد کویت میں ایک اور وبا پھوٹ پڑی، وارننگ جاری

کویت سٹی (این این آئی) خلیجی ریاست میں برڈ فلو کے کیسز رپورٹ ہونے کے بعد محکمہ زراعت نے وارننگ جاری کردی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق خلیجی ریاست کویت کے پولٹری فارمز میں برڈ فلو پھیلنے کی اطلاعات موصول ہوئیں

بقیہ 11 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

یورپی یونین کا بائیو این ٹیک فائزر کو چار ملین اضافی ویکسینز کا آرڈر

برسلز (این این آئی) یورپی کمیشن نے بائیو این ٹیک فائزر کو کووڈ انیس کے خلاف چار ملین اضافی ویکسینز کی فراہمی کا آرڈر دے دیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ اضافی ویکسینز کورونا ہاٹ سپاٹس میں اس مہلک وائرس کے خطرناک حد تک

بقیہ 12 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سعودی عرب کا 10 فیصد رقبہ قدرتی مقامات اور جنگی حیات کیلئے مختص

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں معاشرتی اور حیاتیاتی سروے کے مطابق تازہ ترین مطالعات

بقیہ 14 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر محمد عارف محمد حسنی سے سابق صوبائی وزیر ہمایوں کرد ملاقات کر رہے ہیں

عالمی برادری حوثیوں کے حملوں کا جواب دے، سعودی وزیر خارجہ

سعودی عرب اپنی تیل تنصیبات کے تحفظ اور سدِ جارحیت کے لیے اقدامات کریگا، پریس کانفرنس

ریاض (این این آئی) سعودی عرب یمن سے ایران کی حمایت یافتہ حوثی ملیشیا کے ڈرون اور میزائل حملوں سے اپنی تیل کی تنصیبات کے تحفظ اور سدِ جارحیت کے لیے اقدامات کرے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ بات سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان نے الریاض میں اپنے روسی ہم منصب سرگئی لاروف سے ملاقات کے بعد

بقیہ 15 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

دنیا بھر میں 26 لاکھ 31 ہزار افراد کورونا سے ہلاک

دنیا بھر میں کورونا سے صحت یاب افراد کی تعداد نو کروڑ 42 لاکھ 38 ہزار ہیں، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) عالمی وبا کورونا وائرس کے سبب دنیا میں 11 کروڑ 86 لاکھ 30 ہزار سے زائد افراد متاثر اور مرنے والوں کی تعداد 26 لاکھ 31 ہزار 996 ہوگئی ہے۔ دنیا بھر میں کورونا سے صحت یاب ہونے والوں کی تعداد 9 کروڑ 42 لاکھ 38 ہزار سے زائد اور فعال کیسز کی تعداد 2 کروڑ 17 لاکھ 59 ہزار سے زائد ہے۔ امریکی

بقیہ 23 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

روس نے ٹوئٹر کا استعمال محدود کرنے کے لئے اسپیڈ کم کردی

ممنوعہ مواد ویب سائٹ سے نہ ہٹائے جانے پر رفتار کم کی، روسی کمیونی کیشن ریگولیٹر

ماسکو (این این آئی) روس نے ممنوعہ مواد ویب سائٹ سے نہ ہٹانے پر سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر کی رفتار (اسپیڈ) اندرون ملک کم کردی ہے۔ عالمی خبر رساں ایجنسی کے مطابق روس کے سرکاری کمیونی کیشن ریگولیٹر کا کہنا تھا کہ ممنوعہ مواد ویب سائٹ سے نہ ہٹائے جانے پر ٹوئٹر کا استعمال محدود کرنے کی خاطر اس کی رفتار کم کی گئی ہے۔ روس کے متعلقہ حکام کا اس حوالے سے کہنا تھا کہ ممنوعہ اور غیر قانونی مواد کی موجودگی تک سماجی رابطوں کی اس ویب سائٹ ٹوئٹر کی رفتار کو کم رکھا جائے گا۔ روسی حکام کا اس ضمن میں موقف ہے کہ اس وقت ٹوئٹر پر تقریباً تین ہزار سے زائد ایسی پوسٹیں موجود ہیں جو ان کے مطابق ممنوعہ اور غیر قانونی مواد پر مشتمل ہیں۔ روسی حکام نے واضح طور

بقیہ 24 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کووڈ ویکسینز سے شدید الرجی کا خطرہ بہت کم ہوتا ہے، تحقیق

کووڈ 19 ایم آر این اے ویکسینز اپنی طرز کی اولین ویکسینز ہیں اور ان کی افادیت حیران کن ہے، محققین

یہ ضروری ہے کہ ان ویکسینز سے متعلق الرجک ری ایکشن کے بارے میں مستند تفصیلات جمع کی جائیں

واشنگٹن (این این آئی) کورونا وائرس کی روک تھام کے لیے ویکسینز سے الرجی کا شدید ردعمل کبھی کبھار سامنے آتا ہے اور جلد ختم ہوجاتا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ بات ایک نئی طبی تحقیق میں سامنے آئی۔ امریکا کے میساچوسٹس جنرل ہاسپٹل کی اس تحقیق میں بتایا گیا کہ کووڈ 19 ایم آر این اے ویکسینز اپنی طرز کی اولین ویکسینز ہیں اور ان کی افادیت حیران کن ہے جبکہ تمام افراد کے لیے محفوظ ہیں۔ تحقیق میں بتایا گیا کہ یہ ضروری ہے کہ ان ویکسینز سے متعلق الرجک ری ایکشن کے بارے میں مستند تفصیلات جمع کی جائیں، کیونکہ یہ

بقیہ 30 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اوتھل، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل فرحان سلیمان روہنجو بہترین تعلیم کارکردگی پر مسزامہ سلمہ ودیگر کو تعریفی سند دے رہے ہیں

برازیل میں لاک قرار دیا گیا پائلٹ 36 روز بعد زندہ مل گیا

جہاز خراب ہونے کے بعد پائلٹ نے چھلانگ لگا کر اپنی جان بچائی اور جنگلات میں بحفاظت اتر گیا تھا، رپورٹ

برازیلیا (این این آئی) برازیل میں حادثے کا شکار ہونے والے طیارے کا پائلٹ 36 روز بعد زندہ مل گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق رواں سال جنوری میں برازیل کے جنگلات میں ایک انجن والا طیارہ سیسنا 210 پرواز کے دوران فنی خرابی کے باعث گر کر تباہ ہوگیا تھا۔ ریسکیو ٹیموں نے طیارے کا ملبہ تو تلاش کرلیا تھا لیکن پائلٹ کو کچھ

بقیہ 22 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

لندن میں لاپتہ خاتون کے قتل کے شبے میں پولیس افسر کی گرفتاری

پولیس نے قتل کے شبے میں میٹروپولیٹن پولیس کے ایک افسر اور قتل میں معاونت کرنیوالی خاتون کو گرفتار کرلیا

پولیس نے لاپتہ خاتون کو ڈھونڈنے کیلیے ہر ممکن کوشش کی اور اس مقصد کیلئے 750 گھروں میں جا کر معلومات حاصل کی تاہم خاتون کو کچھ پتہ نہ چلا

لندن (این این آئی) برطانوی پولیس نے لاپتہ خاتون کے قتل کے شبے میں پولیس افسر سمیت دو افراد کو حراست میں لے لیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق برطانوی دارالحکومت میں نوجوان خاتون سارہ کی گمشدگی کا واقعہ ایک ہفتے قبل رونما ہوا تھا، اور کئی روز گمشدگی کے بعد پولیس نے شبہ ہے کہ خاتون کو قتل کیا جاچکا ہے۔ پولیس نے قتل کے شبے میں میٹروپولیٹن پولیس کے ایک افسر اور قتل میں معاونت کرنے والی خاتون کو گرفتار کیا جو تین مارچ کو ڈیوٹی پر نہیں پہنچا تھا۔ سارہ ایورڈ تین مارچ کو برکسٹن سے اپنے گھر

بقیہ 26 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سعودی عرب میں خلیفہ ہارون الرشید کے دور کا دینار دریافت

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی حائل یونیورسٹی کے کھنڈرات کی کھدائیوں اور آثار قدیمہ کے ماہرین نے حائل کے تاریخی مشرقی شہر فید میں کھدائیوں کے دوران عباسی خلیفہ ہارون الرشید کے دور کا سونے کا دینار دریافت کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ماہرین آثار قدیمہ

بقیہ 25 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سی، ڈپٹی کمشنر سی سید زاہد شاہ پولیو مہم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

غزہ میں نصرت مسجد اقصیٰ ریلی میں سیکڑوں علما کرام کی شرکت

القدس کے فلسطینی مسلمان ہی دفاع قبلہ اول کی فرنٹ لائن ہیں، چیئرمین فلسطینی علما رابطہ کونسل

مقبوضہ غزہ (این این آئی) فلسطین کے علاقے غزہ کی پٹی میں مذہبی جماعتوں کی اپیل پر نصرت القدس و مسجد اقصیٰ ریلی میں سیکڑوں علما کرام اور دیگر شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی ہے۔ مرکز اطلاعات فلسطین کے مطابق نصرت مسجد اقصیٰ و القدس مارچ مغربی غزہ میں مسجد امام العباس سے شروع ہوا۔ مسجد اقصیٰ مارچ میں وزارت مذہبی امور، اوقاف، عدلیہ

بقیہ 8 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

حوثیوں کے حملے بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہیں، امریکی ارکان کانگریس

ہم حوثی ملیشیا کی طرف سے سعودی عرب میں شہری آبادی پر حملوں کی پرزور مذمت کرتے ہیں، یورپی یونین

برسلز/ واشنگٹن (این این آئی) امریکی ایوان نمائندگان میں خارجہ تعلقات کمیٹی نے یمن کے حوثی باغیوں کی طرف سے سعودی عرب پر حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے یہ حملے فوری طور پر بند کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق امریکی کانگریس کے ارکان کا کہنا تھا کہ حوثی باغیوں کے سعودی عرب پر حملے بین الاقوامی قوانین کی کھلی

بقیہ 9 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

عالمی عسکری اتحاد کا عراقی فوج کو فضائی مدد فراہم کرنے کا اعلان

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں عراقی فوج کی مدد ضروری ہے اور ہم اس کے لیے تیار ہیں، بیان

بغداد (این این آئی) دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ کے لیے قائم بین الاقوامی عسکری اتحاد نے عراقی فوج کو فضائی مدد فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بین الاقوامی اتحاد کے ترجمان کرنل وین مارٹو نے ایک بیان میں کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں عراقی فوج کی مدد ضروری ہے اور ہم اس کے لیے تیار ہیں۔

بقیہ 10 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ایران پر عاید کردہ پابندیاں یک طرفہ طور پر نہیں اٹھائیں گے، امریکی ایلچی

بائیڈن انتظامیہ صرف اس صورت میں کچھ پابندیوں کو کم کرنے کے بارے میں غور کر رہی ہے، روب میلے

واشنگٹن (این این آئی) امریکا اور ایران کے درمیان تنا کے جلو میں ایران کے لیے امریکی محکمہ خارجہ کے ایلچی روب میلے نے کہا ہے کہ صدر جو بائیڈن کی انتظامیہ یک طرفہ طور پر تہران پر عاید کی گئی پابندیاں نہیں اٹھائے گی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے واضح کیا کہ بائیڈن انتظامیہ صرف اس صورت میں کچھ پابندیوں کو کم کرنے

بقیہ 13 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ایرانی قیادت امریکی کمزوریوں سے فائدہ اٹھانا جانتی ہے، پومپیو کا اعتراف

امریکی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ سعودی عرب کو کمزور کرنے کی کاوش کا تدارک کرے، انٹرویو

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ کے سابق سیکریٹری خارجہ مائیک پومپیو نے اعتراف کیا ہے کہ ایرانی قیادت جانتی ہے کہ امریکی کمزوریوں سے کیسے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے؟ میڈیا رپورٹس کے مطابق انگریزی اخبار کو انٹرویو دیتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ امریکی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ سعودی عرب کو کمزور کرنے کی کاوش کا تدارک کرے۔ سی آئی اے کے سابق ڈائریکٹر مائیک پومپیو نے کہا کہ سعودی عرب کو اس کے دفاع سے انکار کرنا محض پاگل پن ہے اور لگتا ہے کہ بائیڈن انتظامیہ اسی سمت میں گامزن ہے۔ سابق امریکی صدر ڈونلڈ

بقیہ 27 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

زیارت، ڈپٹی کمشنر وقار خورشید عالم ترقی پانے والے رسالدار میں ترقی کا رینک لگا رہے ہیں

روزنامہ امروز کوئٹہ

ایڈیٹر و پبلشر عبدالحکیم نے قلات پرنٹنگ پریس پٹیل روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ امروز آفس نمبر TF-02 تیسری منزل اینگل پلازہ، اینگل روڈ، کوئٹہ سے شائع کیا
فون: 2835212 فیکس: 2835212
ای میل imroz.ad@gmail.com

بلوچستان میں امن و ترقی

پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات بشریٰ رند نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ جام کمال خان کی قیادت میں حکومت، صوبے میں امن وامان کے ساتھ ساتھ ترقی کے عمل کو جاری رکھنے کے لئے سرگرم ہے۔ صوبہ کو امن کا گہوارہ بنانے کیلئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ٹھوس اقدامات کیئے جارہے ہیں کیونکہ ترقی کا عمل امن کے ساتھ لازم وملزوم ہے۔ صوبہ کو محفوظ اور پرامن بنا کر ترقی کے عمل کو تیز و موثر کیا جاسکتا ہے۔ بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ سرمایہ کاری سے ترقی آئے گی۔ خوشحالی کے حصول کے لئے صوبائی حکومت انسانی وقدرتی وسائل کے موثر استعمال پر یقین رکھتی ہے، اور اسی وژن کے تحت ترقی کو جاری رکھے ہوئے ہے۔ امن قائم رکھنا حکومت کے ساتھ ساتھ عوام کی بھی ذمہ داری ہے۔

موجودہ صوبائی حکومت کو دہشت گردی و بدامنی کا مسئلہ ورثے میں ملا، صوبے کے کئی علاقے نوگو ایریاز میں تبدیل ہو چکے تھے۔ ترقیاتی کام بھی متاثر ہو رہا تھا۔ دہشت گرد نہ صرف معصوم لوگوں کو نشانہ بنا رہے تھے۔ بلکہ ان کی کارروائیوں کا محور ترقی کو سبوتاژ کرنا تھا۔ اس مقصد کے لئے وہ تعمیراتی کمپنیوں اور مزدوروں کو نشانہ بنانے سے بھی گریز نہ کر رہے تھے۔ حکومتی کوششوں سے امن وامان کی مجموعی صورتحال میں نمایاں بہتری آئی ہے، لیکن چند ماہ سے یوں محسوس ہو رہا ہے کہ دہشت گرد ایک بار پھر ماضی کی طرح متحرک ہونے کی کوشش کر رہے ہیں۔ محنت کشوں پر حملے اسی سلسلے کی کڑی ہیں، لیکن بلوچستان حکومت کو صورتحال کا پوری طرح ادراک ہے۔ فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو فعال و چوکس کردیا گیا ہے۔ تاکہ وہ بدامنی پھیلانے والے عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹ سکیں۔

سرمایہ کار جب کسی علاقے میں سرمایہ کری کرتے ہیں، تو سب سے پہلے وہ اپنی جان کی حفاظت اور لگائے گئے سرمایہ کے تحفظ بارے سوچتے ہیں۔ صوبے میں وسیع معدنی وسمندری وسائل موجود ہین۔ سیاحت کے شعبہ میں بھی سرمایہ کاری کے بہت زیادہ مواقع ہیں، لیکن اس مقصد کے لئے ضروری ہے کہ ملکی وغیر ملکی کو مکمل تحفظ اور مراعات کی یقین دہانی کرائی جائے، تاکہ وہ بے خوف وخطر ہو کر صوبے کے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کریں۔ صنعتی وتجارتی سرگرمیوں کے فروغ سے صوبہ کو بھی آمدنی ہوگی، اور عوام کو بھی روزگار کے مواقع ملیں گے۔ نجی شعبہ کے محدود ہونے سے لوگوں کا زیادہ تر انحصار سرکاری ملازمتوں پر ہے۔ حکومت ہر سال پانچ ہزار آسامیاں بجٹ میں رکھتی ہے۔ لیکن جس شرح سے بے روزگاری بڑھتی جارہی ہے اس کے پیش نظر یہ ملازمتیں بہت کم ہیں۔ اگر صوبہ میں پرائیویٹ شعبہ کی حوصلہ افزائی کی جائے تو اس سے لوگوں کو روزگار بھی ملے گا اور ترقی وخوشحالی بھی آئے گی، جو چند شعبے لوگوں کو روزگار دے رہے ہیں ان میں پرائیویٹ تعلیمی ادارے اور میڈیا ہاؤسز شامل ہیں۔ کرونا نے دونوں شعبہ جات کو سخت متاثر کیا ہے۔ ان اداروں میں کام کرنے والے ملازمین کی ملازمتیں کم ہو رہی ہیں۔ حکومت مقامی اخبارات و جرائد کی مالی سرپرستی اشتہارات کی صورت میں یقینی بنا کر جہاں اخباری صنعت کو سہارا دے سکتی ہے وہاں مزید افراد کو بھی میڈیا کے شعبہ میں ملازمتیں مل سکتی ہیں۔

امن وامان برقرار رکھنے کے لئے سیکورٹی پلان کو اش سر نو ترتیب دینا ہوگا، حالیہ ناخوشگوار وارداتوں کے تناظر میں وہ سقم دور کرنا ہونگے، جن کی وجہ سے یہاں امن دشمن عناصر کو کارروائیاں کرنے کا موقع مل رہا ہے۔ بیرونی ہاتھ کی مداخلت روکنے کے لئے سرحدون پر سیکورٹی روکنے کے ساتھ ساتھ کوئٹہ سیف سٹی جیسے منصوبے تمام بڑے شہروں میں مکمل کرنا ہوں گے۔ نیشنل ایکشن پلان پر مکمل عملدرآمد کرنا بھی ناگزیر ہے، جس میں نہ صرف دہشت گردوں بلکہ ان کے سہولت کاروں کے خلاف بھی کارروائی کرنے کی شق شامل ہے۔ قانون نافذ کرنے والے داروں کو عوام کسی بھی علاقے میں مشتبہ افراد اور سرگرمیوں بارے آگاہ کر کے کسی بھی واردات کا ارتکاب روکنے میں معاونت فراہم کرسکتے ہیں۔

اردو کی بے کنار سرحدیں

اردو زبان برصغیر پاک وہند سے باہر نکلی تو کرہ ارض کے پانچوں براعظموں تک پھیل گئی اور نئی بستیاں بستی چلی گئیں۔ اردو کی نئی بستیوں میں مصر کی سرزمین بھی شامل ہے۔ مصر میں اردو کی تدریس بیسویں صدی کے نصف اخر سے اب تک جاری ہے۔

مصر کی سات یونیورسٹیوں میں اردو زبان کی تدریس جاری ہے۔ گریجویشن کی حد تک اردو پڑھانے کا انتظام موجود ہے۔ علاوہ ازیں ان جامعات میں بھی ایم اے اور پی ایچ ڈی کی سطح پر تحقیق کا انتظام بھی موجود ہے۔ اور ریسرچ کرنے والے طلبہ کو شعبے کے نام سے ایم اے اور پی ایچ ڈی کی ڈگریاں دی جاتی ہیں۔

مصر کی جامعات میں جامعہ الازہر، جامعہ عین شمس اور جامعہ القاہرہ انتہائی اہمیت کی حامل ہیں۔ ان میں اردو زبان کا ایک علیحدہ شعبہ ہے۔ دیگر جامعات میں جیسے منصورہ، اسکندریہ، وغیرہ بھی اردو زبان کی تعلیم و تدریس اور تحقیقی کام کا بند وبست موجود ہے لیکن فارسی زبان کے شعبے کے زیر اہتمام اردو بطور دوسری زبان پڑھائی جاتی ہے۔ بعض دیگر جگہوں پر بھی اردو کورسز بھی ہوتے ہیں۔ یہاں سینٹرز بھی اردو سکھاتے ہیں۔ اس کے علاوہ مصر میں انڈین کلچرل سینٹر میں بھی اردو کورسز ہیں۔ یہ کورس کر کے بھارت اور پاکستان جانے کے لیے اسکالرز فائدہ اٹھاتے ہیں۔

الازہر یونیورسٹی (بوائز برانچ) کے اردو ڈپارٹمنٹ کی بنیاد 1979ء میں پڑی۔ وہاں اسلامی، ادب اور پوسٹ گریجویٹ کی سطح پر اردو کے شعبے میں تقریباً سو طالب علم موجود ہیں۔ الازہر یونیورسٹی (گرلز برانچ) کے اردو ڈپارٹمنٹ کی بنیاد 1966ء میں پڑی۔ اس ڈپارٹمنٹ سے ایک سال نامہ تحقیقی مجلہ (اردویات) شائع ہوتا ہے۔ اس کا پہلا شمارہ مئی 1999ء میں اور تازہ ترین شمارہ (پندرہواں شمارہ) مئی 2019ء میں شائع ہوا۔ اس مجلے میں اردو زبان وادب کے مختلف پہلوؤں پر مضامین شائع ہو چکے ہیں۔ اس کے علاوہ ڈپارٹمنٹ کی بزم بھی سیمیناروں کا اہتمام کر کے مصر میں اردو کی شمع روشن کیے ہوئے ہے۔

عین شمس یونیورسٹی میں مشرقی زبانوں کا شعبہ 1962ء میں قائم کا گیا تھا۔ شروع میں صرف فارسی اور ترکی زبان ہی پڑھائی جاتی تھی۔ بعد میں 1979ء میں فارسی اور ترکی زبان کے ساتھ اردو بطور اختیاری زبان پڑھائی جانے لگی۔ 1996ء میں اردو کا ایک علیحدہ شعبہ قائم کیا گیا۔ شروع میں اس شعبے میں جامعہ الازہر اور انڈو پاک کے اساتذہ پڑھاتے تھےعین شمس یونیورسٹی میں اردو شعبے میں پہلے سال میں طالب علم صرف اردو قواعد پڑھتا ہے۔ پھر دوسرے سال سے چار سال تک وہ تاریخ، شاعری، نثر، ادب، ترجمہ (عربی سے اردو میں اور اس کے برعکس) پڑھتا ہے۔ چار سال کے دوران وہ اردو زبان وادب اور تاریخ کے متعلق سب کچھ جان جاتا ہے اور برصغیر کے تمام سیاسی، تہذیبی، اور معاشرتی پہلوؤں سے متعارف ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ عین شمس یونیورسٹی میں فیکلٹی اف ارٹس کا اردو شعبہ تمام مصری جامعات کا واحد شعبہ ہے جس میں ہندی زبان کی تعلیم دی جاتی ہے۔ مصر میں ادبی سیمیناروں اور کانفرنسوں کا انعقاد ہوتا رہتا ہے۔ اور بین الاقوامی سطح کی ایسی کانفرنسیں بھی منعقد کی جاتی ہیں، جن میں مصر سے ہی نہیں بلکہ بیرون ملک سے بھی متعدد اساتذہ شرکت کر کے اپنے مقالات پیش کرتے ہیں، جن کی شرکت کی وجہ سے اردو زبان وادب کی تحقیق کے نئے گوشے ابھر کر سامنے اتے ہیں۔ اس کے علاوہ اردو کے طالب علموں خاص طور پر ریسرچ اسکالرز کو ایسی سرگرمیوں سے بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملتا رہتا ہے۔ اردو کے طالب علم ابتدائی عمر یعنی یونیورسٹی کے مرحلے کے اغاز میں پڑھتا ہے اور اس کے پاس اس زبان کے بارے میں کوئی سابقہ پس منظر نہیں ہے اور نہ ہی اس نے قبل ازیں اس کے بارے میں سنا ہے۔ اس کے برعکس مثال کے طور پر انگریزی یا فرانسیسی زبان ہے جس کو طالب علم بچپن ہی سے پڑھتا ہے اور وہ میڈیا اور اسی طرح اسپیشل سینٹرز کے ذریعے معاشرے میں وسیع پیانے پر پھیلی ہوئی ہے۔ مصر میں اردو کے فروغ کے لیے برصغیر سے تعلق رکھنے والے اردو اہل زبان اپنا کردار ادا کرتے رہتے ہیں۔ انھوں نے اردو کے فروغ کے لیے گراں قدر تدریسی خدمات انجام دی ہیں، جن کی بدولت اس ملک میں اردو کا چرچا ہوا ہے۔ اج کل الازہر یونیورسٹی اور عین شمس یونیورسٹی کے شعبہ اردو سے ایسے اہل زبان اساتذہ منسلک ہیں جو انڈین ہیں اور مصر میں مستقل بنیادوں پر اباد ہو چکے ہیں

مصر میں اردو زبان میں تخلیقی ادب کے سلسلے میں تو میں کہہ سکتی ہوں کہ یہاں کے لوگوں کی مادری زبان اردو نہیں ہے، ان کی زبان عربی ہے اس لیے یہاں ادبی تصانیف کے معنی میں کم ملتے ہیں۔ سچ پوچھیے تو مصر میں اردو زبان میں صرف ایک ادبی تصنیف ہے وہ ہے ''سمندر ہے درمیاں'' ایک نظموں کا مجموعہ جس کی مصنفہ ڈاکٹر ولاء جمال العسیلی ہیں، جن کا تعلق شعبہ اردو، عین شمس یونیورسٹی سے ہے، اگر ہم اردو زبان وادب کے سلسلے میں حالی تحقیقی رجحانات پر نظر ڈالیں تو معلوم ہوگا کہ یہ رجحانات ان موضوعات پر ایک اہم مقام رکھتے ہیں: ا۔ ادب کی تاریخ: اس میں ادیبوں کی زندگی، ان کی زندگی میں تاثیر و تاثر کے پہلو، متن کے خصائص، ادبی مسائل، ادبی مظاہر اور میلانات اور ادب کے ادوار شامل ہیں۔ ۲۔ شعری اور نثری متن: اس میں کلاسیکی اور جدید شاعری اور اس کے موضوعات، افسانوی اور غیر افسانوی ادب، جیسے ناول، افسانہ، ڈرامہ، مضمون، وغیرہ شامل ہیں۔ ۳۔ نظریہ ادب: اس میں ادبی اصناف شامل ہیں

مصر میں اکثر ریسرچ اسکالرز ریسرچ کی شرائط اور اصولوں کو اچھی طرح سمجھتے ہیں۔ تحقیقی موضوع کے سلسلے میں سنجیدہ ہوتے ہیں۔ اساتذہ شعبہ اردو میں ریسرچ اسکالروں سے نئے نئے موضوعات پر معیاری تحقیقی مقالے لکھواتے ہیں۔ ضروری ہے کہ کسی یونیورسٹی میں اس سے پہلے اس موضوع پر یا اس سے ملتے جلتے موضوع پر بھی کوئی مقالہ نہ لکھا گیا ہو۔ کسی بھی موضوع پر مقالہ سپرد قلم کرنے سے پہلے وہ اس موضوع سے متعلق تمام ضروری معلومات اور مواد جمع کر کے ان پر غور وفکر کرتے ہیں۔ اور پھر اپنے ذوق اور شعور تنقید کی مدد سے اس موضوع سے متعلق جو تحقیقی وتنقیدی نتائج سامنے لاتے ہیں، ان میں جدت اور تازگی تو ہوتی ہی ہے۔ تحقیق کے عنصر کے ساتھ ساتھ مقالوں کا ایک اہم پہلو اسکالرز کی تنقید نگاری بھی ہے۔

ضرورت کے مطابق تحقیقی صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ تنقیدی شعور کا بھی مظاہرہ کیا گیا ہے۔ ان ہی مقالوں میں بہترین تنقید ملتی ہے۔ ادبی کام کس اسلوب میں لکھا گیا ہے۔ علامتی اسلوب میں، تجریدیت کی تیکنیک یا میجک کی تکنیک میں۔ ہم جانتے ہیں کہ موضوع اور تیکنیک پر نظر رکھنا ادبی کاموں کی تنقید کا اصل اور بنیادی جوہر ہے۔ اس کے علاوہ ان مقالوں میں ادیب کے برتاو کا تجزیہ پیش کرتے ہوئے ادبی کام کی خوبیوں اور خامیوں کا بہترین تجزیہ پیش کیا جاتا ہے۔

مصر میں ریسرچ اسکالرز کا کمال یہ ہے کہ وہ پورا ادبی متن یا انتخابی نمونوں کا ترجمہ اردو سے عربی میں کرتے ہیں اور تنقیدی تجزیوں کے ساتھ ساتھ مقالے میں متن سے شواہد اور دلائل کا استعمال کرتے ہیں۔ اس سلسلے میں ریسرچ اسکالر کے لیے مقالے کے حقائق، اشارات، مقامات، اور شخصیات وغیرہ کے بارے میں حاشیہ لکھنا ضروری ہے۔ لیکن ایک بڑی دشواری یہ ہے کہ تحقیقی مقالے کا مواد ہمیشہ دست یاب نہیں ہوتا۔ مصر میں ادبی سیمیناروں اور کانفرنسوں کا انعقاد ہوتا رہتا ہے۔ اور بین الاقوامی سطح کی ایسی کانفرنسیں بھی منعقد کی جاتی ہیں، جن میں مصر سے ہی نہیں بلکہ بیرون ملک سے بھی متعدد اساتذہ شرکت کر کے اپنے مقالات پیش کرتے ہیں، جن کی شرکت کی وجہ سے اردو زبان وادب کی تحقیق کے نئے گوشے ابھر کر سامنے اتے ہیں۔ اس کے علاوہ اردو کے طالب علموں خاص طور پر ریسرچ اسکالرز کو ایسی سرگرمیوں سے بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملتا رہتا ہے۔

اردو کے طالب علم ابتدائی عمر یعنی یونیورسٹی کے مرحلے کے اغاز میں پڑھتا ہے اور اس کے پاس اس زبان کے بارے میں کوئی سابقہ پس منظر نہیں ہے اور نہ ہی اس نے قبل ازیں اس کے بارے میں سنا ہے۔ اس کے برعکس مثال کے طور پر انگریزی یا فرانسیسی زبان ہے جس کو طالب علم بچپن ہی سے پڑھتا ہے اور وہ میڈیا اور اسی طرح اسپیشل سینٹرز کے ذریعے معاشرے میں وسیع پیانے پر پھیلی ہوئی ہے۔ مصر میں اردو کے فروغ کے لیے برصغیر سے تعلق رکھنے والے اردو اہل زبان اپنا کردار ادا کرتے رہتے ہیں۔ انھوں نے اردو کے فروغ کے لیے گراں قدر تدریسی خدمات انجام دی ہیں، جن کی بدولت اس ملک میں اردو کا چرچا ہوا ہے۔ اج کل الازہر یونیورسٹی اور عین شمس یونیورسٹی کے شعبہ اردو سے ایسے اہل زبان اساتذہ منسلک ہیں جو انڈین ہیں اور مصر میں مستقل بنیادوں پر اباد ہو چکے ہیں

اردو تحقیق کے فروغ میں یہ جامعات ایک خاص مقام رکھتی ہے۔ ان میں جامعہ الازہر، جامعہ القاہرہ اور جامعہ عین شمس کے تحقیقی مقالے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ مصر میں اردو ادب میں تحقیق کا امتیاز کسی ادبی تخلیق کا اردو سے عربی میں ترجمہ کرنا ہے۔ ترجمے کے ساتھ ساتھ متن کی تنقید بھی مرکزی حیثیت حاصل کیے ہوئے ہے۔ تہذیبی نظریات و رجحانات اور ثقافتی و سماجی صورتحال کے حوالے سے ادب اور ادیبوں کا مطالعہ پیش کرتے ہیں۔ ان اردو شعبوں میں ایم اے اور پی ایچ ڈی کے ایسے تحقیقی مقالے لکھوائے گئے ہیں جو اردو میں تحقیق کی رفتار کو بلند کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ جدید اور معاصر اردو ادب کے تحقیقی کام میں ان مقالوں کا علمی وزن بے حد وسیع ہے۔ ان شعبوں میں اردو زبان وادب کے مختلف رجحانات پر خاصا لکھا گیا ہے۔

معراج النبی ﷺ کی حکمتیں اور عصر

معراج النبی ﷺ کو ہمارے ہاں بالعموم ایک مذہبی نوعیت کا واقعہ سمجھا جاتا ہے جبکہ حقیقت یہ ہے کہ یہ واقعہ عروج آدم خاکی کا شاندار مظہر ہے، تسخیر کائنات کے سفر کا ایک اہم سنگ میل ہے، جدید سائنسی انکشافات اور اکتشافات کا نقطہ اوّل ہے، اور حضرت انسان کے ذہنی وفکری ارتقاء کی روشن دلیل ہے۔ تاریخ اسلام میں واقعہ معراج کو ایک خاص اہمیت حاصل ہے، جن دنوں میں یہ واقعہ پیش آیا وہ ایام اہل اسلام کے لئے سخت ابتلاء اور آزمائش کے تھے حضور ﷺ نے تیرہ برس سرزمین مکہ پر پیغام توحید پہنچانے میں صرف کئے، طائف سے بھی ہو آئے اگرچہ آپ کا حلقہ اثر پہلے کے مقابلے میں بہت بڑھ چکا تھا مگر اسی حساب سے کفار کے ردعمل میں بھی سختی آتی جا رہی تھی، نظر انداز کر دینے والی پالیسی سے کفار کا ردعمل شروع ہوا تھا اب وہ باقاعدہ جسمانی تعذیب تک پہنچ چکا تھا، اس دوران میں طنز و استہزا، کٹ حجتی، الزام تراشی، غلام اور نادار صحابہؓ پر تشدد، سماجی مقاطعہ ایسی مشکلات سے حضور ﷺ اور آپ کے رفقاء دوچار رہے اب کھلم کھلا پیغمبر کے قتل کے منصوبے بن اور چرچے ہو رہے تھے، اس ماحول میں آپ ﷺ کا سفر معراج اپنے اندر بہت سی حکمتوں کا حاصل معلوم ہوتا ہے۔

ایک طرف اپنے رفقاء کے لئے حوصلہ افزائی تھی کہ اہل دنیا چاہے لاکھ مخالفت کریں لیکن اللہ تعالیٰ کی مدد اور قرب بہرحال ہمیں حاصل ہے دنیا خواہ ہمیں نظر انداز اور فراموش کردے خداوند عالم کبھی ہمیں نظر انداز اور فراموش نہیں کرے گا، دوسری طرف کفار کے لئے یہ تنبیہ موجود تھی کہ تم جس قدر چاہو ہم پر اپنی سرزمین تنگ کردو اللہ تعالیٰ نے اس کے مقابلے میں ہمارے لئے آسمانوں کے دروازے کھول دیئے ہیں اور یہ ایک طرح کا استعارہ تھا کہ جو خدا اپنے نبی کے لئے خلاف عادت آسمانوں پر جانے کے لئے راستہ کھول سکتا ہے وہ دنیا کی توقع کے برعکس فروغ اسلام کے لئے بھی نئی راہیں ہموار کر سکتا ہے، چنانچہ یہی ہوا کہ سفر معراج سے واپس آتے ہی متصل زمانے میں حضور ﷺ کو اذن ہجرت ملا، اور سفر ہجرت اسلامی انقلاب کے قیام اور اسلام کی وسعت کا ذریعہ ثابت ہوا، قیام مکہ کے تیرہ برس میں جو چھوٹی سی جماعت تیار ہوئی تھی وہ مدینہ منورہ پہنچتے ہی ایک ملت اور امت کی تشکیل کا باعث بن گئی، ہجرت کے بعد یہ پیغام دس برس کے اندر اندر دس لاکھ مربع میل تک پھیل گیا اور فتح مکہ جیسا عظیم واقعہ بھی ہوا۔ سفر معراج اپنے اندر یہ معجزانہ شان بھی رکھتا ہے کہ اللہ تعالیٰ جب چاہے دنیا کے اندازے اور قاعدے ضابطے پلٹ کر رکھ دے، معراج کے حوالے سے کفار کو یہ حیرت تھی کہ رات کے ایک حصے میں اتنا بڑا سفر کیسے کیا جا سکتا ہے؟ وہ لوگ اللہ کی قدرت کو بھلا بیٹھے تھے اس طرح دنیا بھر کو یہ حیرت لاحق رہی کہ مدینے میں قدم رکھتے ہی چند برسوں کے اندر اتنا عظیم الشان انقلاب کیسے برپا ہو گیا؟ واقعہ معراج میں ایک حکمت یہ بھی پوشیدہ تھی کہ اس سے منصب نبوت اور اس کا مزاج واضح ہوا ہے، منصب نبوت یہ ہے کہ وہ بندوں اور خدا کے درمیان رابطے کا کام دیتا ہے، اسوہ نبوی ﷺ سے بندے جان جاتے ہیں کہ اخلاق الٰہی کیا ہے؟ واقعہ معراج سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ سائنس دان ہو یا فلسفی، اس کے سارے دعوے اور فلسفے کی بنیاد ظن اور گمان پر ہوتی ہے وہ عمر کے آخری حصے میں بھی اپنی بات کو حرف آخر قرار دینے کی پوزیشن میں نہیں ہوتا لیکن پیغمبر جو بات بھی کہتا ہے سراسر مشاہدے کی بنیاد پر کہتا ہے اس لئے سائنس دان کی آخری بات بھی تشنہ ہوتی ہے اور فلسفی کی ہر کلی اور جزئی محتاج صداقت ہوتی ہے جبکہ پیغمبر کی پہلی بات ہی حتمی اور قطعی ہوتی ہے اس لئے کہ اس کا ذریعہ علم قیاسی اور سماعی نہیں ہوتا بلکہ ایقانی اور مشاہداتی ہوتا ہے۔

سفر معراج کا ایک مقصد یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ سرزمین مکہ پر جو کشمکش برپا تھی اس کی بنیاد یہ تھی کہ ڈھیر سارے خداؤں کے مقابلے میں ایک خدا کو کیسے مان لیا جائے؟ اور فی الواقع ایک خدا ہے تو وہ کس نے دیکھا ہے؟ پہلے نبی سے لے کر عیسیٰؑ تک ہر ایک نے توحید کی بات کی مگر کسی نے خدا کو دیکھنے کا دعویٰ نہیں کیا، حضرت موسیٰؑ نے کلام خداوندی براہ راست سنا لیکن دیکھنے کی خواہش پر انہیں لن ترانی کا جواب ملا، اب چونکہ حضور ﷺ آخری نبی تھے آپ ﷺ کے بعد اللہ تعالیٰ نے براہ راست کسی سے مخاطب نہیں ہونا تھا اس لئے ضروری تھا کہ لوگوں کو اس سوال کا حتمی جواب آنا چاہیئے کہ کسی نے خدا کو بھی دیکھا ہے یا نہیں؟ آپ ﷺ نے سر کی آنکھوں سے مشاہدہ کر کے دنیا کو بتایا کہ ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں کے ذمے سوال کا جواب میں مہیا کرتا ہوں کہ ہاں اس خدائے واحد کو میں نے دیکھا ہے، اور سر کی آنکھوں سے دیکھا ہے اس طرح عقیدہ توحید قیاسی نہیں مشاہداتی بن گیا، سفر معراج نے وہ آخری دلیل بھی مہیا کر دی اور اس عقدے کی گرہ کشائی کر دی جو مشہود خدا کا تصور رکھنے والے ذہنوں میں صدیوں سے موجود چلا آ رہا تھا۔

آج تسخیر آفاق ایک سائنسی مشاہدہ بن گیا ہے مگر اس مشاہدے کو بنیاد سفر معراج نے فراہم کی، یہ امر ہر ایک جانتا ہے کہ معلوم انسانی تاریخ میں صدیوں تک ستارے، چاند، سورج اور آسمان کی پوجا ہوتی رہی اس لئے کہ یہ چیزیں انسانی دسترس سے باہر تھیں، ان تک انسان پہنچ نہیں پاتا تھا، ستاروں کا جھرمٹ بہت دلفریب لگتا تھا، چاند بہت نظر معلوم ہوتا تھا، سورج کی تمازت میں ایک طرح کی ہیبت تھی، آسمان کی بلندی کے سامنے انسان خود کو بہت پست تصور کرتا تھا سفر معراج نے انسان کو اس کے حقیقی مقام سے روشناس کرایا، انسان کو یہ ادراک پہلی بار حاصل ہوا کہ کارخانہ قدرت میں جو کچھ بھی ہے خواہ وہ نظر فریب ہو یا دلنواز، وسیع ہو یا بسیط، جلال آمیز ہو یا دہشت انگیز، کچھ بھی ہو مقام و مرتبے میں بندہ خاکی سے فروتر ہے اور اپنی تمام تر گہرائیوں، رعنائیوں، پہنائیوں اور وسعتوں کے باوجود اس کی گرفت میں ہے، علامہ اقبال اسی مفہوم کو بیان کرتے ہیں۔

سبق ملا ہے یہ معراج مصطفےٰ ﷺ سے مجھے
کہ عالم بشریت کی زد میں ہے گردوں

جمعہ کے دن کی اتنی اہمیت کیوں ہے؟

مذہب اسلام میں جمعہ کے دن کی آخر اتنی اہمیت کیوں ہے؟ جمعہ کے دن کو دیگر ایام پر فوقیت کیوں دی جاتی ہے؟ ایسا کیوں ہے کہ مسلمان ہفتے کے دوسرے تمام دنوں کی نسبت جمعہ کیلئے خصوصی اور باقاعدہ اہتمام کے ساتھ بن سنور کر مساجد کا رخ کرتے ہیں، ایسا لگتا ہے کہ شائد عید کا دن ہو، آیئے ان تمام سوالوں کے جواب ڈھونڈنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یوم الجمعہ کو پہلے ''یوم العروبہ'' کہا جاتا تھا۔ نبی اکرم ﷺ کے مدینہ منورہ ہجرت کرنے اور سورہ جمعہ کے نزول سے قبل انصار صحابہ نے مدینہ منورہ میں دیکھا کہ یہودی ہفتہ کے دن، اور نصاریٰ اتوار کے دن جمع ہو کر عبادت کرتے ہیں؛ لہٰذا سب نے طے کیا کہ ہم بھی ایک دن اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے کے لیے جمع ہوں؛ چنانچہ حضرت ابو امامہ کے پاس جمعہ کے دن لوگ جمع ہوئے، حضرت اسعد بن زرارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دو رکعت نماز پڑھائی۔ لوگوں نے اپنے اس اجتماع کی بنیاد پر اس دن کا نام ''یوم الجمعہ'' رکھا؛ اس طرح سے یہ اسلام کا پہلا جمعہ ہے (تفسیر قرطبی)۔ نبی اکرم ﷺ کا پہلا جمعہ: نبی اکرم ﷺ نے مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ ہجرت کے وقت مدینہ منورہ کے قریب، بنوعمرو بن عوف کی بستی قبا میں چند روز کے لیے قیام فرمایا۔ قُبا سے روانہ ہونے سے ایک روز قبل جمعرات کے دن آپ ﷺ نے مسجد قبا کی بنیاد رکھی۔ یہ اسلام کی پہلی مسجد ہے، جس کی بنیاد تقویٰ پر رکھی گئی۔ جمعہ کے دن صبح کو نبی اکرم ﷺ قُبا سے مدینہ منورہ کے لیے روانہ ہوئے۔ جب بنوسالم بن عوف کی آبادی میں پہنچے تو جمعہ کا وقت ہوگیا، تو آپ ﷺ نے بطنِ وادی میں اُس مقام پر جمعہ پڑھایا جہاں اب مسجد (مسجد جمعہ) بنی ہوئی ہے۔ یہ نبی اکرم ﷺ کا پہلا جمعہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے ساری کائنات پیدا فرمائی اور ان میں سے بعض کو بعض پر فوقیت دی۔ سات دن بنائے، اور جمعہ کے دن کو دیگر ایام پر فوقیت دی۔ جمعہ کے فضائل میں یہ بات خاص طور پر قابل ذکر ہے کہ ہفتہ کے تمام ایام میں صرف جمعہ کے نام سے ہی قرآن کریم میں سورہ نازل ہوئی ہے جس کی رہتی دنیا تک تلاوت ہوتی رہے گی، ان شاء اللہ۔ اس سورہ کی آخری 3 آیتوں میں نماز جمعہ کا ذکر ہے: ''اے ایمان والو! جب جمعہ کے دن نماز کے لیے پکارا جائے، یعنی نماز کی اذان ہو جائے، تو اللہ کی یاد کے لیے جلدی کرو۔ اور خرید وفروخت چھوڑ دو۔ یہ تمہارے حق میں بہت ہی بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔ اور جب نماز ہو جائے تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ کا فضل تلاش کرو یعنی رزق حلال تلاش کرو۔ اور اللہ کو بہت یاد کرو؛ تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ۔ جب لوگ سودا بکتا دیکھتے ہیں یا تماشہ ہوتا ہوا دیکھتے ہیں، تو اُدھر بھاگ جاتے ہیں اور آپ کو خطبے میں کھڑا چھوڑ دیتے ہیں۔ تو فرما دیجیے جو اللہ کے پاس ہے وہ بہتر ہے، تماشے سے اور سودے سے، اور اللہ سب سے بہتر رزق دینے والے ہیں''۔ آخری آیت (نمبر ۱۱) کا شان نزول: ابتداء اسلام میں جمعہ کی نماز پہلے اور خطبہ بعد میں ہوتا تھا؛ چنانچہ ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ جمعہ کی نماز سے فراغت کے بعد خطبہ دے رہے تھے کہ اچانک دحیہ بن خلیفہ کا قافلہ ملک شام سے غلہ لے کر مدینہ منورہ پہنچا۔ اُس زمانے میں مدینہ منورہ میں غلہ کی انتہائی کمی تھی صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے سمجھا کہ نماز جمعہ سے فراغت ہوگئی ہے اور گھروں میں غلہ نہیں ہے، کہیں سامان ختم نہ ہو جائے؛ چنانچہ خطبہ جمعہ چھوڑ کر باہر خرید وفروخت کے لیے چلے گئے، صرف 12 صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین مسجد میں رہ گئے، اس موقع پر یہ آیت نازل ہوئی تھی۔ جمعہ کے دن کی اہمیت کے متعلق چند احادیث: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جمعہ کا دن سارے دنوں کا سردار ہے، اللہ تعالیٰ کے نزدیک جمعہ کا دن سارے دنوں میں سب سے زیادہ عظمت والا ہے۔ یہ دن اللہ تعالیٰ کے نزدیک عید الاضحیٰ اور عید الفطر کے دن سے بھی زیادہ مرتبہ والا ہے۔ اس دن کی پانچ باتیں خاص ہیں: (۱) اس دن اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا۔ (۲) اسی دن اُن کو زمین پر اتارا۔ (۳) اسی دن اُن کو موت دی۔ (۴) اس دن میں ایک گھڑی ایسی ہے کہ بندہ اس میں جو چیز بھی مانگتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو ضرور عطا فرماتے ہیں؛ بشرطیکہ کسی حرام چیز کا سوال نہ کرے۔ (۵) اور اسی دن قیامت قائم ہوگی۔ تمام مقرب فرشتے، آسمان، زمین، ہوائیں، پہاڑ، سمندر سب جمعہ کے دن سے گھبراتے ہیں کہ کہیں قیامت قائم نہ ہو جائے؛ اس لیے کہ قیامت، جمعہ کے دن ہی آئے گی (ابن ماجہ)۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: سورج کے طلوع وغروب والے دنوں میں کوئی بھی دن جمعہ کے دن سے افضل نہیں، یعنی جمعہ کا دن تمام دنوں سے افضل ہے (صحیح ابن حبان)۔ رسول اللہ ﷺ نے ایک مرتبہ جمعہ کے دن ارشاد فرمایا: مسلمانو! اللہ تعالیٰ نے اس دن کو تمہارے لیے عید کا دن بنایا ہے؛ لہٰذا اس دن غسل کیا کرو اور مسواک کیا کرو (طبرانی، مجمع الزوائد)۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جمعہ کا دن ہفتہ کی عید ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ کے نزدیک سب سے افضل نماز، جمعہ کے دن فجر کی نماز جماعت کے ساتھ ادا کرنا ہے (طبرانی، بزاز)۔ جہنم کی آگ روزانہ دہکائی جاتی ہے؛ مگر جمعہ کے دن اس کی عظمت اور خاص اہمیت وفضیلت کی وجہ سے جہنم کی آگ نہیں دہکائی جاتی۔ (زاد المعاد ۱/۳۸۷)۔ جمعہ کے دن قبولیت والی گھڑی کی تعیین: رسول اللہ ﷺ نے جمعہ کے دن کا ذکر کیا اور فرمایا: اس میں ایک گھڑی ایسی ہے، جس میں کوئی مسلمان نماز پڑھے، اور اللہ تعالیٰ سے کچھ مانگے تو اللہ تعالیٰ اس کو عنایت فرما دیتا ہے اور ہاتھ کے اشارے سے آپ ﷺ نے واضح فرمایا کہ وہ ساعت مختصر سی ہے (بخاری)۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ گھڑی خطبہ شروع ہونے سے لے کر نماز کے ختم ہونے تک کا درمیانی وقت ہے (مسلم)۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جمعہ کے دن ایک گھڑی ایسی ہوتی ہے کہ مسلمان بندہ جو مانگتا ہے، اللہ اُس کو ضرور عطا فرما دیتے ہیں۔ اور وہ گھڑی عصر کے بعد ہوتی ہے (مسند احمد)۔ مذکورہ حدیث شریف اور دیگر احادیث کی روشنی میں جمعہ کے دن قبولیت والی گھڑی کے متعلق علماء نے دو وقتوں کی تحدید کی ہے: (۱) دونوں خطبوں کا درمیانی وقت، جب امام منبر پر کچھ لحات کے لیے بیٹھتا ہے۔ (۲) غروب آفتاب سے کچھ وقت قبل۔ نماز جمعہ کی فضیلت: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: پانچوں نمازیں، جمعہ کی نماز پچھلے جمعہ تک اور رمضان کے روزے پچھلے رمضان تک درمیانی اوقات کے گناہوں کے لیے کفارہ ہیں؛ جب کہ ان اعمال کو کرنے والا بڑے گناہوں سے بچے (مسلم)۔ یعنی چھوٹے گناہوں کی معافی ہوجاتی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص اچھی طرح وضو کرتا ہے، پھر جمعہ کی نماز کے لیے آتا ہے، خوب دھیان سے خطبہ سنتا ہے اور خطبہ کے دوران خاموش رہتا ہے تو اس جمعہ سے گزشتہ جمعہ تک، اور مزید تین دن کے گناہ معاف کردئے جاتے ہیں (مسلم)۔ جمعہ کی نماز کے لیے مسجد جلدی پہنچنا: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص جمعہ کے دن جنابت کے غسل کی طرح (اہتمام کے ساتھ) غسل کرتا ہے پھر پہلی فرصت میں مسجد جاتا ہے تو گویا اس نے اللہ کی خوشنودی کے لیے اونٹنی قربان کی۔ جو دوسری فرصت میں مسجد جاتا ہے گویا اس نے گائے قربان کی۔ جو تیسری فرصت میں مسجد جاتا ہے گویا اس نے مینڈھا قربان کیا۔ جو چوتھی فرصت میں جاتا ہے، گویا اس نے مرغی قربان کی۔ جو پانچویں فرصت میں جاتا ہے، گویا اس نے انڈے سے اللہ کی خوشنودی حاصل کی۔ پھر جب امام خطبہ کے لیے نکل آتا ہے تو فرشتے خطبہ میں شریک ہو کر خطبہ سننے لگتے ہیں (بخاری، مسلم)۔ یہ فرصت (گھڑی) کس وقت سے شروع ہوتی ہے، علماء کی چند آراء ہیں؛ مگر خلاصہ کلام یہ ہے کہ حتی الامکان مسجد جلدی پہنچیں، اگر زیادہ جلدی نہ جاسکیں تو کم از کم خطبہ شروع ہونے سے کچھ وقت قبل ضرور مسجد پہنچ جائیں۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب جمعہ کا دن ہوتا ہے تو فرشتے مسجد کے ہر دروازے پر کھڑے ہو جاتے ہیں، پہلے آنے والے کا نام پہلے، اس کے بعد آنے والے کا نام اس کے بعد لکھتے ہیں (اسی طرح آنے والوں کے نام ان کے آنے کی ترتیب سے لکھتے رہتے ہیں)۔ جب امام خطبہ دینے کے لیے آتا ہے تو فرشتے اپنے رجسٹر (جن میں آنے والوں کے نام لکھے گئے ہیں) لپیٹ دیتے ہیں اور خطبہ سننے میں مشغول ہوجاتے ہیں (مسلم)۔ جمعہ شروع ہونے کے بعد مسجد پہنچنے والے حضرات کی نماز جمعہ تو ادا ہوجاتی ہے، مگر نماز جمعہ کی فضیلت اُن کو حاصل نہیں ہوتی۔ جمعہ کے دن غسل کرنا واجب یا سنت موکدہ ہے، یعنی عذر شرعی کے بغیر جمعہ کے دن کے غسل کو نہیں چھوڑنا چاہیے۔ پاکی کا اہتمام کرنا، تیل لگانا، خوشبو استعمال کرنا، اور حسب استطاعت اچھے کپڑے پہننا سنت ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جمعہ کے دن کا غسل گناہوں کو بالوں کی جڑوں تک سے نکال دیتا ہے (طبرانی، مجمع الزوائد)۔ یعنی صغائر گناہ معاف ہوجاتے ہیں، بڑے گناہ بغیر توبہ کے معاف نہیں ہوتے: اگر صغائر گناہ نہیں ہیں تو نیکیوں میں اضافہ ہوجاتا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص جمعہ کے دن غسل کرتا ہے، جتنا ہو سکے پاکی کا اہتمام کرتا ہے اور تیل لگاتا ہے یا خوشبو استعمال کرتا ہے، پھر مسجد جاتا ہے، مسجد پہنچ کر جو دو آدمی پہلے سے بیٹھے ہوں ان کے درمیان میں نہیں بیٹھتا، اور جتنی توفیق ہو جمعہ سے پہلے نماز پڑھتا ہے، پھر جب امام خطبہ دیتا ہے اس کو توجہ اور خاموشی سے سنتا ہے تو اس جمعہ سے گزشتہ جمعہ تک کے گناہ کو معاف ہوجاتے ہیں (بخاری)۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے جمعہ کے دن غسل کیا، پھر مسجد میں آیا، اور جتنی نماز اس کے مقدر میں تھی ادا کی، پھر خطبہ ہونے تک خاموش رہا اور امام کے ساتھ فرض نماز ادا کی، اس کے جمعہ سے جمعہ تک اور مزید تین دن کے گناہ بخش دئے جاتے ہیں (مسلم)۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص جمعہ کے دن غسل کرتا ہے، اگر خوشبو ہو تو اسے بھی استعمال کرتا ہے، اچھے کپڑے پہنتا ہے، اس کے بعد مسجد جاتا ہے، پھر مسجد آکر اگر موقع ہو تو نفل نماز پڑھ لیتا ہے اور کسی کو تکلیف نہیں پہنچاتا۔ پھر جب امام خطبہ دینے کے لیے آتا ہے، اس وقت سے نماز ہونے تک خاموش رہتا ہے یعنی کوئی بات چیت نہیں کرتا تو یہ اعمال اس جمعہ سے گزشتہ جمعہ تک کے گناہوں کی معافی کا ذریعہ ہوجاتے ہیں (مسند احمد)۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص سورہ کہف کی تلاوت جمعہ کے دن کرے گا، آئندہ جمعہ تک اس کے لیے ایک خاص نور کی روشنی رہے گی (نسائی، بیہقی، حاکم)۔ سورہ کہف کے پڑھنے سے گھر میں سکینت وبرکت نازل ہوتی ہے۔ حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ایک صحابی نے سورہ کہف پڑھی، گھر میں ایک جانور تھا، وہ بدکنا شروع ہوگیا، انہوں نے غور سے دیکھا کہ کیا بات ہے؟ تو انھیں ایک بادل نظر آیا جس نے انھیں ڈھانپ رکھا تھا۔ صحابی نے اس واقعہ کا ذکر جب نبی اکرم ﷺ سے کیا، تو آپ ﷺ نے فرمایا: سورہ کہف پڑھا کرو۔ قرآن کریم پڑھتے وقت سکینت نازل ہوتی ہے۔ (صحیح البخاری، فضل سورۃ الکہف۔ مسلم، کتاب الصلاۃ)۔ جمعہ کی نماز کا حکم: جمعہ کی نماز ہر اُس مسلمان، صحت مند، بالغ، مرد پر فرض ہے جو کسی شہر یا ایسے علاقے میں مقیم ہو جہاں روز مرہ کی ضروریات مہیا ہوں۔ معلوم ہوا کہ عورتوں، بچوں، مسافر اور مریض پر جمعہ کی نماز فرض نہیں ہے؛ البتہ عورتیں، بچے، مسافر اور مریض اگر جمعہ کی نماز میں حاضر ہوجائیں تو نماز ادا ہوجائے گی۔ ورنہ ان حضرات کو جمعہ کی نماز کی جگہ ظہر کی نماز ادا کرنی ہوگی۔ اگر آپ صحراء میں ہیں جہاں کوئی نہیں، یا ہوائی جہاز میں سوار ہیں تو آپ ظہر کی نماز ادا فرمالیں۔ نماز جمعہ کی دو رکعت فرض ہیں، جس کے لیے جماعت شرط ہے۔ جمعہ کی دونوں رکعت میں جہری قراءت ضروری ہے۔ نماز جمعہ میں سورۃ الاعلیٰ اور سورہ الغاشیہ، یا سورۃ الجمعہ اور سورۃ المنافقون کی تلاوت کرنا مسنون ہے۔ جمعہ کے دن دُرود شریف پڑھنے کی خاص فضیلت: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تمہارے دنوں میں سب سے افضل دن جمعہ کا دن ہے۔ اس دن کثرت سے دُرود پڑھا کرو؛ کیونکہ تمہارا دُرود پڑھنا مجھے پہنچایا جاتا ہے (مسند احمد، ابوداود، ابن ماجہ، صحیح ابن حبان)۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات کثرت سے دُرود پڑھا کرو، جو ایسا کرے گا، میں قیامت کے دن اس کی شفاعت کروں گا (بیہقی)۔ جمعہ کے دن یا رات میں انتقال کر جانے والے کی خاص فضیلت: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو مسلمان جمعہ کے دن یا جمعہ کی رات میں انتقال کر جائے، اللہ تعالیٰ اُس کو قبر کے فتنہ سے محفوظ فرما دیتے ہیں (مسند احمد، ترمذی)۔ مساجد میں جمعہ وعیدین کے موقع پر بڑی تعداد میں لوگوں سے ملاقات ہوتی ہے، اس کی وجہ سے ایک مسلمان اک بیمار کی عیادت کرتا ہے، جنازہ میں شرکت کرتا ہے، ایک دوسرے کے کام آتا ہے محتاج لوگوں کی مدد کرتا ہے اور بندوں کے حقوق کو ادا کرنے کا احساس پیدا ہوتا ہے، یہ سارے امور مسجدوں کا اصلاح معاشرہ میں اہم کردار کی حیثیت رکھتے ہیں۔ چلیں پھر آج سے عہد کریں کہ ہم نماز پنجگانہ کا اہتمام کرتے رہیں گے اور خصوصا نماز جمعہ کے لئے خصوصی انتظامات کرتے ہوئے اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کی ہمیشہ کوشش کرتے رہیں گے۔ اللہ کی لاکھوں کروڑوں رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں آپ ﷺ پر اور آپکی آل پاک رضوان اللہ علیہم اجمعین پر اور آپ ﷺ کے اصحاب پاک رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین پر۔ آمین ثم آمین۔ نوٹ: اس تحریر میں کسی بھی قسم کی غلطی بشمول قرآنی آیت، حدیث مبارکہ کے ترجمہ، معنی، املاء، لفظی یا پرنٹنگ کی غلطی پر اللہ کریم کے ہاں معافی کا طلبگار ہوں، اور اگر کسی مسلمان بھائی کو اس تحریر میں کسی بھی قسم کا اعتراض یا غلطی نظر آئے تو براہ کرم معاف کرتے ہوئے اصلاح کی خاطر نشان دہی ضرور فرما دیجئے گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

آپ کی رائے اور تحریروں کا خیر مقدم

سیاسی، سماجی معاشی موضوعات کے مطلق اپنی مختصر تحریریں، پریس ریلیز ہمیں بھیجئے ہم انہیں اپنے اخبار کی زینت بنائیں گے۔
imroz.ad@gmail.com
whatsapp no: 03327971944

ادارہ امروز میڈیا گروپ میں چھپنے والے مضامین / کالم اور تجزیئے تحریر کنندگان کا اپنا نظریہ ہوسکتا ہے اس سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں
(ایڈیٹر)

توصیف احمد ۔۔۔ ایک جادوگر

مبصر: خالد جان

اس کا مزاق اڑاتی ہے۔ اس دن سے طاہر جانی کام پر آنا چھوڑ دیتا ہے۔ کافی دن گزر کے بعد ایک دن عائشہ عمیر کے ساتھ کسی ریسٹورنٹ جاتے ہیں تو وہاں ویٹر کا لباس پہنے طاہر جانی کو دیکھتی ہے۔ [illegible]

"میم ۔۔۔ یہ آپ کی ہے"

"رکھ لو"

[illegible]

عائشہ کو دیکھ لیتا ہے۔ جب اگلے روز عائشہ معافی مانگنے اس کے گھر جاتی ہے تو نئے مالک مکان سے پتا چلتا ہے کہ وہ تو یہ گھر بیچ کر جاچکے ہیں ویسے ان کا نام جلیل خان، افتخار خان تھا۔ عائشہ کے ساتھ ساتھ ہمیں بھی ایک زوردار سا جھٹکا لگا۔ یہ طاہر جانی کیا گیم کھیل رہا تھا۔ ہم تو ڈھنگ، سحر میں جکڑے ناول پڑھتے جارہے تھے۔ پھر عائشہ کی شادی اور اس کے شوہر کا اس پر جان لیوا حملہ اور طاہر جانی کا اس کا جان بچانا۔ پھر عمیر اور عائشہ کی محبت۔ اور عمیر کا ہجر میں گھلتے جانا توصیف صاحب لکھتے ہیں کہ "محبت ایک دروازے کی طرح ہوتی ہے۔۔۔ جو روپ بدل کر انسان کا راستہ روکتی ہے۔۔۔ یا روپ بدل کر انسان کو راستہ دیتی ہے" عمیر اور عائشہ کے ساتھ بھی بالکل ایسا ہوا جیسے "خوش قسمت ہے وہ عورت جو مرد کی آخری محبت ہوتی ہے۔۔۔ اور خوش قسمت ہے وہ مرد جو کسی عورت کی پہلی محبت ہوتا ہے" جب عمیر درویشی اختیار کرتا ہے اور درباروں پر زندگی گزارنے لگتا ہے تو وہی مصیبت زدہ ساحرہ نامی لڑکی آجاتی ہے۔ اسے اس سے پہلے ایک دو کے باز لڑکے کی محبت سے عمیر بچاتا ہے عمیر اس لڑکے سے کہتا ہے کہ "محبت کرنے والوں کی آنکھیں بڑی صاف ستھری ہوتی ہیں۔۔۔ ان میں ذرا سا میل بھی نہیں ہوتا۔۔۔ کیونکہ انہیں

[illegible]

دھندلا کر گیا۔ توصیف صاحب کی شخصیت، فن اور تخلیقی صلاحیتیں سمندر کی مانند ہے جنہیں ہم نے کوزے میں سمیٹنے کا احمقانہ امر سر انجام دیا ہے۔ بدخشاں کے قیمتی لعلوں میں سے جب ایک لعل کو قدرت نے 18 اگست 1987 میں انسانی روپ دیا تو وہ توصیف احمد کی شکل میں تلہ گنگ کی سرزمین کے لیئے باعث فخر ثابت ہوئے۔ توصیف احمد صاحب سے میری بالمشافہ ملاقات تو نہیں ہوئی لیکن کال پر کافی بات ہوئی ہے۔ پہلی بار ان سے بات تب ہوئی جب میں نے رقص سفر کو تیسری بار پڑھ کر ختم کیا تھا۔ ان سے بات کرتے ہوئے میں ان کے لفظ لفظ میں جھانکا لیکن مجھے غرور، تکبر اور خود ستائی کا عنصر کہیں نظر نہیں آیا۔ توصیف صاحب کے شاہکاروں کو وہی لوگ سمجھ سکتے ہیں جن کی رگوں میں ہجر کا نیلا زہر دوڑتا ہے۔ جن کی جیون میں یادوں کے سوا کچھ بھی نہیں وہ خود کو توصیف صاحب کے لفظوں کے سمندر میں تیرتا ہوا پائیں گے۔ ورنہ توصیف صاحب کو سمجھنا غیر اغلب امر ہے۔ اس معلی القاب کے شاہکاروں کو پڑھنے کے بعد میں انہیں اردو ادب کا جادوگر کہنے پر مجبور ہوگیا۔ ان کی سحر آگیں ناولز ایسا سحر میں مبتلا کرتے ہیں کہ انسان ان کے حرفوں کے پیچھے خود بخود چلنے لگتا ہے۔ مجھے ان کے ناولز پڑھتے ہوئے فکر و خیال کی رنگ آمیزی، دروغ، زیب داستان کا عنصر کہیں بھی نہیں

[illegible]

پہلے اب ذرا توصیف صاحب کی تخلیقات کی طرف جاتے ہیں ان شاہکاروں کا ذکر کرتے ہیں کہ جو اپنے پڑھنے والوں کے ذہنوں پر کندہ ہوگئے۔

آخری بوند:-

آخری بوند پڑھنے کے بعد ادراک ہوا کہ واقعی توصیف صاحب جو اپنے اردگرد دیکھتے ہیں اسے بعینہ زیب قرطاس بناتے ہیں۔ ان کہانیوں کے سفر میں ہم نے بھی خود کو تصوراتی طور پر توصیف صاحب کے ہمراہ پایا۔ گھومتے پھرتے رہیں اسلام آباد، راولپنڈی، گلشن آباد، اور اسی کے ساتھ ساتھ خود کو کبھی کھیتوں کی پگڈنڈیوں پر بیٹھا پایا، تو کبھی فٹ پاتھ پر لیٹا، کبھی چاچا سورج کے ڈھابے پر پڑے چارپائی پر بیٹھے چائے پیتے ہجر بھلاتا پایا، کبھی "قسمت" کے ساتھ طویل سفر طے کرتے پیروں میں چھالے لائے۔ کبھی کاشی کی معصوم آنکھوں میں اپنا بچپن گھورتا رہا، کتنا درد بھرا ہے ان تمام کرداروں میں خاص کر قسمت کے کردار میں، اس کا شکستہ قلب میں موجود قبرستان میں کتنے تلخ رویئے اور لہجے دفن ہوں گے کیسے جھیلتی ہوگی وہ دوسروں کے کانٹے چبھوتے الفاظ قسمت کے کردار اور مکالموں کو وہی سمجھ اور محسوس کرسکتا ہے کہ جو فطرتا حساس ہو۔ قاصد مغرور اور دعا کی ہجر زدہ محبت آنکھوں کی گوشوں میں نمی لے آئی خیر یہ کہاں ممکن ہے کہ کبھی محبت کی محفل لگے اور وہاں ہجر کا جنم نہ

[illegible]

ہیں بے چارہ چھوٹی سی نوک میں دم گھٹنے سے مرجاتی ہیں۔۔۔ ہرشیں پڑھنے لکھنے کے لیئے نہیں ہوتی کہیں کہیں بس دیکھ کر گزارہ کرنا پڑتا ہے "بے شک کچھ جگہوں پر فقط دیکھ کر گزارا کرنے میں ہی مصلحت ہوتی ہے۔ جب بے اختیار اور توصیف صاحب ایک اسٹیج شو پروگرام میں کسی سے ملنے جاتے ہیں تو وہاں کا سینہ افگار اور دلخراش منظر کو کیا خوب بیان کیا گیا ہے کہ "نوٹ چاہے طوائف کے پاؤں میں پھینکے جائیں یا قصیدہ خواں کے پیروں میں بے حرمتی بس بے حرمتی کہلاتی ہے۔۔۔ جسے دل میں رکھنا ہوا سے پیروں میں روندنے کے بعد خودکشی لازم ہوجاتی ہے" ان سطور کے ایک ایک حرف پر توصیف صاحب قابل صد ستائش کے حقدار ہیں۔ کیا خوب پیرائے میں یہ منظر بیان کیا ہے انہوں نے۔ دعا خود کو پتھر کی طرح مضبوط کہتی ہے لیکن توصیف صاحب اسے بڑے خوش اسلوبی سے سمجھاتے ہیں" پتھر کی تاثیر میں کمزوری ہے۔۔۔ ایک چھوٹا سا قطرہ گراتے رہو تو اس میں سوراخ ہوجاتا ہے۔۔۔ تراش خراش کر بت بنالو تو چپ چاپ لوگوں کو روتے سسکتے اور بلکتے دیکھتا رہتا ہے۔۔۔ مٹی کا انسان بڑا طاقتور ہے۔۔۔ یہ قطروں سے نہیں ٹوٹتا۔۔۔ ہاں۔۔۔ اسے لہجے توڑ دیتے ہیں" کوئی محبت کی پہلی سیڑھی پر دیدار کو عید کرتا ہوا یا آخری سیڑھی پر پہنچ کر گوشہ نشین ہو کر ہجر سہتا ہو۔ پھر ہوسکتا ہے اس کے لب جھوٹ بول کر دل کا درد چھپالے لیکن آنکھیں سب عیاں کردیتی ہے جیسے خود توصیف کے الفاظ ہیں کہ "جو لفظ شکل اختیار نہ کرسکیں آنکھوں میں آجاتے ہیں۔۔۔ ایک یہی زبان ہے دنیا میں۔۔۔ جس میں کوئی جھوٹ نہیں ہوتا" بلا شک و شبہ آنکھیں کبھی جھوٹ نہیں بولتی۔ "قسمت" کا کتنا درد بھرا کردار ہے کہ آنسو پلکوں کے باڑ پار کر کے عارض کو تر کرنے لگتے ہیں خود توصیف صاحب کے موتی کی مانند الفاظ ہیں کہ " درد کی ایک حد ہوتی ہے جسے تاثیر کہتے ہیں۔۔۔ لیکن جدائی کی تکلیف برداشت ہوسکتی ہے لیکن اس کی تاثیر نہیں" ہم سمجھتے ہیں کہ اس عالم کون و فساد میں بس ہم ہی سب سے زیادہ رنجور اور تکلیف میں ہیں۔۔۔ ہر درد ہمارے ہی سینے کا باڑ پھلانگ کر دل میں جا کر سما گیا ہوں۔ کچھ لوگوں کے ساتھ فطرت بھی کیا عجیب کھیل کھیلتی ہیکہ سب کچھ عطا کر کے بھی ایک ایسی کمی اس کے وجود میں رکھ دیتی ہے کہ اسے فطرت کی اس تمام فیاضی کو نظرانداز کرنا پڑتا ہے اسے اس سے کوئی سروکار نہیں رہتا۔ جیسے قسمت کے الفاظ میں درد کا ایک سمندر چھپا ہے " کل ایک عاشق سے واسطہ پڑ گیا۔۔۔ ناکام عاشق سے۔۔۔ کتا کہیں کا۔۔۔ جب معشوق انہیں گھاس نہیں ڈالتی تو آجاتے ہیں غم غلط کرنے۔۔۔ الو کے پٹھے کی باتیں سنیں میں نے۔۔۔ کہتا۔۔۔ ہائے میرا دل دکھ رہا ہے۔۔۔ تیرے پاس چین سے سونے آیا ہوں۔۔۔ ہونہہ۔۔۔ سویا بھی کہاں" آج کل عشق اور عاشقی فقط کچھ چیزوں کو پانے کے لیئے ایک جال ہے۔ عصر نو میں سچے عشق اور محبت کے متلاشی کا منہ نوچ لینا چاہیئے۔ جسے ہجر سہنے کا سلیقہ نہیں اسے عشق اور محبت کی محفلوں سے دھکے دے کر نکال دینا چاہیئے۔ چاچا سورج کہتے ہیں کہ "جسے ہجر کی لت لگ گئی ہو۔۔۔ اسے کوئی اور نشہ نہیں بھاتا بچا"

ہم دوت کا کردار کتنا سحر انگیز ہے۔ ہماری طرح اس سے بھی ظلم نا انصافی برداشت نہیں ہوتا۔ کتنی گہری باتیں کر جاتا جس کو اس کی باتیں سمجھ آجاتی وہ اسے داد و ستائش سے نواز تھا اور جس کو سمجھ نہ آتی انہیں اس کی باتیں سوئیاں چبھوتی۔ کوٹھے کے دروازے کو دیکھ کر ہم دوت کے یہ الفاظ دل کو ڈھرکا گئے دماغ کو جگا گئے۔ کہتا ہے کہ

"یہاں بابا جناح رہتا ہے"

"یعنی نوٹ کے اوپر بنا ہوا جناح"

"ہاں۔۔۔ روتا پیٹتا جناح" اسی کوٹھے میں سے ایک گندگی میں گری معصوم کلی کو اٹھا کر عزت و ناموس کی زندگی عطا کر کے پھر کسی پرسان حال کی مدد کے لیئے نکل پڑتے ہیں۔

رقص سفر:-

اس ناول کے شاہکار ہونے کا اندازہ یہاں سے لگالے کہ ہم نے اسے تین بار پڑھ ڈالا لیکن پھر بھی کچھ کمی باقی رہی۔ جب ہم نے توصیف صاحب سے کہاں کہ سر رقص سفر لکھ کر آپ نے مجھ جیسے مجبور پر بڑا ظلم کیا ہے۔ تو وہ بہت ہنسے اور کہنے لگے کہ یہ میرے لکھنے کا نہیں تمہاری عمیق نظری سے پڑھنے کا کمال ہے۔ ان سے کافی گپ شپ کے بعد میں نے ان سے اجازت مانگی کہ سر اگر کبھی مستقبل میں موقع ملا تو کیا میں رقص سفر کو ڈرامائی شکل دے سکتا ہوں؟ تو انہوں نے جب بڑے طراوت بھرے لہجے میں اجازت سے نوازا تو ہمیں بڑی طرب محسوس ہوئی۔ اگر ہم اس ناول پر جامع تبصرہ لکھنے کی کاوش کرنے بیٹھ گئے تو ہمیں اپنا یہ تبصرہ قسط وار شائع کروانا پڑے گا۔ رقص سفر کو پڑھنے کے بعد قلمکار "بلال عباسی" نے توصیف احمد صاحب کو "اردو ادب کے بادشاہ" کا لقب دینے پر مجبور ہوگئے۔ ہم اپنے ناقص علم کے مطابق اس ناول کا خاصہ یہ نکالا کہ محبت قربانی مانگتی ہے اگر محبت میں ہجر سہنے کا ضبط نہ ہو تو وہ محبت فقط ہوس کے کچھ نہیں ہوسکتا۔ سرفروش نے یہ ثابت کردیا کہ محبت کبھی نہیں بھلائی جاتی وہ کسی ناسور کی شکل میں ہمارے دل کے کسی گوشے میں ضرور رہتی ہے۔ درگاہ، پہاڑ، لمبی حویلیاں یہ سب ہمیں ماضی کی فصیل سے جھانکنے پر مجبور کرگئے۔ اردو ادب کے قارئین کو رقص سفر لازمی پڑھنا چاہیئے۔ ہم کامل امید کے ساتھ کہتے ہیں اسے پڑھنے کے بعد آپ لوگ بہت سے ناول بھول جائیں گے۔ کاش رقص سفر کا انگلش میں بھی ترجمہ کیا جاتا تا کہ گورے بھی یہ جان جاتے کہ ہم بھی فنکارانہ صلاحیتوں سے محروم نہیں ہوئے اب تک ہمارے پاس بھی توصیف احمد صاحب کی روپ میں انمول ہیروں کا وجود ہیں۔

ہجر پرور:-

"اس کہانی کے پیروں میں لپٹی پائل کی پکار میں چند لفظ رقم کرتے ہوئے صدیوں کا سفر طے کرنا پڑا۔ ہراک منزل پہ کہانی کے گم جانے کا گماں ہونے پر احساس ہوا کہ " کہانی تو ہمیشہ نامکمل رہتی ہے" ایک حادثے کے نتیجے میں ایک کہانی سے ملاقات کے دوران۔۔۔ اس کہانی کے اندر جانے کا اتفاق ہوا تو موقع غنیمت جانتے ہوئے اس کا تعاقب کیا۔ یہ جانتے اور مانتے ہوئے بھی کہ کہانیوں کا تعاقب خاک کردیتا ہے"

ہم نے جب اس محیر العقول اور تیکھے بھگو دینے والے ناول کا پہلا صفحہ کھولا تو آنکھوں کے پپوٹے جامد اور ہلتے لبوں کی صدا کانوں تک پڑتی رہی اور جب ہم نے صفحے کا نمبر دیکھا تو ہم دھنگ رہ گئے کہ ہم نے ہیجان میں سحر میں گم دمادم سو صفحے پڑھ ڈالے تھے۔ بڑا کلیش اور جاں گسل ناول ہے یہ اور جنہیں آنکھوں کو غسل دینا نہیں آتا ہو انہیں اس ناول سے دور رہنا چاہیئے اس ناول کی گہرائی اور باریکی کو وہی لوگ سمجھ سکتے ہیں جن کے سینے میں ایک درد خور دل ہو۔ ہم دل ریش ہجر کا گہرا زخم لیئے زیست کررہے تھے کہ ہجر پرور نے جب دل میں موجود اس ناسور کو کریدا تو ہم وصل کی لطیف یادوں میں وصل کے سمندر میں ڈوبتے گئے۔ توصیف صاحب ہجر کے بارے میں رقم طراز ہیں کہ " بے شک وقت اور محبت دونوں کی کوکھ میں سوائے ہجر کے کچھ نہیں پلتا۔ ہجر ایک بہترین بیماری ہے، جس کا تریاق صرف ہجر کی بڑھتی ہوئی عمر ہے" ایک درد خور ہی درد کی تعریف بیان کرسکتا ہے اسی لیئے تو ہم کہتے ہیں کہ توصیف صاحب کے شانوں پر اگر ہجر کی گھٹڑی نہ ہوتی تو وہ یوں ہجر کے بارے میں کبھی الفاظ رقم نہ کرپاتے۔

کہانی کا آغاز شوکت اور ہیر کی محبت سے ہوتی ہے۔ شوکا بیچارہ ہماری طرح سدا کا ڈرپوک جس کی عمر اپنی محبت کے اظہار کی تاریخ طے کرتے کرتے گزر رہی تھی۔ وہ اپنی محبت کو کھیتوں میں ہنستی کھیلتی، اور اپنی سکھیوں کے ساتھ کنویں پر پانی بھرتے دیکھتا رہتا۔ ہیر کو دیکھتے ہی اس کیسینے کے نہاں خانوں میں ہجر بھڑک اٹھتا تھا۔ جسے بجھانے کی خاطر وہ کانٹوں پہ چلتے ہوئے پھر ہیر کو دیکھنے جاتا اور اس کا دیدار ایک بار پھر تیلی دکھا کر بجھتے ہوئے ہجر کو سلگا دیتا تھا۔ جب قدرت کو اس کے اس نادانی اور پاکیزہ محبت پر رحم آئی تو اس نے ہیر کو اس کی دہلیز پر لا کھڑا کیا۔ ہیر کے سب خاندان کو گاؤں کا بڑا بابا ڈاکو مار دیتا ہے اور ہیر وہاں سے بھاگنے میں کامیاب ہوتی ہے اور وہ اندھیری رات میں سیدھا شوکے کے گھر پہنچتی ہے اور مدد چاہ رہی تھی ہے۔ شوکا حیران رہ جاتا ہے کہ جس سے آج تک اپنی محبت کا اظہار نہ کرسکا آج وہ اس کے روبرو بیٹھی ہے۔ قسمت بھی کبھی کبھار عجیب کھیل کھیلتی ہے۔ اب گاؤں میں ہیر کی جان محفوظ نہیں تھی اور شوکے کا باپ اپنے بیٹے کی آنکھیں پڑھنے میں کامیاب ہوتا ہے" باپ اولاد کے اندر جھانکنے کا فن رکھتا ہوتا ہے۔ جا اسے لے جا ہیر کا رانجھا نہ بن جائیں شوکا ہی رہی" شہر پہنچ کر جب صبح ان کی آنکھ کھلی تو یہ ہیر کی زندگی کی سب سے حسین صبح تھی جو ایک خون میں لتھڑی ہوئی رات کی کوکھ سے پیدا ہوئی تھی۔ جب ہیر اور شوکت ڈھونڈتے ڈھونڈتے ہیر کی خالہ کہ گھر پہنچتے ہیں تو وہ انہیں اپنے گھر رکھنے سے انکار کرتی ہے کہ وہ لوگ غلط جگہ پناہ لینے آگئے ہیں یہ بابا ڈاکو کے ایک خاص کارندے کا گھر ہے۔ خالہ انہیں گھوڑی کا لگام دے کر چلے جانے کا کہتی ہے۔ بس قدرت نے شوکت کے دل کی دعا قبول کرلی تھی۔ اس کی قسمت میں سفر لکھا تھا۔۔۔ ہیر کے ساتھ۔ کہتے ہیں محبوب کی ہر ادا کو پوجا جاتا ہے۔ گھوڑے پہ بیٹھ کر اس نے ہیر کی طرف ہاتھ بڑھایا۔ اور کہنے لگا یوں اکھیوں میں ستارے سجا کر تو زیادہ خوبصورت نہیں لگتی۔۔۔ مسکراتی رہا کر" شام کی سنہری کرنیں دونوں کی پلکوں پہ بکھرے ہوئے خوابوں کی منڈیروں کو جگمگا رہی تھی۔ کوئی کسی کے دل میں جھانک نہیں سکتا لیکن دل میں رہتا ضرور ہے۔ ہیر کی آنکھیں تھیں یا سمند جو تھمنے کا نام ہی نہیں لیتی تھیں۔ شوکت اسے تسلی دیتا چھپ کراتا اور کہتا "رونے سے کیا حاصل ہوگا۔۔۔ تیری اکھیوں کو چھپ نہیں لگتی کیا۔۔۔ کچھ بعد کے لیئے بھی بچا کر رکھ" مجذوب کا شوکت کے مستقبل کے لیئے پیشن گوئیاں دل ہلا کر دیتی تھیں۔ مجذوب شوکت سے کہتا ہے کہ تمہارا آگے کا سفر مجاہدوں کے ساتھ لکھا ہے۔ تم انکار مت کرنا ان کے ساتھ ضرور جانا۔ مجذوب نے ایک ہی جھلک میں شوکت کی آنکھوں میں محبت دیکھی اور وہی درگاہ پر دونوں کی نکاح پڑھا دی۔ ایک دن دروازے پر دستک ہوتی ہے تو ہیر کا چاچا زاد بھائی دروازہ کھولتا ہے تو کچھ لوگ سیاہ لباس میں ملبوس ایک چارپائی دروازے پر رکھتے ہوئے کہتے ہیں " کمانڈر شوکت خان کے بھائی کو مبارک ہو۔۔۔ کمانڈر صاحب کی وصیت کے مطابق انہیں آپ کے پاس لے آیا گیا ہے۔۔۔ شہید کی پہچان س کی زندگی ہے" ہیر بوجھل قدموں کے ساتھ صحن میں پڑی چارپائی کی جانب بڑھنے لگی ہیا اور کفن ہٹا کر شہید کے ماتھے پہ بوسہ دیتی ہے۔۔۔ ہونٹوں پہ مسکراہٹ ہے۔ ہیر آنکھیں بند کر کے شہید کے چہرے کے ساتھ اپنا چہرہ رکھتی ہے۔ ہیر کا دوسرا بازوں نیچے لٹک جاتا ہے دلاور جب بھاگ کر ہیر کو اٹھاتا ہے تو وہ بے جان ہوتی ہے۔ اف کیا محبت ہے۔ کہ ایک لمحے کی بھی ہجر گوارانہ کرتے ہوئے دونوں وصل کی سمندر میں ڈوب گئے۔ ان کی ہجر اور وصل کی ملاپ سے ایک اور کہانی جنم لیتی ہے ان کے بیٹے" علی خان" کی کہانی۔ علی خان نے بچپن ہی میں اپنا دل نوراں کے سپرد کردیا ہوتا ہے اور علی خان کے چاچا کی بیٹی نازیہ اسے کب کا اپنا دل دے چکی ہوتی ہے۔" بچپن کی محبت بارش کی طرح ہوتی ہے، جو بھیگنے والوں کو ہر صورت بھگوتی ہے۔ بھیگنے والوں پر حالات عائد نہیں ہوتے اور نہ ہی وقت کے بے ڈھنگے قوانین۔ بارش کے سائے میں رہنا لازمی نہیں ہوتا، بلکہ بارش میں کسی جگہ رہ کر بھیگنا فرض ہوتا ہے۔ اور فرض کے بھیس میں محبت عادت کا روپ ڈھالتے دیر نہیں کرتی" جب علی کے رشتے کی بات چلتی ہے تو اس کی چاچی طے کرتی ہے کہ علی اور نازیہ کا رشتہ کروادیا جائے۔ علی خان نے تو کبھی عائشہ کے بارے میں یہ سوچا تک نہیں تھا اسے تو نوراں سے انتہا کی محبت تھی اس کی آنکھوں میں سانولی نوراں بستی تھی کومل سی، حسین کلی نازیہ نہیں " آنکھوں کا دیس ہی الگ ہوتا ہے۔۔۔ ان میں حکومت کرنے والے کے خدوخال حیثیت، ذات یا مرتبہ تھوڑی دیکھا جاتا ہے۔۔۔ بس حکمران کی مرضی ہے جو بس گیا سو بس گیا" علی خان اپنے چاچا چاچی کو انکار بھی نہیں کرسکتا تھا کہ انہوں نے اسے ایک سال کی عمر سے پال پھوس کر اتنا بڑا کیا تھا۔ جب اس بات کی خبر نوراں کو پڑتی ہے تو وہ ہجر کی تاب نہ لاتی ہوئی خالق حقیقی سے جا ملتی ہے۔ مرنے سے پہلے نوراں آخری بار ملتے ہوئے علی خان سے کہتی ہے کہ" جدائی بڑی ہی خطرناک ہوتی ہے علی خاں۔۔۔ سانس ختم ہوجاتی ہے جدائی نہیں جاتی" اس سے آگے کی سحر انگیز کہانی عائشہ، عمیر، اور طاہر جانی کی شروع ہوتی ہے۔ عائشہ علی خان کی بیٹی ہے اور عمیر اس کے بچپن کا دوست اور طاہر جانی عائشہ کے والد کے آکام کنسٹرکشن میں کام کرنے والا مزدور۔ ایک طاہر جانی کے " میم " کے بجائے " موم " پکارنے پر عائشہ اس پر خوب ہنستی ہے۔

بقیہ 1

جاسوسی سے متعلق مقدمے کی سماعت کے دوران انہوں نے اپنے گناہوں کا اعتراف کرلیا تھا اور عدالت نے انہیں گزشتہ ہفتے اس کے لیے قصوروار قرار دیا تھا۔ عدالت نے اب انہیں ایک برس نو ماہ کے قید معطل کی سزا سنادی۔ سرکاری وکیل نے صحافیوں سے بات چیت میں بتایا کہ امین مصر کی خفیہ ایجنسی (جنرل انٹیلیجنس سروس) جی آئی ایس کو سن 2010 اور 2019 کے درمیان معلومات فراہم کرتے رہے تھے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ امین نے اپنے عہدے کا غلط فائدہ اٹھاتے ہوئے جرمن میڈیا کی کوریج کے بارے میں مصر کو اطلاعات فراہم کرنے کے لیے دفتری آلات کا بھی استعمال کیا۔ انہوں نے جرمن پارلیمان میں ترجمے کا کام کرنے والے ایک شخص کو بھی مصری خفیہ ایجنسی کے لیے جاسوسی پر آمادہ کرنے کی بھی ناکام کوشش کی۔ انہوں نے اس کیس میں اپنے پانچ شامی نژاد میڈیا ساتھیوں کا بھی نام لیا تھا۔

بقیہ 2

تربیت دینے پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ فرمان کے مطابق مطابق بارہ برس سے زیادہ عمر کی لڑکیوں کو صرف ایسی تقریبات میں گانے کی اجازت ہوگی جہاں صرف اور صرف خواتین موجود ہوں۔ وزارت تعلیم کی ایک ترجمان نجیبہ ارائین نے شاہی فرمان کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ اس فیصلے کا اطلاق تمام صوبوں پر ہوگا۔ نجیبہ ارائین کا کہنا تھا کہ یہ فیصلہ طلبا اور سرپرستوں کے مشورے کے بعد کیا گیا۔ اس فیصلے کے خلاف سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر سخت غصہ [illegible]

بقیہ 3

گے جو متحدہ عرب امارات کا سرکاری دورہ کریں گے۔ امارات اور اسرائیل میں معاہدہ ابراہیم طے پانے کے بعد دونوں ممالک میں انتہائی خوشگوار تعلقات پیدا ہو گئے ہیں۔ ان تعلقات کو مزید بڑھانے کی خاطر دونوں ممالک کی لیڈر شپ کے درمیان تعلقات طے پائی تھی۔ جس میں دونوں رہنماں کے درمیان باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال ہونا تھا اور علاقائی مسائل بھی زیر بحث آنے تھے۔ جو کہ اس دورے کی منسوخی سے ممکن نہیں ہوپایا ہے۔ واضح رہے کہ اسرائیلی وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو کی جانب سے 9 فروری کو متحدہ عرب امارات اور بحرین کے دورے کا اعلان کیا گیا تھا۔ تاہم دورے سے چند روز قبل نیتن یاہو نے یہ دورہ ملتوی کردیا تھا، جس کی وجہ سفری پابندیاں بتائی گئی تھی۔ اس حوالے سے اسرائیلی وزیراعظم کے دفتر سے جاری بیان میں کہا گیا تھا کہ ابوظہبی اور بحرین کے دورے کی اہمیت کے باوجود وزیراعظم نے حالیہ سفری پابندیوں کے باعث یہ دورہ ملتوی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اسرائیلی حکومت نے نئے کورونا وائرس کی روک تھام کے لیے گزشتہ ماہ اپنے ایئرپورٹ کو فضائی آمد و رفت کے لیے بند کردیا تھا۔ نیتن یاہو نے اپنے ٹوئٹر اکاونٹ سے لائیو براڈکاسٹ کی جانے والی ایک پریس کانفرنس میں کہا تھا ہم اس دورے کو پہلے ہی دو مرتبہ کورونا وائرس کی وجہ سے لاک ڈاون کے پیش نظر ملتوی کرچکے ہیں۔ یہ دورہ سلامتی امور کی وجہ سے اور قومی اور بین الاقوامی سطح پر بھی بہت زیادہ اہمیت کا حامل ہے۔ اس لیے میری درخواست پر اس کا دورانیہ تین دن سے بہت کم کر کے صرف تین گھنٹے کردیا گیا ہے۔ تاہم ایک بار پھر یہ دورہ اور ملاقات ملتوی ہوگئی ہے۔ یاد رہے کہ متحدہ عرب امارات اور اسرائیل میں امن معاہدے کے بعد قربتیں روز بروز بڑھتی ہی جارہی ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان تجارت کا حجم بھی ایک ارب ڈالر سے بڑھ چکا ہے، اس کے علاوہ ثقافتی، سفارتی اور کئی معاشی شعبوں میں بھی نئے معاہدات طے پانے کے بعد باہمی تعاون میں اضافہ ہوا ہے۔

بقیہ 4

ہوئے کہا کہ طیارے کی خرابی کا اندازہ ہونے کے بعد طیارے سے چھلانگ لگا کر اپنی جان بچائی تھی اور پیراشوٹ کی مدد سے ایمازون کے جنگلات میں بحفاظت اتر گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ جنگل میں 36 روز تک ادھر ادھر بھٹکتا رہا اور بھوک مٹانے کے لیے پودے اور پرندوں کے انڈے کھاتا رہا۔ واضح رہے کہ برازیل میں طیارے کو حادثے کے بعد پائلٹ کی تلاش کے لیے کئی روز تک آپریشن کیا گیا لیکن کوئی کامیابی نہ ملنے پر پائلٹ کو ہلاک قرار دے دیا گیا تھا۔ جنگل سے لکڑیاں جمع کرنے والے شہریوں نے پائلٹ کو دیکھ کر حکام کو آگاہ کیا جس کے بعد اسے ریسکیو کر کے اسپتال منتقل کیا گیا۔

بقیہ 5

آزاد ریاست تسلیم کرتا ہے تاہم چین کا مؤقف ہے کہ تائیوان اس کا حصہ ہے۔

بقیہ 6

کووڈ ویکسین کی ساڑھے چار کروڑ خوراکیں بھیجے گا۔ گاوی اتحاد دنیا بھر میں ہر ایک کو ویکسین فراہم کرنے [illegible] ئی۔ بھارت، پاکستان کو آکسفورڈ۔ ایسٹرازینیکا کی کووی شیلڈ ویکسین سپلائی کرے گا، جسے سیرم انسٹی ٹیوٹ آف انڈیا نے تیار کیا ہے۔ فی الحال بھارت سرکار نے کووی شیلڈ کے علاوہ کوویکسن کی بھی منظوری دی ہے جسے بھارتی کمپنی بھارت بایوٹیک نے تیار کیا۔ نئی دہلی میں ذرائع کا کہنا تھا کہ پاکستان کو جون تک بھیجی جانے والی کووڈ ویکسین کی ایک کروڑ ساٹھ لاکھ خوراکوں میں سے پہلی کھیپ مارچ کے وسط تک اسلام آباد پہنچ جائے گی جبکہ بقیہ جون تک پہنچے گی۔

بقیہ 7

27 افراد جان کی بازی ہار گئے جبکہ 39 زخمی ہوگئے۔ مقامی پولیس چیف نے میڈیا کو بتایا کہ بس مغربی جاوا صوبے کے قصبے سبانگ سے اسلامی جونیئر ہائی اسکول کے طلبا، اساتذہ اور والدین کے ایک گروپ کو لے کر جارہی تھی کہ جزیرے جاوا کے ضلع سوم ڈانگ کے قریب 65 فٹ گہری کھائی میں جاگری۔ دلخراش حادثے کے نتیجے میں ستائیس افراد جاں بحق جبکہ 37 زخمی ہوئے، جاں بحق ہونے والوں میں ایک بچہ بھی شامل ہے جو کہ طالب علم بتایا جاتا ہے، اس کے زخمیوں میں اسکول کے طلبا اور ٹیچرز بھی شامل ہیں، جاں بحق افراد میں بس ڈرائیور بھی شامل ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق حادثہ ڈرائیور کے بس پر کنٹرول کھونے کے باعث رونما ہوا اور جس جگہ حادثہ پیش آیا اور دور افتادہ مقام ہے جہاں شدید اندھیرا ابھی تھا۔ واضح رہے کہ انڈونیشیا میں سڑک حادثات کا رونما ہوا عام ہے، جس کی بنیادی وجہ سڑکوں کی خستہ حالی ہے۔

بقیہ 8

اور فلسطین میں بین الاقوامی علما کونسل کے مندوبین نے بھی شرکت کی۔ مارچ کی اہتمام فلسطینی علما رابطہ کونسل کی طرف سے کیا گیا تھا۔ اس موقع پر فلسطینی علما رابطہ کونسل کے چیئرمین نسیم یاسین نے خطاب میں کہا کہ یہ مارچ ہر سال رجب المرجب کے آخری ہفتے میں ہفتہ القدس کے تقریبات کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم فلسطینی قوم کو یہ امید دلاتے ہیں کہ پوری مسلم امہ اس وقت قضیہ فلسطین کے منصفانہ حل، القدس کو اس کا دارالحکومت بنانے اور مسجد اقصی کی پنجہ یہود سے آزادی کے لیے ایک صف میں کھڑی ہے۔ انہوں نے مسجد اقصی میں عبادت کے دوران اسرائیلی دشمن ریاست کی طرف سے انتقامی حربوں کا سامنا کرنے والے فلسطینیوں کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ نسیم یاسین کا کہنا تھا کہ القدس کے فلسطینی مسلمان ہی دفاع قبلہ اول کی فرنٹ لائن ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ نہ صرف بیت المقدس بلکہ پورا فلسطین اسلام کی وقف سرزمین ہے اور اس کے کسی ایک جزو پر افراط تفرید بھی حرام اور ناجائز ہے۔ انہوں نے بعض عرب ممالک کی طرف سے اسرائیل کے ساتھ تعلقات کے قیام کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیل کے ساتھ دوستی کرنے والے فلسطینیوں کے خیر خواہ نہیں بلکہ وہ مسجد اقصی کو صہیونی دشمن کے حوالے کرنے کے جرائم میں ملوث ہیں۔

بقیہ 9

خلاف ورزی ہیں اور یہ حملے فوری طور پر روکے جانے چاہئیں۔ انہوں نے سعودی عرب پر حوثی باغیوں کے حملوں کی شدید مذمت کرنے اور مملکت کے ساتھ مکمل یکجہتی کے اظہار پر زور دیا۔ ادھر یورپی یونین نے یمن کے حوثی باغیوں کی طرف سے [illegible] یونین میں خارجہ پالیسی اور سلامتی کے ترجمان پیٹر استانو نے کہا کہ ہم حوثی ملیشیا کی طرف سے سعودی عرب میں شہری آبادی پر حملوں کی پرزور مذمت کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یورپی یونین یمن میں جنگ بندی کا حامی ہے اور ہم یمن کے تنازع کا سیاسی حل دیکھنا چاہتے ہیں۔ استانو نے یمن کی تمام جماعتوں سے بھی سیاسی حل تک پہنچنے کا مطالبہ کیا۔

بقیہ 10

انہوں نے کہا کہ عراقی فورسز فضائی حملوں کی مدد کے بغیر داعش کے باقیات کو ختم کرنے میں ناکام ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ یہاں عراقی حکومت کے ساتھ مل کر کام کرنے آئے ہیں۔ کچھ دن قبل عراقی انٹیلی جنس سروس نے الدورہ کے علاقے میں انٹیلی جنس کارروائی کے دوران بغداد کے جنوب میں داعش کے جلاد کو گرفتار کیا تھا جو تنظیم میں قیدیوں کو پھانسی دینے کا ذمہ دار تھا۔ ایجنسی کے ایک بیان میں گذشتہ اتوار کو کہا گیا تھا کہ دہشت گرد عاشورا نعیمی، جسے عاشور الذباح کے نام سے جانا جاتا ہے، کو گرفتار کیا گیا ہے۔ یہ شدت پسند صوبہ فلوجہ اور یرموک ڈویژن میں پھانسی کے سیل کا انچارج اور شہریوں اور سیکیورٹی فورسز پر کے خلاف دہشت گردی کے درجنوں جرائم میں ملوث تھا۔ عراقی فوج اور جنرل انٹیلی جنس سروس اپنے زیر انتظام علاقوں میں داعش کی باقیات کا تعاقب جاری رکھے ہوئے ہے۔ کرکوک، دیالی اور نینوی سے دہشت گردی اور داعش سے تعلق کے شبے میں 63 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔

بقیہ 11

ہیں۔ محکمہ زراعت کویت کا کہنا تھا کہ وبا کو پھیلنے سے روکنے کیلیے ضروری اقدامات نافذ کردیئے گئے ہیں۔ محکمے نے کہا کہ تمام ریاستی اداروں کو برڈ فلو پھیلنے سے متعلق آگاہ کردیا ہے اور وائرس کا پھیلاو روکنے کیلیے کوششیں جاری ہیں۔ ایوین انفلوئنزا (اے آئی) یا برڈ فلو پرندوں کے لیے ایک خطرناک انفلوئنزا وائرس ہے۔ جو دریائی پرندوں، خاص طور پر بطخوں یا ہنس کو متاثر کرتا ہے۔ یہ جنگلی پرندوں سے گھریلو پرندوں تک پھیلتا ہے، جس میں مرغی، بطخیں، ہنس وغیرہ شامل ہیں۔

بقیہ 12

پھیلاؤ کی روک تھام کے لیے استعمال کی جائیں گی۔ بائیو این ٹیک فائزر سے کہا گیا کہ وہ یہ اضافی ویکسیز دو ہفتوں کے اندر اندر فراہم کرے۔ مجموعی طور پر یورپی کمیشن اب تک اس ویکسین کی دو ارب سے زائد خوراکوں کی فراہمی کے آرڈر دے چکا ہے۔ اس دواساز کمپنی کو پیداوار میں رکاوٹوں کا سامنا ہے اور اس وجہ سے یورپ میں ویکسینیشن مہم بھی سست روی کا شکار رہی ہے۔ یونین کی رکن بالٹک کی تین ریاستیں برسلز سے کورونا ویکسیز کی تقسیم کے نئے نظام کا مطالبہ کرچکی ہیں۔

بقیہ 13

کے بارے میں غور کررہی ہے جب فریقین کے مابین بامقصد اور تعمیری بات چیت شروع ہو۔ دونوں طرف سے اقدامات کا آغاز ہو۔ انہوں نے کہا کہ براہ راست بات چیت زیادہ موثر ہوتی ہے اور اس میں غلط فہمی کے امکانات کم ہوتے ہیں، لیکن انہوں نے مزید کہا کہ واشنگٹن کے لیے اس فارم کے مقابلے میں مواد زیادہ اہم ہے۔ روب میلے انٹرویو دیتے ہوئے زور دیا کہ آئندہ جون میں ہونے والے ایرانی صدارتی انتخابات پالیسی سازی کے عمل کا حصہ نہیں بنیں گے۔ ہم صرف یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ جوہری تنازع سے کیسے نمٹنا ہے۔ صدر جوزف [illegible] نے اس کی یہ شرط عاید کی ہے کہ ایران پہلے اس سمجھوتے کے تمام تقاضوں کو پورا کرے اور حساس جوہری کام بند کردے۔

بقیہ 14

سے پتا چلا ہے کہ بنی نوع انسان کے فائدے کے پیش نظر مملکت کا 10 اعشاریہ 42 فی صد رقبہ قدرتی پناہ گاہوں اور جنگلی حیات کے تحفظ کے لیے مختص کیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سعودی عرب میں وائلڈ لائف کنزرویشن اور پائیدار دیہی ترقی کے قومی نظام کی طرف سے جاری کردہ ایک رپورٹ میں کہا گیا کہ اب تک مملکت میں 75 قدرتی مقامات میں سے 15 کو عملی طور پر قدرتی پناہ گاہیں قرار دیا گیا ہے۔ دیگر مجوزہ 62 مقامات میں 13 سمندری اور ساحلی علاقوں میں قائم کی جائیں گی۔ ان میں سے وائلڈ لائف کنزرویشن مرکز 35 مقامات کا انتظام وانصرام سنبھالے گا۔ ان میں سے 15 موجودہ اور 20 آنے والے وقت میں شامل کی جائیں گی۔ 40 مقامات کو وزارت زراعت کے ذریعے چلایا جائے گا۔ ان میں الریاض، عسیر، طایف اور دوسرے شہروں میں قائم کی جائیں گی۔ کچھ مقامات دیہی امور، الجبیل اور الینبع میں شاہی اتھارٹی کے زیر انتظام چلائی جائیں گی۔ ان کا مقصد مربوط قدرتی ماحولیاتی نظام کے گروپ کو تحفظ فراہم کرنا ہے۔ ہر ریزرو کے انتظامی اور تکنیکی معاملات ایک ڈائریکٹر کی نگرانی میں انجام دیے جاتے ہیں۔ جو اپنی ٹیم کے ساتھ ان محفوظ پناہ گاہوں میں موجود جنگلی حیات کے تحفظ کے لیے کام کرتا اور جنگلی اور فطری حیات کو نقصان پہنچنے والے واقعات بچانے کا کام کرتا ہے۔ مملکت میں اب تک کل پندرہ مقامات کو محفوظ قدرتی مقامات قرار دیا گیا ہے۔ ان میں جبل شدا، سجا، ام الرمث، التیسیہ، نفود العریق، عروق بنی معارض، مجامع الھضب، الطبیق، جزائر فرسان، جرف یدہ، الوعول، جزیرہ ام القماری، محازرہ الصید، الخفہ، حرۃ الحرۃ اور الجبیل شامل ہیں۔

بقیہ 15

مشترکہ نیوز کانفرنس میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ ہم روس کے ساتھ اپنے تزویراتی اتحاد کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ دونوں ملکوں کے درمیان اعلی سطح پر رابطہ کاری، مشاورت اور تعاون موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب تیل کی عالمی مارکیٹ میں استحکام کے لیے روس اور اوپیک پلس فریم ورک کے ساتھ تعاون جاری رکھے گا۔ انہوں نے بتایا کہ سعودی عرب اور روس صارفین اور تیل پیدا کرنے والے ممالک کے لیے تیل کی منصفانہ قیمت چاہتے ہیں۔ اوپیک پلس اسی مقصد کے حصول کے لیے کوشاں ہے۔ اس ضمن میں اچھی رابطہ کاری موجود ہے اور دونوں ممالک عالمی معیشت کی حمایت جاری رکھیں گے۔ شہزادہ فیصل نے روسی وزیر خارجہ سے ایران کی حمایت یافتہ حوثی ملیشیا کے یمن سے سعودی آرامکو کی تنصیبات پر حالیہ حملوں کے بارے میں تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے حملوں کے جواب میں عالمی برادری کو مضبوط موقف اپنانا چاہیے اور ان کے ذمے داروں کے خلاف کارروائی کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ یمن میں جاری تنازع کے خاتمے اور اس کے منبع کو روکنے کے لیے مربوط کاوشیں کرنی چاہئیں۔

بقیہ 16

کو 2021 تک 2025 تک غزہ کی پٹی میں جماعت کا صدر منتخب کیا گیا ہے۔ خیال رہے کہ 18 فروری کو حماس کے پارٹی انتخابات شروع ہوئے تھے جو مارچ [illegible] شعبے کے صدر کے عہدے پر فائز ہیں۔ ان سے قبل جماعت کے موجودہ سیاسی شعبے کے سربراہ اسماعیل ہنیہ اس عہدے پر فائز تھے۔ دراین اثنا اسماعیل ہنیہ نے یحیی السنوار کو غزہ میں جماعت کا دوبارہ صدر منتخب ہونے پر مبارک باد پیش کی ہے۔

بقیہ 17

کے انتہا پسند یہودی لیڈر یہودا گلیک نے کی۔ مرکز اطلاعات فلسطین کے مطابق اسرائیلی فوج اور پولیس کی فول پروف سیکیورٹی میں 66 یہودی آبادکاروں، اور صہیونی انٹیلی جنس حکام سمیت کئی یہودیوں نے مسجد اقصی میں گھس کر بے حرمتی کی۔ فول پروف سیکیورٹی میں درجنوں یہودی آبادکاروں نے مقدس مقام کی بے حرمتی کی۔ اسرائیلی فوج کی فول پروف سیکیورٹی میں درجنوں یہودی آبادکاروں نے قبلہ اول میں گھس کر مقدس مقام کی بے حرمتی کی۔ یہودی آبادکار الگ الگ گروپوں کی شکل میں قبلہ اول میں داخل ہوئے۔ یہودی آبادکاروں کے ہمراہ مسجد اقصی پر دھاوے بولنے والوں میں اسرائیلی اسپیشل فورسز کے اہلکار بھی شامل تھے جو سنہ 1967 سے زیر قبضہ مراکشی دروازے کے راستے مسجد اقصی میں داخل ہوتے اور مقدس مقام کی بے حرمتی کرتے رہے۔

بقیہ 18

کمانڈر میجر جنرل طلال الغامدی فضائیہ کی جنگی مشقوں میں تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے بتایا کہ رائل ایئر فورس میں متعدد لڑاکا طیارے جن میں ایف 15 سی شامل ہوں گے ان مشقوں میں حصہ لیں گے۔ اس کے علاوہ مشقوں میں تکنیکی عملے اور معاون عملے کی بھی تربیت کی جائے گی۔ ایئر فورس کے ڈپٹی کمانڈر نے مشقوں کی تیاریوں، افرادی قوت اور دیگر امور سے متعلق بریفنگ لی۔ انہوں نے مشقوں میں حصہ لینے والے سپاہیوں اور افسروں سے ملاقات کی اور انہیں مشقوں میں بھرپور طریقے سے حصہ لینے اور اپنی عسکری مہارتوں میں اضافے پر زور دیا۔ مشقوں میں شامل ہونے والے فضائیہ گروپ کے کمانڈر کرنل پائلٹ عبدالرحمن بن سعید الشہری نے فضائی عملے کے شرکا کی مہارت کو بہتر بنانے کے لیے اس طرح کی مشقوں میں شرکت کی اہمیت پر زور دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس طرح کی مشقوں سے تکنیکی اور فضائیہ کے معاون عملے کی مہارتوں میں اضافہ ہوتا ہے اور ان کی دفاع وطن کی صلاحیت کو مزید بہتر بنانے میں مدد ملتی ہے۔

بقیہ 19

حملوں کے خلاف مدد کا پابند ہے۔ ترجمان نے زور دیا کہ واشنگٹن اس حوالے سے پاسداری کو سنجیدگی سے لیتا ہے۔ امریکی وزارت دفاع گذشتہ ہفتے یہ باور کرا چکی ہے کہ تزویراتی شراکت دار کے طور پر سعودی عرب کی سپورٹ کی پابندی کی جائے گی۔ ساتھ ہی یہ کہ امریکا اور سعودی عرب کے عسکری تعلقات میں پیش رفت دیکھی جارہی ہے۔

بقیہ 20

انٹرویو میں ملکہ برطانیہ کی تعریفیں کی تھیں۔ میگھن مارکل نے اوپرا ونفرے کو دیئے گئے انٹرویو میں انکشاف کیا تھا کہ شاہی خاندان کے ایک فرد نے آرچی کی رنگت کے بارے میں سوال کیا تھا۔ انٹرویو میں میگھن مارکل نے کہا تھا کہ انہیں شاہی خاندان کی جانب سے تحفظ نہیں ملا اور شاہی خاندان کا حصہ بننے کے بعد خاموش کروادیا گیا تھا۔

بقیہ 21

یو اے ای حکومت نے کورونا کیسز کی شناخت کے [illegible] ہے۔ رپورٹ کے مطابق تربیت یافتہ کتوں کو اہم ایونٹس پر تعینات کیا جائے گا جہاں کتے انسانوں کو چھوئے بغیر سونگھنے کی حس کی مدد سے کورونا کیسز کی تشخیص کریں گے۔ یو اے ای پولیس کے تربیت یافتہ کتوں کے ذریعے کورونا کیسز کی تشخیص کے لیے انسانوں کی بغل کا ایک سیمپل لیا جاتا ہے اور پھر اس سیمپل کو موبائل میڈیکل یونٹ میں ایک خصوصی کٹ کے ذریعے تربیت یافتہ کتے کے سامنے رکھا جاتا ہے اور پھر کتا اپنی سونگھنے کی حس کے ذریعے کورونا مثبت کیسز کی شناخت کرتا ہے۔ یو اے ای کی وزارت داخلہ کے حکام کا کہنا تھا کہ اسپیشل یونٹ فرنٹ لائن ہیلتھ ورکرز کو مدد فراہم کرتا ہے۔ خیال رہے کہ اس سے قبل بھارت اور کئی دوسرے ممالک بھی کتوں کے ذریعے کورونا مریضوں کی شناخت کا تجربہ کرچکے ہیں۔

بقیہ 22

معلوم نہیں ہوسکا تھا۔ حادثے کے 36 روز بعد جنگلات میں پائلٹ کا معلوم ہوا تو اسے فوری ہیلی کاپٹر کے ذریعے ریسکیو کر لیا گیا۔ خوش قسمت پائلٹ اینتھونی سینا نے حادثے کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ طیارے کی خرابی کا اندازہ ہونے کے بعد طیارے سے چھلانگ لگا کر اپنی جان بچائی تھی اور پیراشوٹ کی مدد سے ایمازون کے جنگلات میں بحفاظت اتر گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ جنگل میں 36 روز تک ادھر ادھر بھٹکتا رہا اور بھوک مٹانے کے لیے پودے اور پرندوں کے انڈے کھاتا رہا۔ واضح رہے کہ برازیل میں طیارے کو حادثے کے بعد پائلٹ کی تلاش کے لیے کئی روز تک آپریشن کیا گیا لیکن کوئی کامیابی نہ ملنے پر پائلٹ کو ہلاک قرار دے دیا گیا تھا۔ جنگل سے لکڑیاں جمع کرنے والے شہریوں نے پائلٹ کو دیکھ کر حکام کو آگاہ کیا جس کے بعد اسے ریسکیو کر کے اسپتال منتقل کیا گیا۔

بقیہ 23

ٹی وی کے مطابق امریکہ میں کورونا سے مرنے والوں کی کل تعداد 5 لاکھ 42 ہزار 191 تک پہنچ گئی ہے جبکہ 2 کروڑ 98 لاکھ 62 ہزار سے زائد متاثر ہیں۔ بھارت میں کورونا سے متاثرہ افراد کی تعداد ایک کروڑ 12 لاکھ 84 ہزار سے زائد ہے اور ایک لاکھ 58 ہزار 213 افراد جان کی بازی ہار چکے ہیں۔ برازیل میں کورونا سے متاثرہ افراد کی تعداد ایک کروڑ 12 لاکھ 5 ہزار سے زائد ہوگئی ہے اور 2 لاکھ 70 ہزار 917 افراد ہلاک ہوچکے ہیں۔ روس میں 43 لاکھ 51 ہزار سے زائد افراد کورونا وائرس سے متاثر ہوچکے ہیں اور اموات کی مجموعی تعداد 90 ہزار 275 ہے۔ برطانیہ میں 42 لاکھ 34 ہزار سے زائد افراد متاثر ہیں اور ایک لاکھ 24 ہزار 987 اموات ہوچکی ہیں۔ فرانس میں 39 لاکھ 63 ہزار سے زائد افراد متاثر اور 89 ہزار 565 جان کی بازی ہار چکے ہیں۔ اسپین میں 31 لاکھ 78 ہزار 442 افراد متاثر اور 71 ہزار 961 اموات ہوئی ہیں۔ اٹلی میں بھی 31 لاکھ 23 ہزار سے زائد افراد متاثر ہیں جبکہ ایک لاکھ 811 افراد ہلاک ہوچکے ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق دنیا میں کورونا وائرس کے پہلے پانچ کروڑ کیسز 356 دنوں میں رپورٹ ہوئے تھے جب کہ آخری پانچ کروڑ کیسز صرف اناسی روز میں رجسٹرڈ ہوئے ہیں۔ کورونا وائرس کا پہلا کیس 17 نومبر 2019 کو رجسٹرڈ ہوا تھا جس کے بعد 27 جون 2020 کو کیسز کی تعداد ایک کروڑ ہوگئی تھی۔ 24 نومبر کو کورونا کیسز کی تعداد چھ کروڑ ہوئی تھی، دس دسمبر 2020 کو کیسز سات کروڑ تک پہنچ گئے تھے، 25 دسمبر کو کیسز کی تعداد آٹھ کروڑ ہوگئی، 9 جنوری کو [illegible]

بقیہ 24

پر موقف اپنایا کہ اگر سماجی رابطوں کی ویب سائٹ پر یہی سلسلہ برقرار رہا اور ممنوعہ مواد پر مشتمل پوسٹیں نہ ہٹائی گئیں تو مکمل طور پر پابندی بھی عائد کی جاسکتی ہے۔ روس کے صدارتی محل کریملن نے اس حوالے سے جاری کردہ اپنے ردعمل میں کہا کہ روس سماجی رابطوں کی ویب سائٹس پر پابندیوں کا اطلاق نہیں چاہتا ہے لیکن سوشل میڈیا سے متعلق کمپنیوں کو بھی روسی قوانین کا احترام کرنا چاہیے۔

بقیہ 25

کے مطابق فید کے مقام پر کھدائیوں کے دوران ملنے والے نے کے دینار کے سکے پر 180ھ کی تاریخ درج ہے اور اس کا وزن چار گرام ہے۔ حائل یونیورسٹی میں آرٹ اور لٹریچر کالج کے ڈین ڈاکٹر محمد الشمری نے بتایا کہ کھدائیوں کے دوران فید شہر میں التنانیر کے مقام سے 180ھ کا دینار کا سکہ ملا ہے۔ سکے پر ایک طرف کوفی عربی رسم الخط میں کلمہ درج ہے جبکہ دوسری طرف قرآن پاک کی ایک آیت کے الفاظ کندہ کیے گئے ہیں۔ ڈاکٹر الشمری نے بتایا کہ فید میں ہونے والی یہ کھدائیاں 8 ویں سیزن میں جاری ہیں۔ ان کھدائیوں میں شہر کی بیرونی دیوار کے اطراف میں موجود کھنڈرات کی کھدائی کی جارہی ہے۔ اس مقام کے بارے میں لوگوں کا خیال ہے کہ یہ کسی زمانے میں بازار ہوا کرتا تھا اور یہاں سے پانی فراہم کیا جاتا۔ حجاج کرام اور معتمرین فید شہر سے اپنی ضرورت کی اشیاء خرید کرتے تھے۔ یہ مقام زبیدہ روڈ پر واقع ہے جو خلافت عباسیہ کے دور میں بغداد اور حجاز مقدس کو ملانے کا راستہ تھا۔

بقیہ 26

جاتے ہوئے اچانک لاپتہ ہوگئی تھی اور اسے آخری مرتبہ کلیم میں دیکھا گیا تھا۔ پولیس نے لاپتہ خاتون کو ڈھونڈنے کیلیے ہرممکن کوشش کی اور اس مقصد کیلیے 750 گھروں میں جا کر معلومات حاصل کی تاہم خاتون کو کچھ پتہ نہ چلا۔

بقیہ 27

ٹرمپ کے دور میں سیکریٹری خارجہ کے فرائض سرانجام دینے والے مائیک پومپیو نے معروف انگریزی اخبار عرب نیوز سے بات چیت میں کہا کہ ایرانی حکومت کو روکنے کے لیے مستقل مزاجی اور مضبوط پیغام کی ضرورت ہے۔ مائیک پومپیو نے بائیڈن انتظامیہ کی جانب سے حوثی ملیشیا کو دہشت گرد تنظیموں کی فہرست سے خارج کرنے پر شدید اعتراض کرتے ہوئے کہا کہ اس میں کوئی دو رائے نہیں ہیں کہ حوثی دہشت گرد ہیں اور اس میں بھی کوئی اختلاف نہیں ہے کہ انہیں ایران نے پروان چڑھایا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کے دور صدارت میں مائیک پومپیو نے 2018 میں سیکرٹری خارجہ کی حیثیت سے ذمہ داریاں سنبھالی تھیں اور انہوں نے ایران کی حکومت کو تنہا کرنے کی پالیسی اپناتے ہوئے زیادہ دباؤ ڈالنے کی حکمت عملی اپنائی تھی جس کی وجہ سے خطے میں تناؤ بڑھ گیا تھا۔

بقیہ 28

ترجمان ریاض الاشقر نے بتایا کہ اسرائیلی حکام نے رکن پارلیمنٹ محمد ابو طیر کو رہا کیا ہے مگر اس کے بعد بھی اسرائیلی جیلوں میں 9 فلسطینی رکن پارلیمنٹ قید ہیں۔ ریاض الاشقر کا کہنا تھا کہ صہیونی حکام نے 69 سالہ محمد ابو طیر کو گذشتہ روز 11 ماہ تک مسلسل بغیر کسی الزام کے انتظامی قید کے تحت پابند سلاسل رکھنے کے بعد رہا کیا۔ انہوں نے بتایا کہ محمد ابو طیر [illegible] دخل کردیا گیا تھا۔ ریاض الاشقر نے بتایا کہ اس وقت اسرائیلی زندانوں میں 9 رکن پارلیمنٹ قید ہیں۔ ان میں الخلیل کے محمد بدر، نابلس کے یاسر منصور انتظامی قید کے تحت پابند سلاسل ہیں جب کہ خالدہ جرار 2019 سے بدستور پابند سلاسل ہیں۔

بقیہ 29

ایک علامت وبا کے دوران سامنے آتی ہے۔ اس حوالے سے معدہ اور نظام ہضم میں پیدا شدہ علامات یا اس کے اثرات کورونا وائرس کی شدت اور پیچیدگیوں کی صورت میں سامنے آنے کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق بیماری کی ابتدا میں چند لوگ بھوک کی کمی اور کھانے سے عدم رغبت کا اظہار کرتے ہیں جب کہ بعض بے چینی، تھکاوٹ اور بھوک نہ لگنے جیسی صورتحال کا شکار بھی ہوتے ہیں۔ طبی ماہرین کا کہنا تھا کہ کورونا وائرس نظام ہضم کو بہت بری طرح متاثر کرتا ہے۔ ماہرین کے مطابق اب غیر معمولی طور پر بھوک کا نہ لگنا عالمی وبا کی اہم علامت سمجھا جانے لگا ہے۔ عالمی ماہرین نے اس ضمن میں خبردار کیا کہ متاثرہ شخص کا وزن بھی غیر ارادی طور پر کم ہونے لگتا ہے۔

بقیہ 30

ویکسین پلیٹ فارم مستقبل میں وباں سے متعلق ردعمل کے لیے بھی بہت اہم ثابت ہوگا۔ تحقیق کے دوران 52 ہزار سے زیادہ افراد کے ڈیٹا کا تجزیہ کیا گیا تھا جن کو ایم آر این اے کووڈ ویکسین کا ایک ڈوز استعمال کرایا گیا تھا۔ ان میں سے 2 فیصد میں الرجی ری ایکشن نظر آیا جبکہ اینافائیلیکس کی شرح ہر 10 ہزار افراد میں 2.47 فیصد تھی۔ تحقیق میں بتایا گیا کہ اینافائیلیکس کی اس شرح کا موازنہ عام بائیوٹیکس ادویات کے استعمال سے کیا جاسکتا ہے۔ فائزر / بائیو این ٹیک اور موڈرنا کی کووڈ 19 ویکسینز کی تیاری کے لیے ایم آر این اے ٹیکنالوجی کا استعمال ہوا۔

گلوکاری سے کوئی دلچسپی نہیں تھی، کرکٹر بننا چاہتا تھا عاطف اسلم

کرکٹ کی وجہ سے میری پڑھائی متاثر ہو رہی تھی، میں ایک اچھا بولر تھا

شروع میں والد کو میرا گانا اچھا نہیں لگا، جب دوسرے تعریف کرنے لگے تو انہیں بھی میری گائیکی اچھی لگنے لگی

لاہور (این این آئی) معروف گلوکار عاطف اسلم نے کہا ہے کہ مجھے گلوکاری میں کوئی دلچسپی نہیں تھی میں اتھلیٹ تھا اور کرکٹر بننا چاہتا تھا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ والدین چاہتے تھے کہ اپنی پڑھائی مکمل کروں، والدین کو لگا کہ شاید کرکٹ کھیلنا صرف میرا مشغلہ ہے لیکن وہ نہیں جانتے تھے کہ میں کتنا اچھا کھلاڑی تھا۔ انہوں نے کہا کہ کرکٹ کی وجہ سے میری پڑھائی متاثر ہو رہی تھی، میں ایک اچھا بولر تھا اور میری توجہ زیادہ سے زیادہ وکٹس حاصل کرنے پر تھی تاہم والدین کی وجہ سے کرکٹ چھوڑ دی۔ انہوں نے کہا کہ کرکٹ چھوڑنے کے بعد ایک دم خاموش اور اکیلا ہو گیا تھا لیکن ایک دن میں نے نصرت فتح علی خان کو سنا اور پھر میں نے پیچھے نہیں دیکھا۔ عاطف اسلم کا کہنا تھا کہ گلوکاری سے متعلق میں نے اپنے والدین کو نہیں بتایا، میرا پہلا گانا عادت ریلیز ہونے کے 3 سال بعد پڑوسی میرے گھر آیا اور والد سے کہا کہ آپ کے بیٹے کی زبردست آواز ہے اور بہت اچھا گانا گایا ہے جس پر والد نے خاص ردعمل نہیں دیا۔ انہوں نے کہا کہ شروع میں انہیں میرا گانا اچھا نہیں لگا تاہم جب لوگوں نے تعریف کی تو انہیں بھی میری گائیکی اچھی لگنے لگی۔ گلوکاری سے متعلق میں نے اپنے والدین کو نہیں بتایا، میرا پہلا گانا عادت ریلیز ہونے کے 3 سال بعد پڑوسی میرے گھر آیا اور والد سے کہا کہ آپ کے بیٹے کی زبردست آواز ہے اور بہت اچھا گانا گایا ہے جس پر والد نے خاص ردعمل نہیں دیا۔ انہوں نے کہا کہ شروع میں انہیں میرا گانا اچھا نہیں لگا تاہم جب لوگوں نے تعریف کی تو انہیں بھی میری گائیکی اچھی لگنے لگی۔

جگن کاظم نے افتخار ٹھاکر کو اپنا پسندیدہ کامیڈین اداکار قرار دیدیا

اسٹیج میڈیا کی بہت مضبوط شکل ہے، اس سے معاشرے کی تربیت کا کام لیا جا سکتا ہے

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ و میزبان جگن کاظم نے افتخار ٹھاکر کو اپنا پسندیدہ کامیڈین اداکار قرار دیدیا۔ اداکارہ نے کہا کہ میں مصروفیات کی وجہ سے تھیٹر پر جا کر ڈرامہ دیکھنے کا وقت نہیں ملتا لیکن جب بھی موقع میسر آتا ہے تو افتخار ٹھاکر کا اسٹیج ڈرامہ دیکھتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیج میڈیا کی بہت مضبوط شکل ہے اور اس سے لوگوں کی تربیت کا کام لیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے کامیڈین اداکار بھی چاہتے ہیں کہ معاشرے کی تربیت کی جائے اس لئے لکھنے والوں کو چاہیے کہ وہ اسٹیج ڈراموں کے ذریعے معاشرے کے مسائل کو اجاگر کرنے کے ساتھ نوجوان نسل کی بھی رہنمائی کریں۔ اسٹیج ڈراموں کے ذریعے معاشرے کے مسائل کو اجاگر کرنے کے ساتھ نوجوان نسل کی بھی رہنمائی کریں۔

اسمبلی میں جا کر بھی تھیٹر میں کام جاری رکھوں گی

کراچی (این این آئی) ڈراموں کی اداکارہ اور پروڈیوسر گل رعنا کا کہنا ہے کہ اداکاری اپنی جگہ میرا اصل مقصد اسمبلی تک رسائی ہے۔ ایک ویب سائٹ کو دیے گئے انٹرویو میں گل رعنا کا کہنا تھا کہ اداکار باقاعدہ سوچ کر نہیں بنی تھی بلکہ وقت نے بنا دیا کیوں کہ میں تو بطور پروڈیوسر ڈراموں میں کام کرتی تھی لیکن اداکارہ و پروڈیوسر محمد احمد نے اصرار کر کے مجھے اداکاری کرنے پر مجبور کیا اور قسمت کا کرنا یہ ہوا کہ اداکاری ہی کرتی رہی۔ گل رعنا نے کہا کہ سیاست میں میرے آنے کا واقعہ کچھ اس طرح ہوا کہ ایک روز مجھے قیصر نظامانی کی کال موصول ہوئی، انہوں نے بتایا کہ کلچرل ونگ ٹیم کی تشکیل ہو رہی ہے، کیا اس میں نام دے دوں جس پر میں نے فوری طور پر رضامندی ظاہر کر دی۔ جس کے بعد سیاسی سفر شروع ہوا تو ہم آگے بڑھتے گئے۔ میرا تعلق سیاست سے ہے تو مزید سفر بھی اسی جانب جاری رہے گا۔

کامیابیوں کا سفر جاری، منزل تک پہنچ کر خود ہی شوبز سے کنارہ کشی اختیار کر لوں گی

ہمیشہ خدا کی ذات پر توکل کیا ہے اور اسی وجہ سے میرے مخالفین کو کبھی کامیابی نہیں ملی

لاہور (این این آئی) فلمسٹار میرا نے کہا ہے کہ ابھی شوبز کے میدان میں میری کامیابیوں کا سفر جاری ہے اور جب میں سمجھوں گی کہ میں اپنی منزل تک پہنچ گئی ہوں تو میں خود ہی شوبز سے کنارہ کشی اختیار کر لوں گی۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے میرا نے کہا کہ بعض حاسدین شروع سے ہی میرے خلاف محاذ قائم کیے ہوئے ہیں جس کا سلسلہ آج بھی جاری ہے مگر میرے مخالفین کو ہمیشہ ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔ میں نے ہمیشہ خدا کی ذات پر توکل کیا ہے اور اسی وجہ سے میرے مخالفین کو کبھی کامیابی نہیں ملی۔ میرا نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ فلم انڈسٹری کا بحران کہیں باہر سے نہیں آیا یہ ہمارے اپنوں کی مہربانیاں ہیں۔ لیکن آنے والے چند سالوں میں ہماری فلم انڈسٹری بالی ووڈ کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہو گی۔ فلمسٹار میرا نے کہا ہے کہ ابھی شوبز کے میدان میں میری کامیابیوں کا سفر جاری ہے اور جب میں سمجھوں گی کہ میں اپنی منزل تک پہنچ گئی ہوں تو میں خود ہی شوبز سے کنارہ کشی اختیار کر لوں گی۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے میرا نے کہا کہ بعض حاسدین شروع سے ہی میرے خلاف محاذ قائم کیے ہوئے ہیں جس کا سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ مگر میرے مخالفین کو ہمیشہ ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔ میں نے ہمیشہ خدا کی ذات پر توکل کیا ہے اور اسی وجہ سے میرے مخالفین کو کبھی کامیابی نہیں ملی۔ میرا نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ فلم انڈسٹری کا بحران کہیں باہر سے نہیں آیا یہ ہمارے اپنوں کی مہربانیاں ہیں۔ لیکن آنے والے چند سالوں میں ہماری فلم انڈسٹری بالی ووڈ کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہو گی۔ فلمسٹار میرا نے کہا ہے کہ ابھی شوبز کے میدان میں میری کامیابیوں کا سفر جاری ہے اور جب میں سمجھوں گی کہ میں اپنی منزل تک پہنچ گئی ہوں تو میں خود ہی شوبز سے کنارہ کشی اختیار کر لوں گی۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے میرا نے کہا کہ بعض حاسدین شروع سے ہی میرے خلاف محاذ قائم کیے ہوئے ہیں جس کا سلسلہ آج بھی جاری ہے۔

پاکستانی گلوکاروں نے اپنی خوبصورت گائیکی سے دنیا بھر میں اپنے ملک کا نام روشن کیا ہے

موسیقی کے رموز پر گرفت کرنے کیلئے گائیکی کی مشق کرنے کیساتھ نامور گلوکاروں کو بھی سنتی ہوں

لاہور (این این آئی) نامور گلوکارہ آئمہ بیگ نے کہا ہے کہ پاکستانی گلوکاروں نے اپنی خوبصورت گائیکی سے دنیا بھر میں اپنے ملک کا نام روشن کیا ہے، برصغیر پاک و ہند کا خطہ اپنی خوبصورت ثقافت کے حوالے سے منفرد پہچان رکھتا ہے جس میں خوبصورت موسیقی کا بھی عمل دخل ہے۔ ایک انٹرویو میں آئمہ بیگ نے کہا کہ استاد نصرت فتح علی خان، ملکہ ترنم نور جہاں، ریشماں، مہدی حسن، بڑے غلام علی خان سمیت دیگر عظیم گلوکاروں نے اپنی خوبصورت گائیکی سے دنیا بھر میں پاکستان کا نام روشن کیا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے بچپن سے ہی گلوکاری کا شوق تھا اور میں تمام گلوکاروں کو بڑے شوق سے سنتی تھی۔ آج بھی گائیکی کی مشق کرنے کے ساتھ ساتھ نامور گلوکاروں کو سنتی ہوں جس کا مقصد موسیقی کے رموز پر گرفت کرنا ہے۔ نامور گلوکارہ آئمہ بیگ نے کہا ہے کہ پاکستانی گلوکاروں نے اپنی خوبصورت گائیکی سے دنیا بھر میں اپنے ملک کا نام روشن کیا ہے، برصغیر پاک و ہند کا خطہ اپنی خوبصورت ثقافت کے حوالے سے منفرد پہچان رکھتا ہے جس میں خوبصورت موسیقی کا بھی عمل دخل ہے۔ ایک انٹرویو میں آئمہ بیگ نے کہا کہ استاد نصرت فتح علی خان، ملکہ ترنم نور جہاں، ریشماں، مہدی حسن، بڑے غلام علی خان سمیت دیگر عظیم گلوکاروں نے اپنی خوبصورت گائیکی سے دنیا بھر میں پاکستان کا نام روشن کیا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے بچپن سے ہی گلوکاری کا شوق تھا اور میں تمام گلوکاروں کو بڑے شوق سے سنتی تھی۔ آج بھی گائیکی کی مشق کرنے کے ساتھ ساتھ نامور گلوکاروں کو سنتی ہوں جس کا مقصد موسیقی کے رموز پر گرفت کرنا ہے۔

شہرت کی بلندیوں کا سفر مسلسل محنت سے ہی طے کیا جا سکتا ہے

لاہور (این این آئی) اسٹیج کی معروف اداکارہ صائمہ خان نے کہا ہے کہ شہرت کی بلندیوں کا سفر مسلسل محنت سے ہی طے کیا جا سکتا ہے۔ مجھے شوبز کے میدان میں جس طرح عزت اور مقام ملا اب اس سے زیادہ کی خواہش بھی نہیں۔ ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شوبز کی دنیا میں جب اپنے کیریئر کا آغاز کیا تو میرے خواب میں بھی نہیں تھا کہ شہرت کی ان بلندیوں پر پہنچوں گی جو کسی بھی اداکارہ کا خواب ہوتا ہے اور خدا کا شکر ہے کہ میری کامیابیوں کا سفر جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری نئی آنے والی اداکاراؤں کو صرف ایک ہی نصیحت ہے کہ وہ محنت کو اپنا شعار بنائیں تو ایک دن کامیابی خود ان کے دروازے پر دستک دے گی۔

عمران اشرف کا ڈائیلاگ مداحوں کو بھا گیا

مکوآنہ (این این آئی) میں جان گیا ہوں، محبت صرف اعلیٰ ظرف کر سکتے ہیں'' عمران اشرف کا ڈائیلاگ مداحوں کو بھا گیا۔ معروف اداکار و ڈرامہ رائٹر عمران اشرف کا محبت سے متعلق ایک خوبصورت ڈائیلاگ سوشل میڈیا پر خوب وائرل ہو گیا ہے۔ اداکار عمران اشرف نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ انسٹاگرام پر اپنی ایک خوبصورت تصویر شیئر کی ہے، عمران اشرف کا تصویر میں دیا گیا پوز ان کے مداحوں کو خوب پسند آیا ہے۔ شہرت کی بلندیوں کو چھوتے عمران اشرف کی جانب سے اپنی اس تصویر کے ساتھ اپنے ایک ڈرامے کا ڈائیلاگ بھی شیئر کیا گیا ہے، جس پر ان کے مداح انہیں خوب داد دے رہے ہیں۔ محبت سے متعلق اس ڈائیلاگ میں ڈرامہ سیریل رقصِ بسمل میں موسیٰ کا کردار ادا کرنے والے عمران اشرف کا لکھنا ہے کہ میں جان گیا ہوں، محبت صرف اعلیٰ ظرف کر سکتے ہیں۔

جھوٹی خبریں پھیلانے والے بھارتی میڈیا کو کھری کھری سنا دیں

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ گوہر خان جھوٹی خبر شیئر کرنے پر اپنے ہی میڈیا پر بھڑک اٹھیں۔ 'ونس اپون ٹائم ان ممبئی'، 'عشق زادے'، 'کیا کول ہیں ہم تھری'، 'فیور'، 'بدری ناتھ کی دلہنیا'، 'بیگم جان' اور 'تیرا انتظار' سمیت دیگر فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھانے والی اداکارہ گوہر خان کے والد ظفر احمد کا چند روز قبل ہی انتقال ہوا ہے۔ جس کی وجہ سے وہ صدمے میں مبتلا ہیں۔ آج کل وہ اپنے والد کی یاد میں سوشل میڈیا پر اُن کی یادگار تصاویر شیئر کر رہی ہیں جس پر سوشل میڈیا صارفین بھی انہیں دلاسہ دے رہے ہیں۔ تاہم اس موقعے پر بھی بھارتی میڈیا اداکارہ سے اظہار ہمدردی کے بجائے جھوٹی خبریں پھیلانے میں مصروف ہے۔ جس پر اداکارہ نے بھارتی میڈیا کو کھری کھری سنا دیں۔ گوہر خان نے جھوٹی خبریں پھیلانے والے بھارتی میڈیا کو کھری کھری سنا دیں۔

میرا جسم میری مرضی جیسے نعرے لگانے والوں کے پاس کوئی دلیل نہیں، زارا اکبر

خواتین اپنے حقوق ضرور مانگیں لیکن اس کیلئے جو طریقہ کار اپنایا گیا ہے وہ غلط ہے

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ زارا اکبر نے کہا ہے کہ میرا جسم میری مرضی جیسے نعرے لگانے والوں کے پاس کوئی دلیل نہیں اور یہ کسی کی اندھی تقلید ہے جس کا مقصد صرف انتشار اور فساد پھیلانا ہے، خواتین اپنے حقوق ضرور مانگیں لیکن اس کیلئے جو طریقہ کار اپنایا گیا ہے اس کی حمایت نہیں کی جا سکتی۔ ایک انٹرویو میں زارا اکبر نے کہا کہ کوئی بھی چیز جب اپنی حدود سے باہر نکل جائے تو اس کے نتائج اچھے نہیں ہوتے، مادر پدر آزادی سوائے تباہی اور بربادی کے کچھ نہیں اور جو خواتین میرا جسم میری مرضی کے نعرے لگا رہی ہیں انہیں اپنے رویے پر نظر ثانی کرنا ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں خواتین کو حقوق میسر ہیں، مرد خاتون کا محافظ ہوتا ہے اس لئے کسی صورت بھی مقابلہ نہیں کیا جا سکتا۔ نامور اداکارہ زارا اکبر نے کہا ہے کہ میرا جسم میری مرضی جیسے نعرے لگانے والوں کے پاس کوئی دلیل نہیں اور یہ کسی کی اندھی تقلید ہے جس کا مقصد صرف انتشار اور فساد پھیلانا ہے، خواتین اپنے حقوق ضرور مانگیں لیکن اس کیلئے جو طریقہ کار اپنایا گیا ہے اس کی حمایت نہیں کی جا سکتی۔ ایک انٹرویو میں زارا اکبر نے کہا کہ کوئی بھی چیز جب اپنی حدود سے باہر نکل جائے تو اس کے نتائج اچھے نہیں ہوتے، مادر پدر آزادی سوائے تباہی اور بربادی کے کچھ نہیں اور جو خواتین میرا جسم میری مرضی کے نعرے لگا رہی ہیں انہیں اپنے رویے پر نظر ثانی کرنا ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں خواتین کو حقوق میسر ہیں، مرد خاتون کا محافظ ہوتا ہے اس لئے کسی صورت بھی مقابلہ نہیں کیا جا سکتا۔

خواتین کو اپنے حقوق کے حصول کیلئے تعلیم کو اپنا ہتھیار بنانا ہو گا، جنت مرزا

آج بھی خواتین کو جائیدادوں میں حصہ نہیں دیا جاتا اور ان کا استحصال کیا جاتا ہے

لاہور (این این آئی) معروف ماڈل و ٹک ٹاکرز جنت مرزا نے کہا ہے کہ خواتین کو اپنے حقوق کے حصول کے لئے تعلیم کو اپنا ہتھیار بنانا ہو گا، ہمارا معاشرہ تبدیل ہوا ہے لیکن آج بھی کئی علاقوں میں خواتین کا بدترین استحصال کیا جاتا ہے۔ ایک انٹرویو میں جنت مرزا نے کہا کہ جب ایک خاتون پڑھی لکھی ہو گی تو اسے نہ صرف اپنے حقوق کا علم ہو گا بلکہ وہ اپنے حقوق حاصل کرنے کے لئے قانونی جنگ لڑنے کی اہلیت بھی رکھتی ہو گی۔ تعلیم حاصل کرنے والی خواتین زیادہ پر اعتماد ہوتی ہیں اور وہ اپنے بچوں کی بھی اسی طرح تربیت کرتی ہیں جس سے انہیں کامیابی کی بنیاد ملتی ہے۔ جنت مرزا نے کہا کہ آج بھی خواتین کو جائیدادوں میں حصہ نہیں دیا جاتا اور ان کا استحصال کیا جاتا ہے اور اس کے لئے ضروری ہے کہ خواتین تعلیم حاصل کریں۔ معروف ماڈل و ٹک ٹاکرز جنت مرزا نے کہا ہے کہ خواتین کو اپنے حقوق کے حصول کے لئے تعلیم کو اپنا ہتھیار بنانا ہو گا، ہمارا معاشرہ تبدیل ہوا ہے لیکن آج بھی کئی علاقوں میں خواتین کا بدترین استحصال کیا جاتا ہے۔ ایک انٹرویو میں جنت مرزا نے کہا کہ جب ایک خاتون پڑھی لکھی ہو گی تو اسے نہ صرف اپنے حقوق کا علم ہو گا بلکہ وہ اپنے حقوق حاصل کرنے کے لئے قانونی جنگ لڑنے کی اہلیت بھی رکھتی ہو گی۔ تعلیم حاصل کرنے والی خواتین زیادہ پر اعتماد ہوتی ہیں اور وہ اپنے بچوں کی بھی اسی طرح تربیت کرتی ہیں جس سے انہیں کامیابی کی بنیاد ملتی ہے۔ جنت مرزا نے کہا کہ آج بھی خواتین کو جائیدادوں میں حصہ نہیں دیا جاتا اور ان کا استحصال کیا جاتا ہے اور اس کے لئے ضروری ہے کہ خواتین تعلیم حاصل کریں۔ معروف ماڈل و ٹک ٹاکرز جنت مرزا نے کہا ہے کہ خواتین کو اپنے حقوق کے حصول کے لئے تعلیم کو اپنا ہتھیار بنانا ہو گا، ہمارا معاشرہ تبدیل ہوا ہے لیکن آج بھی کئی علاقوں میں خواتین کا بدترین استحصال کیا جاتا ہے۔ ایک انٹرویو میں جنت مرزا نے کہا کہ جب ایک خاتون پڑھی لکھی ہو گی۔

امروز کھیل

Imroz Sports

لاڑکانہ میں انٹر بورڈ گرلز ہاکی چیمپئن شپ میں بہاولپور اور لاڑکانہ کی کھلاڑی گیند پر قابو پانے کی کوشش کر رہی ہیں

ڈومیسٹک کرکٹ، آئندہ 12 ماہ کے اہداف ہفتے کو تیار ہوں گے

ایک سالہ مدت کیلئے فرسٹ بورڈز کی تقرری 5 مارچ کو ہوئی تھی

لاہور (این این آئی) کرکٹ ایسوسی ایشنز فرسٹ بورڈز کے سربراہوں کی ہفتے کو پی سی بی عہدیداروں سے ملاقات ہو گی، نیشنل ہائی پرفارمنس سینٹر میں ہونے والی میٹنگ میں آئندہ 12 ماہ کے اہداف تیار کیے جائیں گے۔ نئے ڈومیسٹک کرکٹ اسٹرکچر کے تحت قائم ہونے والی 6 ایسوسی ایشنز کے فرسٹ بورڈز سربراہ ہفتے کو پی سی بی عہدیداروں سے ملاقات کر رہے ہیں، نیشنل ہائی پرفارمنس سینٹر لاہور میں ہونے والی اس میٹنگ میں آئندہ 12 ماہ کے اہداف تیار کیے جائیں گے۔ بورڈ کا شعبہ ڈومیسٹک کرکٹ فرسٹ بورڈز کے سربراہوں کو ڈومیسٹک اسٹرکچر اور آئندہ سرگرمیوں کے حوالے سے بریفنگ دے گا، انتظامی امور میں مختلف تقرریوں پر تبادلہ خیال کرنے کے ساتھ پی سی بی آئین 2019، کلب رجسٹریشن کے عمل اور ڈومیسٹک کرکٹ اسٹرکچر سے متعلق بھی آگاہ کیا جائے گا۔ یاد رہے کہ ایک سالہ مدت کیلئے فرسٹ بورڈز کی تقرری 5 مارچ کو ہوئی تھی، تقرر پانے والے عہدیدار سٹی کرکٹ اور ایسوسی ایشن کے ماڈل آئین میں مینجمنٹ کمیٹیز سے متعلقہ معاملات سنبھالیں گے، روزمرہ امور چلانے کے ساتھ ساتھ کلبز رجسٹریشن کے عمل کی نگرانی اور کرکٹ ایونٹس کا انعقاد اور نگرانی بھی ذمہ داریوں میں شامل ہے۔ قبل ازیں پی سی بی نے فرسٹ بورڈز کے نمائندوں کیلئے ہدایت نامہ جاری کرتے ہوئے بیان حلفی بھی طلب کیے تھے جو جمعہ تک جمع کروائے جانے ہیں، فرسٹ بورڈ اراکین بورڈ کی اجازت کے بغیر انٹرویوز نہیں دے سکیں گے۔ پالیسیز کے حوالے سے بیان جاری کرنے پر بھی پابندی ہو گی، پی سی بی کے نامزد کوچز اور سپورٹ اسٹاف کو عہدوں سے نہیں ہٹایا جا سکے گا، وہ اجازت کے بغیر ایسوسی ایشن کا بینک اکاؤنٹ نہیں کھول سکیں گے۔ ڈومیسٹک کرکٹ، آئندہ 12 ماہ کے اہداف ہفتے کو تیار ہوں گے ایک سالہ مدت کیلئے فرسٹ بورڈز مارچ میں ہو گی۔

پشاور کے قیوم اسٹیڈیم میں خاتون کھلاڑی گول کر رہی ہے

شاہین آفریدی اور حارث رؤف ہائی پرفارمنس سینٹر میں سہولیات کے معترف

مجھے لاہور قلندرز کے پلیئرز ڈویلپمنٹ پروگرام نے شناخت دی

پی ڈی پی سے ہی مجھے پاکستان کی طرف سے کھیلنے کا موقع ملا، حارث رؤف

اسلام آباد (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولرز شاہین آفریدی اور حارث رؤف قلندرز ہائی پرفارمنس سینٹر میں سہولیات کے معترف ہو گئے۔ فاسٹ بولرز شاہین شاہ آفریدی اور حارث رؤف نے قلندرز ہائی پرفارمنس سینٹر کا دورہ کیا جہاں انہوں نے لاہور قلندرز کے سی ای او عاطف رانا، ثمین رانا اور ڈائریکٹر عاقب جاوید سے ملاقات کی، اس دوران انہیں قلندرز ہائی پرفارمنس سینٹر مکمل ہونے اور اس کی ورکنگ کے بارے میں بتایا گیا۔ فاسٹ بولرز نے قلندرز ہائی پرفارمنس سینٹر کو عالمی معیار کا قرار دے دیا، شاہین شاہ آفریدی اور حارث رؤف نے نوجوان کرکٹرز کو ٹپس بھی دیں۔ حارث رؤف نے کہا کہ مجھے لاہور قلندرز کے پلیئرز ڈویلپمنٹ پروگرام نے شناخت دی، پی ڈی پی سے ہی مجھے پاکستان کی طرف سے کھیلنے کا موقع ملا۔

ویسٹ انڈیز نے پہلے ون ڈے میں لنکا کو شکست دیدی

کرائسٹ چرچ (این این آئی) ویسٹ انڈیز نے سری لنکا کو پہلے ون ڈے انٹرنیشنل میچ میں 8 وکٹ سے شکست دیدی۔ سری لنکا نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا اور پوری ٹیم 49 ویں اوور میں 232 رنز پر آؤٹ ہو گئی۔ سری لنکا کی جانب سے دونوں اوپنرز اور بندارا نے نصف سنچریاں بنائیں، بعد میں آنے والے کھلاڑی کچھ خاص کھیل پیش نہیں کر سکے۔ ویسٹ انڈیز کی جانب سے جیسن ہولڈر اور جیسن محمد نے سری لنکا کے دو، دو کھلاڑیوں کا شکار کیا۔ ہدف کے تعاقب میں کالی آندھی کے اوپنرز نے اچھے کھیل کا مظاہرہ کیا، 233 رنز کا ہدف 47 ویں اوور میں 2 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کر لیا۔ دونوں اوپنرز کے درمیان 143 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔ شائی ہوپ 110 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے جبکہ دوسرے اوپنر اوین لیوس نے 65 رنز بنائے۔ سری لنکا کی جانب سے چمیرہ واحد کامیاب بالر رہے جنہوں نے ویسٹ انڈیز کے دونوں اوپنرز کو آؤٹ کیا۔ دونوں ٹیموں کے درمیان ون ڈے سیریز کا دوسرا میچ (آج) جمعہ کو کھیلا جائیگا جبکہ تیسرا اور آخری میچ 14 مارچ کو ہو گا۔

پی ایس ایل ملتوی ہونا ایک غلطی تھی، عاطف رانا

پی ایس ایل کا ملتوی ہونا بھی ایک غلطی تھی تاہم ماضی میں جو ہوا سو ہوا

لاہور (این این آئی) لاہور قلندرز کے سی ای او عاطف رانا نے کہا ہے کہ پی ایس ایل کا ملتوی ہونا بھی ایک غلطی تھی۔ ایک بیان میں عاطف رانا نے کہا کہ غلطیاں سب سے ہوتی ہیں اور پی ایس ایل کا ملتوی ہونا بھی ایک غلطی تھی تاہم ماضی میں جو ہوا سو ہوا۔ دوسری جانب ثمین رانا نے کہا کہ پی سی بی کے ساتھ مل کر بہتر سے بہتر کرنے کی کوشش کریں گے۔ واضح رہے کہ پاکستان سپر لیگ میں کورونا کیسز سامنے آنے پر پی سی بی نے لیگ کو غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کر دیا ہے۔ لاہور قلندرز کے سی ای او عاطف رانا نے کہا ہے کہ پی ایس ایل کا ملتوی ہونا بھی ایک غلطی تھی۔

ٹورنامنٹ میں ملک بھر سے مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لیں گے

پاکستان ٹین پن باؤلنگ کپ ٹورنامنٹ میں شرکت کے لئے رجسٹریشن شروع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹین پن باؤلنگ کپ ٹورنامنٹ میں شرکت کیلئے رجسٹریشن کا آغاز ہو گیا ہے اور یہ ٹورنامنٹ پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے زیر اہتمام 23 مارچ سے لیور سٹی باؤلنگ کلب جناح پارک راولپنڈی میں شروع ہو گا، گذشتہ روز پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے صدر اعجاز الرحمٰن نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کی تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں اور ٹورنامنٹ میں ملک بھر سے مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لیں گے، ٹورنامنٹ میں نو مختلف کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں مینز سنگلز اینڈ ڈبلز، لیڈیز سنگلز، ایچو ر، انڈر 12، انڈر 14، انڈر 16، ڈیف اور میڈیا کیٹگریز کے مقابلے شامل ہیں، ٹورنامنٹ 30 مارچ تک جاری رہے گا اور ٹورنامنٹ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔

بلوچستان جوڈو دو روزہ ٹرائلز 13 مارچ سے شروع ہوں گے

14 مارچ (اتوار) کو دن گیارہ بجے جناح ٹاؤن میں ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان جوڈو ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام بلوچستان جوڈو مرد اور خواتین ٹیموں کے چناؤ کے سلسلہ میں دو روزہ ٹرائلز 13 مارچ سے شروع ہوں گے، گذشتہ روز بلوچستان جوڈو ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری نور احمد رند نے بتایا کہ منتخب ٹیمیں پشاور میں کھیلی جانے والی قومی جوڈو چمپئن شپ میں شرکت کریں گی، خواتین ٹیم کے چناؤ کے سلسلہ میں ٹرائلز 13 مارچ (ہفتہ) کو شام چار بجے، مری آباد میں ہوں گے جبکہ مرد کی ٹیم کے چناؤ کے سلسلہ میں ٹرائلز 14 مارچ (اتوار) کو دن گیارہ بجے جناح ٹاؤن میں ہوں گے، خواتین کے مقابلوں میں سات ویٹ کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں 40 کلوگرام، 44 کلوگرام، 48 کلوگرام، 52 کلوگرام، 57 کلوگرام، 63 کلوگرام اور 70 کلوگرام شامل ہیں۔ بلوچستان جوڈو ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام بلوچستان جوڈو مرد اور خواتین ٹیموں کے چناؤ کے سلسلہ میں دو روزہ ٹرائلز 13 مارچ سے شروع ہوں گے، گذشتہ روز بلوچستان جوڈو ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری نور احمد رند نے بتایا کہ منتخب ٹیمیں پشاور میں کھیلی جانے والی قومی جوڈو چمپئن شپ میں شرکت کریں گی۔ بلوچستان جوڈو دو روزہ ٹرائلز 13 مارچ سے شروع ہوں گے۔

فیصل آباد، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری عادل پرویز گجر انٹر کالجٹ مقابلوں کی فاتح ٹیم کو ٹرافی دے رہے ہیں

پی سی بی دفاتر کی بندش میں ایک روز کی توسیع کر دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے دفاتر کی بندش میں ایک روز کی توسیع کر دی گئی، جمعرات کو بھی بند رہے پی سی بی اسٹاف کے ایک رکن کا کوویڈ 19 ٹیسٹ مثبت آنے پر دفاتر تین روز کیلئے بند کیے گئے تھے۔ ذرائع کے مطابق دفاتر بند رہنے میں ایک دن کی توسیع کی گئی ہے، اسٹاف کے گزشتہ روز کوویڈ 19 ٹیسٹ ہوئے ہیں۔ بورڈ ذرائع کے مطابق رزلٹ آنے کے بعد آئندہ کا فیصلہ کیا جائے گا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے دفاتر کی بندش میں ایک روز کی توسیع کر دی گئی، جمعرات کو بھی بند رہے پی سی بی اسٹاف کے ایک رکن کا کوویڈ 19 ٹیسٹ مثبت آنے پر دفاتر تین روز کیلئے بند کیے گئے تھے۔

باکسر عامر خان نے کورونا ویکسین لگوالی

لندن (این این آئی) پاکستانی نژاد برطانوی باکسر عامر خان نے عالمی وبا کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے ویکسین لگوالی۔ سوشل میڈیا سائٹ انسٹاگرام پر عامر خان نے اپنی نئی تصویر شیئر کی جس میں وہ ہسپتال میں موجود ہیں اور کورونا ویکسین لگوا رہے ہیں۔ عامر خان نے اپنی تصویر کے کیپشن میں لکھا کہ آخر کار! میں نے بھی کورونا ویکسین لگوالی۔ باکسر نے لکھا کہ میں کورونا ویکسین لگوا کر بہت اچھا محسوس کر رہا ہوں۔ انہوں نے اپنی پوسٹ کے کیپشن میں ہیش ٹیگ StaySafe بھی استعمال کیا۔ واضح رہے کہ دنیا بھر میں کورونا وائرس سے متاثرہ افراد کی تعداد 11 کروڑ 58 لاکھ تک پہنچ گئی، اس مہلک وائرس سے اب تک 25 لاکھ 72 ہزار سے زائد افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔

راولپنڈی اسلام آباد ٹک ٹاکرز کرکٹ میلہ پنڈی کنگز نے لوٹ لیا

بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں میں نقد انعامات بھی تقسیم کیے گئے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی اسلام آباد ٹک ٹاکرز کرکٹ میلہ پنڈی کنگز نے لوٹ لیا ایوب کرکٹ اسٹیڈیم میں منعقدہ اس کرکٹ میلہ میں ملک کے نامور ٹک ٹاکرز نے شرکت کی نامور مذہبی و سماجی شخصیت مولانا محمد قاسم کے زیر اہتمام اس کرکٹ میلہ میں معاز کان نے خصوصی شرکت کی جبکہ تقریب کے مہمان خصوصی صدر مرکزی انجمن تاجران راولپنڈی و جنرل سیکرٹری آل پاکستان انجمن تاجران شاہد غفور پراچہ، چیئرمین سپورٹس کمیٹی پنجاب چوہدری ناصف محمود گورو، انصر صدیق سٹیئر صحافی و چیئرمین لیپنگ تھے جبکہ فاتح کھلاڑیوں میں انعامات سیور فوڈ کے مالک چوہدری حاجی ندیم نے تقسیم کیے اس کرکٹ میلہ مین راجہ وسیم الیون، پی ایم ٹک ٹاکرز، پنڈی ون، اور دیگر ٹیموں نے حصہ لیا فاتح ٹیم کو ٹرافی اور دس ہزار روپے نقد انعام جبکہ دوسرے نمبر پر آنے والی پی ایم ٹک ٹاکرز، کو پانچ ہزار روپے نقد انعام دیئے گئے تقریب میں ڈی۔ جی ایوب پارک آصف اختر نے بھی خصوصی شرکت کی اس موقع پر زیادہ چھکے لگانے والے کھلاڑیوں اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں میں نقد انعامات بھی تقسیم کیے گئے اس موقع پر مولانا قاسم کی طرف سے جلد ملک گیر ٹورنامنٹ کے انعقاد کا بھی اعلان کیا گیا راولپنڈی اسلام آباد ٹک ٹاکرز کرکٹ میلہ پنڈی کنگز نے لوٹ لیا بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں میں نقد انعامات تقسیم کیئے گئے۔

لاہور، ڈائمنڈ پینٹس اور ماسٹر پینٹس کے درمیان پولو میچ کا منظر

بقیہ 1

ریٹائرڈ ہو گئے ہیں ۔100 اراکین پر مشتمل سینیٹ میں حکمران جماعت کے مشترکہ امیدوار صادق سنجرانی کو پی ڈی ایم کے مشترکہ امیدوار یوسف رضا گیلانی پر ایک ووٹ کی برتری حاصل ہے کیونکہ سابق وزیر خزانہ اسحاق ڈار بیرون ملک ہونے کی وجہ سے ووٹ نہیں ڈال سکیں گے اور جماعت اسلامی نے ابھی تک کسی کو ووٹ نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے اسی وجہ سے حکمران جماعت کو اس وقت 49 اور پی ڈی ایم کو 48 اراکین کی حمایت حاصل ہے ۔چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا انتخاب آج (جمعہ کو) ہوگا ،سیاسی جوڑ توڑ بھی عروج پر پہنچ گیا ،تحریک انصاف حکومت اور پاکستان ڈیموکریٹک نے آزاد اور ہم خیال سینیٹرز سے رابطے تیز کر دیئے ہیں ۔آج 12 مارچ کو ہی نومنتخب سینیٹرز کی حلف برداری ہوگی ، چیئرمین صادق سنجرانی نومنتخب اراکین سے حلف لیں گے ، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا انتخاب بھی اسی روز ، ایوان بالا میں پولنگ بوتھ قائم کیا جائے گا ، ووٹنگ خفیہ رائے شماری سے ہوگی ، پہلے چیئرمین سینیٹ پھر ڈپٹی چیئرمین کا انتخاب کیا جائے گا ۔حلف برداری کے بعد اجلاس کچھ گھنٹوں کیلئے ملتوی کر دیا جائے گا ،اسی روز سہ پہر چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین سینٹ کا انتخاب ہوگا جس کیلئے امیدوار کاغذات نامزدگی جمع کروائینگے ، دونوں عہدوں کے انتخابات خفیہ رائے شماری سے ہونگے ایوان بالا کو پولنگ اسٹیشن کا درجہ دیا جائے گا ،صدر مملکت انتخاب کیلئے موجودہ سینیٹرز میں سے کسی کو پریزائیڈنگ افسر مقرر کرینگے ، امیدواروں میں سادہ اکثریت لینے والا چیئرمین سینیٹ منتخب ہو جائے گا ، تاہم ووٹ برابر ہونے کی صورت میں انتخاب دوبارہ ہونگے ، نومنتخب چیئرمین سینیٹ کی حلف برداری کے بعد ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا انتخاب ہوگا ۔اس انتخاب میں بھی چیئرمین سینیٹ کے انتخاب کی کارروائی دہرائی جائے گی ، ڈپٹی چیئرمین کی حلف برداری کے بعد حکومت اور اپوزیشن سینیٹ میں قائد ایوان اور قائد حزب اختلاف نامزد کرینگے۔

بقیہ 2

بارشوں کی پیشنگوئی کر دی ۔تفصیلات کے مطابق کوئٹہ سمیت موضفاتی علاقوں میں ہلکی ہلکی بارش سے موسم خوشگوار ہو گیا ،محکمہ موسمیات کے مطابق بارشوں کا سلسلہ بلوچستان کے شمالی اور جنوبی علاقوں میں جاری رہے گا روان ہفتے بارشیں مزید جاری رہنے کا امکان ہے بلوچستان کے بلند پہاڑیوں پر برفباری کا بھی امکان ہے ۔

بقیہ 3

ہوئی ہے ۔یوسف رضا گیلانی نے اپنے ایک بیان میں دعویٰ کیا کہ چیئرمین سینیٹ کیلئے سینٹ میں ہونے والا معرکہ ہم جیتیں گے ۔انہوں نے بتایا کہ سلیم مانڈوی والا کی دعوت میں حکومتی سینیٹرز بھی آئے ۔یوسف رضا گیلانی نے اپنا سینٹ ممبرز کا کارڈ بھی حاصل کر لیا ۔چیئرمین سینیٹ کے امیدوار یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ میں 9 سال بعد دوبارہ پارلیمنٹ میں واپس آ گیا ہوں واضح رہے کہ مسلم لیگ نون کی نائب صدر مریم نواز کا چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین سینیٹ انتخاب سے متعلق کہنا ہے کہ ہمارے سینیٹرز کو فون کالز کی جا رہی ہیں ۔مریم نواز نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارے سینیٹرز سے کہا جا رہا ہے پی ڈی ایم امیدوار کو ووٹ نہ دیں ۔

بقیہ 4

ریسرچ سیکرٹری عبید لاشاری ،ضلعی جنرل سیکرٹری ریاض زہری ضلعی رابطہ سیکرٹری حاجی نعیم بنگلزئی موجود تھے ۔نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا کہ ملک میں موجود غیر سیاسی عناصر کا مقابلہ کرنے کے لیے ضروری ہے کہ مرد و زن دونوں کو سیاسی عمل میں بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے ۔سیاسی عمل ہی نہ صرف خواتین اور سماج بلکہ ملک کی بقاء کی ضامن ہے ۔انہوں نے کہا کہ خواتین سیاسی شعور سے روایتی و فرسودہ نظام کے خاتمہ کر سکتے ہیں ۔نیشنل پارٹی خواتین کو با اختیار و باوقار بنانے کے لیے جدو جہد کر رہی ہے ۔نیشنل پارٹی کوئٹہ خواتین کی تنظیم کاری کا عمل میں تعاون کریں ۔تاکہ پارٹی کو فعال و متحرک بنایا جا سکے ۔

بقیہ 5

چیئرمین سینیٹ کے عہدے کیلئے امیدوار یوسف رضا گیلانی نے (آج) جمعہ کو چیئرمین سینیٹ کے الیکشن کا معرکہ جیتنے کا دعویٰ کرتے ہوئے کہا ہے کہ سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی دعوت میں حکومتی سینیٹرز بھی آئے ۔جمعرات کو یوسف رضا گیلانی نے انکشاف کیا کہ سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی دعوت میں حکومتی سینیٹرز بھی آئے ۔یوسف گیلانی نے کہا کہ انہیں وزیراعظم کے عہدے سے نااہل تو کر دیا گیا تاہم 9 سال بعد وہ دوبارہ پارلیمنٹ میں واپس آ گئے ہیں ۔

بقیہ 6

آئے ہوئے وفود سے ملاقات میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ سید یوسف رضا گیلانی چیئرمین سینیٹ الیکشن میں کامیاب ہو کر عوامی احتجاج کو ثابت کریں گے جو پی ڈی ایم کا بیانیہ ہے کہ آج وطن عزیز میں مافیا برسر اقتدار ہے جس نے ملکی معیشت ، اقتصادیات اور سلیت کو خطرے سے دوچار کر دیا ہے ، دنیا بھر کے چور، لٹیرے اور مفاد پرست عناصر سلیکٹڈ نیازی کے ساتھ ملکر سامراجی استعماری ایجنڈے کے تحت پاکستان کو تباہی کی طرف دھکیل رہے ہیں ، حکمرانوں کا پیدا کردہ مہنگائی ، بے روزگاری ، لاقانونیت کا سونامی عوام اور وطن عزیز کو بے موت مار رہا ہے ۔ملک ذیشان حسین نے مزید کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی پی ڈی ایم میں شامل دیگر جمہوری قوتوں کے ساتھ ملکر سامراجی استعماری ایجنڈے کو شکست سے ہمکنار کریں گے ، سینٹ میں پی ڈی ایم میں شامل اپوزیشن اتحاد کو 47 کے مقابلے میں 53 ارکان کی حمایت حاصل ہے ، مولانا فضل الرحمن نے حکومتی یوٹرن کو ٹھکرا کر ثابت کر دیا ہے کہ پی ڈی ایم متحد ہے اور کسی حکومتی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دے گا ملک ذیشان حسین نے مزید کہا کہ پیپلز پارٹی اور دیگر اپوزیشن جماعتوں کے کارکن 26 مارچ کے لانگ مارچ کے حوالے سے سرگرم اور پرجوش ہیں اور اسلام آباد دھرنا سے حکومت کے خلاف عوامی نفرت کو منطقی انجام تک پہنچا کر غاصب حکمرانوں کے چنگل سے عوام کو آزاد کروا کر دم لیں گے ۔

بقیہ 7

سی و سماجی شخصیت ملک عبدالوالی کاکڑ ، کے ساتھ نا روا سلوک کی پرزور مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پورے ملک کی طرح بلوچستان میں بھی تجاویزات آپریشن کے نام پر کھلی بدمعاشی کی جاتی ہے چند گھنٹوں کے نوٹس کے بعد آپریشن کے نام پر تاجر برادری لاکھوں کا نقصان پہنچایا جا رہا ہے اسکے ساتھ ساتھ انتظامی آفیسرز کا پولیس کے ساتھ مل کر ہتھک آمیز رویہ اور عوام پر کھلی غنڈہ گردی نا قابل برداشت اور افسوسناک عمل ہے بلوچستان ایک قبائلی صوبہ ہے اور یہاں قانون و آئین کے اندر قبائل کے صدیوں پر مبنی باعزت تاریخ ہیں جسکا احترام تمام اداروں اور سماج کے ہو ذمہ دار شخص پر لازم ہے انہوں نے آخر میں حکام بالا سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ اس افسوسناک اور قابل مذمت واقع میں ملوث آفیسرز و اہلکاروں کے خلاف فی الفور سخت قانونی کا روائی عمل میں لائی جائے بصورت دیگر عوام اور سیاسی جماعتوں پایا جانے والا شدید غم و غصہ عملی احتجاج میں تبدیل ہوگی جس کی تمام تر ذمہ داری حکام بالا پر عائد ہوگی۔

بقیہ 8

شعبہ منصوبہ بندی ، آپریشن اسٹیبلشمنٹ اور فنانس کے افسران و ملازمین کرونا کا شکار ہو گئے ہیں ، سیکرٹری ریلوے پہلے ہی کرونا کا شکار ہو چکے ہیں ۔خصوصی رپورٹ کے مطابق وزارت ریلوے میں کرونا کے وار شدت اختیار کر گئے ہیں ۔وزارت ریلوے کے شعبہ منصوبہ بندی کے ڈی جی اور افسران اور ان کا سٹاف جن میں خواتین بھی شامل ہیں کرونا کا شکار ہو گئے ہیں اس کے ساتھ شعبہ آپریشن کے ڈی جی بھی کرونا کا شکار ہو چکے ہیں ، اس کے ساتھ ملازمین کو بھی کرونا ہو گیا ہے شعبہ اسٹیبلشمنٹ اور فنانس کے ملازمین میں بھی کرونا نکل آیا ہے جبکہ وزارت ریلوے کے سیکرٹری پہلے ہی کرونا کا شکار ہیں ۔وزارت میں بڑی تعداد میں افسران و ملازمین کے کرونا کے شکار ہونے کے بعد ملازمین میں خوف و ہراس پھیل گیا ہے مگر حکام کی طرف سے ابھی تک معاملہ کو سنجیدہ نہیں لیا جا رہا ۔ملازمین کو معمول کے مطابق ڈیوٹی پر بلایا جا رہا ہے جس سے کرونا کے مزید پھیلنے کا خدشہ پیدا ہو گیا ۔

بقیہ 9

کی ہم مذمت کرتے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ میاں بدر منیر ایڈووکیٹ کئی سال سے سکول چلا رہے ہیں اگر کسی شخص کو ان سے کوئی مسئلہ ہے تو وہ عدالت جائے ۔قاری رحمت اللہ ایڈووکیٹ نے کہا کہ اگر پولیس نے فوری طور پر میاں بدر منیر کی ایف آئی آر میں نامزد ملزمان کو گرفتار نہیں کیا تو وکلاء سخت احتجاج پر مجبور ہونگے جس کی تمام تر ذمہ داری پولیس پر عائد ہوگی ۔

بقیہ 10

چیئرمین کے امیدواروں کے فیصلے سے ثابت ہو گیا ہے تحریک انصاف سیاسی جماعت نہیں ۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے اکابرین کی دانشمندی کو سلام جنہوں نے کوئی عہدہ جماعت کے اندر نہیں رہنے دیا ، اکثریتی جماعت ہونے کے باوجود پی ٹی آئی کو نہ چیئرمین سینیٹ اور نہ ڈپٹی چیئرمین کا امیدوار دینے کے اہل سمجھا گیا ، ثابت ہو گیا کہ تحریک انصاف بھان متی کا کنبہ ہے ، جس کے سینیٹر اپنے نہ امیدوار اپنے ۔انہوں نے کہا کہ کیا تماشہ ہوگا جب پی ٹی آئی کے کہلانے والے سینیٹر کسی اور کے امیدواروں کو ووٹ کریں گے ۔انہوں نے کہا کہ عمران خان کو تو اس جماعت کی عزت کا خیال نہیں ، بنانے والے ہی کچھ خیال کریں ۔

بقیہ 11

اللہ اچکزئی ، نقیب اللہ اچکزئی ، فضل خالد کاکڑ ، عین الدین کاکڑ ، اظہار احمد اچکزئی ، جلال اچکزئی ، رفیع اللہ اچکزئی ، سید طارق شاہ ، سید سمیع اللہ اور دیگر تاجروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نصر الدین اچکزئی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں انڈسٹریز نہ ہونے کی وجہ سے عوام پہلے ہی بے روزگاری کا شکار ہیں تو دوسری طرف حکومت نے ایرانی تیل اور نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کے کاروبار سے منسلک افراد کے خلاف کارروائی سے لاکھوں کی تعداد میں لوگ بے روزگار ہو چکے ہیں جس سے صوبے میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ ہوگا ۔انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کو روزگار دینے کی بجائے ان سے روزگار چھین رہی ہے جس کی وجہ سے لاکھوں گھرانے دو وقت کی روٹی کے محتاج ہو چکے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ صوبے میں فیکٹریاں اور انڈسٹری نہ ہونے کی وجہ سے روزگار کے مواقع نہ ہونے کے برابر ہیں جس کی وجہ سے لاکھوں گھرانے پاک افغان اور پاک ایران بارڈر کے ذریعے چھوٹے موٹے کاروبار سے اپنے گھروں کے چولہے جلا رہے ہیں لیکن حکومت نے انہیں بے روزگار کرنے کا تہیہ کر رکھا ہے ۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت فوری طور پر ایرانی تیل لانے اور کابلی گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن ختم کرے ۔

بقیہ 12

ڈی اے) کے سینیٹر مظفر حسین شاہ کریں گے ۔صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے سینیٹ اجلاس کے لیے پریزائڈنگ افسر کی منظوری دے دی ۔سینٹ اجلاس کی صدارت جی ڈی اے کے سینیٹر مظفر حسین شاہ کریں گے ، وہ نئے اراکین سینیٹ سے حلف لیں گے ۔چیئرمین سینیٹ کا انتخاب سینیٹر مظفر حسین شاہ کروائیں گے جبکہ نئے چیئرمین سینیٹ اپنے انتخاب کے بعد ڈپٹی چیئرمین کا انتخاب کروائیں گے ۔گجیال رہے کہ (آج) جمعہ کو سینیٹ میں چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین کے انتخاب کے لیے دنگل سجے گا ، جس میں عددی برتری کے اعتبار سے اپوزیشن کی جیت یقینی دکھائی دیتی ہے ۔تاہم اسلام آباد میں سینیٹ کی جنرل نشست پر شکست کھانے کے بعد وفاقی وزیر اطلاعات نے چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین کے انتخاب سے متعلق کہا تھا کہ جیت کے لیے ہر حربہ استعمال کریں گے ۔واضح رہے کہ حکومت اتحاد کی جانب سے صادق سنجرانی کو چیئرمین سینیٹ جبکہ مرزا آفریدی کو ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے لیے نامزد کر دیا ہے ۔اسی طرح اسلام آباد کی جنرل نشست پر تاریخی کامیابی حاصل کرنے والے یوسف رضا گیلانی چیئرمین سینیٹ جبکہ جے یو آئی (ف) کے عبدالغفور حیدری ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے لیے اپوزیشن اتحاد کے امیدوار ہیں ۔

بقیہ 13

درخواست دائر کر دی گئی ۔جمعرات کو الیکشن کمیشن میں درخواست لاہور کے شہری جبران حیدر کی جانب سے دائر کی گئی ۔درخواست میں کہا گیا کہ شیخ روحیل اصغر نے 6 مارچ کو باآواز بلند قوم کی ماں ، بہن ، بیٹیوں کو دن دیہاڑے گالیاں دی ۔درخواست کے مطابق شیخ روحیل اصغر کے فعل سے قوم کی ماؤں ، بہنوں اور بیٹیوں کی عزت مجروح ہوئی ہے ، شیخ روحیل اصغر کو انکے نازیبا الفاظ استعمال کرنے پر نااہل قرار دیا جائے ۔

بقیہ 14

ادھوری اٹھارویں ترمیم سے صوبے کے وزیر اعلیٰ اختیارات اور وسائل پر قابض ہیں ، اب یہ وزراء اعلیٰ کی مرضی پر منحصر ہے کہ وہ کسی ڈسٹرکٹ کو وسائل فراہم کریں یا نا کریں ، اٹھارویں ترمیم میں مزید ترمیم کیے بغیر اختیارات اور وسائل نچلی ترین سطح پر عوام تک نہیں پہنچ سکتے ، لحاظہ این ایف سی ایوارڈ کی طرز پر پی ایف سی ایوارڈ کا اجراء کیا جائے ، وفاقی حکومت این ایف سی کو پی ایف سی کیساتھ لازم و ملزوم قرار دینے کے علاوہ تواتر سے بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں ، تب ہی ملک میں تباہ حال معیشت ، انفرا اسٹرکچر اور سماجی معاملات کو بحالی کی جانب گامزن کیا جا سکتا ہے ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان ہاؤس میں بلوچ قبائل کے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا ۔انہوں نے مزید کہا کہ پاک سرزمین پارٹی وہ واحد سیاسی جماعت ہے جو کراچی کے مسائل کا حل پیش کر رہی ہے اور لسانیت اور فرقہ واریت کے خلاف ہراول دستے کا کردار ادا کر رہی ہے ۔ہماری سب سے بڑی کامیابی یہ ہے کہ ہم نے دلوں کو دلوں سے جوڑ دیا تا کہ پاکستان کی تمام اکائیاں ایک دوسرے کے لیے سیسہ پلائی دیوار بن کر ظالم کا ہاتھ روک سکیں ۔یہی وجہ ہے کہ آج قوم زبان ، مذہب اور مسلک سے بالاتر ہو کر پاک سرزمین پارٹی میں جوق در جوق شمولیت اختیار کر رہی ہے ۔

بقیہ 15

سینیٹ سیکرٹریٹ نے فیصلہ کیا ہے کہ کرونا وباء کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے حکومت کی جانب سے جاری کئے گئے ایس او پیز پر سختی سے عمل کیا جائے گا جس کے تحت پارلیمنٹ کی بلڈنگ کے اندر مہمانوں کا داخلہ محدود کرنا پڑا ہے ۔نومنتخب اراکین سینیٹ پیشگی کارڈ کے اجراء کے بعد صرف ایک مہمان کو اپنے ساتھ لا سکیں گے جبکہ عمارت کے اندر غیر ضروری طور پر اکھٹے ہونے کی اجازت نہیں ہو گی ۔اسی طرح میڈیا کیلئے بھی پہلے سے اختیار کئے گئے ایس او پیز کے تحت جاری کئے گئے کارڈ قابل استعمال ہونگے اضافی سیشن کارڈ جاری نہیں کئے جائیں گے ۔کرونا وباء کے دوران سینیٹ اور قومی اسمبلی سیکرٹریٹس نے پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ اور پارلیمانی رپورٹرز ایسوسی ایشن کے ساتھ مشاورت کے بعد متفقہ طور پر ایس او پیز تیار کئے تھے اور موجودہ حالات کے پیش نظر انہی ایس او پیز پر سختی سے عمل کیا جائے گا تا کہ وباء کے پھیلاؤ کو روکنے میں انفرادی اور اجتماعی طور پر کردار ادا کیا جا سکے ۔سینیٹ سیکرٹریٹ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اگرچہ عوام کی ایک بڑی تعداد حلف برداری کی تقریب میں شرکت کی خواہشمند ہے مگر کرونا وباء کے باعث ملکی سطح پر پیدا ہونے والی صورتحال کو سامنے رکھتے ہوئے بعض مشکل فیصلے کرنے پڑ رہے ہیں ، جس کیلئے تمام مکتبہ فکر کے لوگوں سے تعاون کی درخواست ہے ۔

بقیہ 16

دیگر کے علاوہ بی این پی مینگل کے ایم پی اے احمد نواز بلوچ ، اکبر خان و دیگر موجود تھے ۔بی این پی مینگل کی جانب سے پی ڈی ایم کے امیدواروں کی بھرپور حمایت کا اعلان کیا گیا ہے ۔مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ جمہوریت کی بالادستی کیلئے مل کر کام کریں گے ، موجودہ حکومت سے عوام تنگ آ چکے ہیں ۔ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی نے کہا کہ پی ڈی ایم کی کامیابی یقینی ہے ، سینیٹ الیکشن میں بھی پی ڈی ایم نے بھرپور کامیابی حاصل کی ۔

بقیہ 17

ڈال دیں ، زندگی جب تک ہے نواز شریف اور ن لیگ کا ساتھ دیں گے ، ہم میاں نواز شریف کے ساتھ ہیں ۔وہ (ن) لیگی رہنماؤں شاہد خاقان عباسی ، احسن اقبال اور مریم اورنگزیب کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے تھے ۔حافظ عبدالکریم نے کہا کہ مجھے پہلی کال وائس ایپ پر 6 مارچ کو آئی ، پھر سات مارچ کو دو بجکر اٹھاون منٹ پر اور نو مارچ کو بارہ بجکر چھ منٹ پر کال آئی ۔حافظ عبدالکریم نے کہا کہ آخری کال پر میری بات ہوئی ، مجھ سے کہا گیا کہ سرکاری امیدوار کو سپورٹ کریں اور گیلانی کو سپورٹ نہ کریں ۔انہوں نے کہا کہ میں نے ان سے یہی کہا کہ ملک کا حال کیا ہو گیا ہے ، ہم کس طرح سپورٹ کریں ۔حافظ عبدالکریم نے کہا کہ جتنے پرچے اور دباؤ ڈالنا ہے ڈال دیں ، زندگی جب تک ہے نواز شریف اور ن لیگ کا ساتھ دیں گے ، ہم میاں نواز شریف کے ساتھ ہیں ۔اس موقع پر سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ (آج) جمعہ کو چیئرمین سینٹ کا انتخاب ہے ، 2018 میں ایک روایت پڑی جس نے اس انتخاب کو متنازعہ کر دیا ، 2018 میں ایسے لوگ منتخب ہوئے جن کی جماعت کی کوئی نمائندگی نہیں تھی ، اس وقت مسلم لیگ (ن) کی واضح اکثریت اور ہماری حکومت تھی ، میں نے بطور وزیراعظم اس کا تذکرہ بھی کیا تھا ، وہ ایوان تین سال چلا ہے ، آج بھی سینٹ کے انتخابات ہوئے ۔انہوں نے کہا کہ کس نے ستر کروڑ دیئے ، وزیراعظم ستر کروڑ لے کر ٹکٹ دیتا ہے پارٹی پریشر پر واپس لیتا ہے ، اپنے گیارہ ایم پی اے اسے دے دیتا ہے ، دفتر بلا کر اس کے گلے میں پڑا ڈال دیتا ہے ، مجبور ہو کر یہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں ہمارے ممبران نے بتایا کہ ہمیں فون آئے ہیں ، یہ نہ ملک کیلئے بہتر ہے اور نہ اداروں کے لئے ہے ، الیکشن کمیشن کے اعداد و شمار کے مطابق اکثریت اپوزیشن کی ہے ، ہم نے اپنے کسی رکن پر شک نہیں کیا ، الیکشن الیکشن ہے ، آخر تک جاتا ہے ۔انہوں نے کہا کہ شبلی صاحب نے ہر حربہ استعمال کرنے کا وعدہ کیا ہے ، الیکشن میں ہر حربہ استعمال ہوتا ہے ۔صحافی نے سوال کیا کہ کیا آپ بھی کوئی حربہ استعمال کریں گے ۔شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ ہمارے پاس بھی بہت سارے حربے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ سینیٹر دلاور خان ہمارے ساتھ ہیں ، ان سے بات ہو گئی ہے ، میری سینیٹر دلاور خان سے ملاقات ہوئی ہے ، دلاور خان نے کہا ہے کہ وہ مسلم لیگ ن کے ساتھ ہیں ، مجھے ان کی زبان پر یقین ہے ۔ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ ہم نام لے سکتے ہیں لیکن نہیں لیں گے ، ملک کے تحفظ والے ادارے ملک کو توڑنے کے اقدامات نہ کریں ، سینٹ انتخابات میں دسیوں مرتبہ ایسا کیا گیا ، ہمارا مقصد ملک کے عوام کے سامنے بات اور مقدمہ رکھنا ہے ، ملک کے جمہوری مستقبل کے لئے یہ درست نہیں ۔انہوں نے کہا کہ کہا گیا کہ غیر جانبدار ہیں عملی طور پر کچھ اور ہے ، آج پھر اس الیکشن کو متنازعہ کرنے کی کوشش ہو رہی ہے ، یہ ملک کی بدقسمتی ہے ، عوام کا حق ہے کہ ان کے نمائندے ان کی مرضی کے ہوں ، کیا اسی تسلسل کو برقرار رکھنا ہے ۔انہوں نے کہا کہ حافظ عبدالکریم کے خلاف نیب کارروائیوں کی کوشش کی گئی ، ان کے خلاف مقدمات کی دھمکیاں دینے کی کوشش کی گئی ، اب ان کے خلاف پنجاب انٹی کرپشن کی کوششیں شروع ہو گئی ہیں ، سینیٹروں کو نیب اور اینٹی کرپشن سے فون آ رہے ہیں ، حکومتی اداروں کو اس میں ملوث نہیں ہونا چاہیے ۔سابق وزیراعظم نے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ چیرمین سینٹ کا انتخاب آئین کے مطابق اور سینیٹرز کی رائے کے مطابق ہوگا ، ہمارے تمام سینیٹرز ہمارے ساتھ ہیں ۔احسن اقبال نے کہا کہ تبدیلی اس دن آئے گی جس دن ریاست ایماندار ہو جائے گی ، ریاستی اداروں کے سامنے کھڑے ہونا ہر ایک کے بس کی بات نہیں ہوتا ، پاکستان کا المیہ یہ ہے کہ ریاست غیر جانبدار نہیں ہو رہی ، ریاستی اداروں کے آگے ہاتھ جوڑتا ہوں ، جن اداروں نے ایٹمی پروگرام کی حفاظت کرنا ہے ، ملکی سرحدوں کی حفاظت کرنا ہے انہیں سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے ، پاکستان کی چولیں ہل رہی ہیں ، عمران کو مسلط کر کے ملکی اداروں کو تباہ کر دیا گیا ہے ، ہم نے کشمیر اپنے ہاتھوں سے کھو دیا ہے ، ہم کن کھیلوں میں پھنسے ہوئے ہیں ، خدا کے لئے ملک کو آئین کے مطابق چلنے دیں ، اپنی اگلی نسل کو آئین خوشحالی جمہوریت پر لے کر جائیں ۔شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ وزیر داخلہ نے سچ بولا کہ ریاستی امیدوار ہیں ، بکاؤ مال کوئی نہیں ہوتا ، ہم کھڑے ہیں ۔ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ گیلانی صاحب بولے کہ کسی کو فون نہیں آیا تو ان کے لوگوں کو نہیں آیا ہوگا ، ہمارے پاس ریکارڈ موجود ہے ، جب ووٹ خریدنے والا کوئی نہیں ہوگا تو ووٹ فروخت کرنے والا بھی کوئی نہیں ہوگا

بقیہ 18

دوران دو کانکنوں کو زندہ بچا لیا گیا جبکہ محمد رحیم نامی ایک کانکن کی لاش نکال لی گئی انہوں نے بتایا کہ کان میں گیس کا اخراج زیادہ ہونے کی وجہ سے ریسکیو آپریشن میں مشکلات پیش آ رہی ہیں تاہم جمعرات کی رات کو آپریشن مکمل ہونے کی توقع ہے دوسری جانب ریسکیو حکام نے جاں بحق کان کن کی لاش کو ضروری کارروائی کے بعد آبائی علاقے مسلم باغ روانہ کر دیا

بقیہ 19

اسلامی سراج الحق سے چیئرمین سینیٹ کے انتخاب میں مدد مانگ لی ۔چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے امیر جماعت اسلامی سراج الحق کو ٹیلی فون کیا ، دونوں رہنماؤں نے موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا ۔بلاول بھٹو زرداری نے سراج الحق سے چیئرمین سینیٹ کے انتخاب میں تعاون کی درخواست کی ۔ترجمان جماعت اسلامی قیصر شریف کے مطابق امیر جماعت اسلامی پارٹی رہنماؤں سے مشاورت کے بعد اس بارے میں کوئی فیصلہ کریں گے ۔اسی دوران سابق چیئرمین سینیٹ رضا ربانی نے بھی سراج الحق سے رابطہ کیا اور چیئرمین سینیٹ کے الیکشن میں ووٹ کی درخواست کی ہے ۔دوسری طرف ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے امیدوار مولانا عبدالغفور حیدری نے بھی سراج الحق سے ملاقات کر کے ووٹ کی درخواست کی ہے ۔

بقیہ 20

پالنے کیلئے کن مشکلات اور مسائل سے دوچار ہیں ۔کیونکہ ان کی نااہلی ، ناتجربہ کاری اور کرپشن و کمیشن کے باعث مہنگائی اور غربت میں جو اضافہ دن بدن ہوتا جا رہا ہے اس کے باعث غریب عوام کسی بھی چیز کے خریدنے کی سکت ہی نہیں رکھتے ۔بیان میں کہا گیا ہے کہ سلیکٹڈ وزیراعظم کے ہدایت کے مطابق گھی کی قیمتوں میں اضافے سے منع کیا گیا ہے اور گزشتہ روز ای سی سی کے اجلاس میں 7 ارب 80 کروڑ کی خطیر رقم سے رمضان المبارک میں ریلیف پیکج کے تحت چینی ، آٹا ، گھی سمیت 19 چیزوں پر سبسڈی دی جائیگی لیکن سلیکٹڈ وزیراعظم اور ان کی نااہل کابینہ کو یہ علم ہی نہیں کہ یوٹیلٹی سٹورز پر پشتون بلوچ تمام صوبے اور بالخصوص کوئٹہ میں نہ ہی مذکورہ بالا اشیاء دستیاب ہیں اور نہ ہی عوام کو معیاری اشیاء اور ریلیف پیکج کے تحت سہولت دی جاتی ہے ۔بلکہ بازار میں موجود اشیاء خورد و نوش و اشیاء ضروریات ہی یوٹیلٹی سٹورز میں بازار کی قیمت فروخت کی جا رہی ہیں جبکہ آٹا ، گھی ، چینی کچھ بھی میسر نہیں ۔اور جب کبھی میسر بھی ہو تو چینی پوڈر کی طرح اور دیگر چیزیں بالکل غیر معیاری اور ناقابل استعمال ہوتے ہیں جن کی شکایت کرنے کے باوجود انہیں نہ ہی یوٹیلٹی سٹور سے ہٹایا جاتا ہے بلکہ مجبوراً غریب عوام ان کی خریداری کرتے ہیں کیونکہ وہ بازار کی چیزوں کو خریدنے کی سکت نہیں رکھتے ۔بیان میں کہا گیا ہے کہ صوبے کے مختلف اضلاع میں پہلے پہل یوٹیلٹی سٹورز کو ختم کیا گیا اور سینکڑوں ملازمین کو برطرف کر دیا گیا اور پھر موجودہ یوٹیلٹی سٹورز کو بھی ٹھیکیداری کی طرز پر چلایا جا رہا ہے ۔سلیکٹڈ حکومت ، یوٹیلٹی سٹور کے مینجنگ ڈائریکٹر ، جنرل منیجر و دیگر اعلیٰ حکام صوبے بالخصوص صوبائی دارالحکومت میں موجود یوٹیلٹی سٹورز پر چیک اینڈ بیلنس رکھتے ہوئے عوام کو معیاری اور ریلیف کے تحت حاصل اشیاء خورد و نوش و اشیاء ضروریات کی فروخت یقینی بنائیں ۔بیان میں کہا گیا ہے کہ سلیکٹڈ حکومت عوام کو ریلیف دینے کی بجائے اس قسم کے من گھڑت بیانات سے محض طفل تسلیاں دے رہے ہیں اور اب بھی عوام کو دھوکہ دیا جا رہا ہے لیکن عوام ان حکمرانوں کی غریب دشمن پالیسیوں و اقدامات سے بیزار ہو کر نان شبینہ کے محتاج ہو چکے ہیں ۔لہٰذا اگر حکومت واقعتاً عوام کو ریلیف دینا چاہتی ہے تو وہ معیاری آٹا ، چینی ، گھی سمیت دیگر ضروری اشیاء خورد و نوش و ضروریات پر سبسڈی دیں اور ساتھ ہی تمام یوٹیلٹی سٹورز پر چیک اینڈ بیلنس رکھیں ۔

بقیہ 21

مطابق پارٹی قیادت نے حکمت عملی تیار کرنے کے لیے مرکزی اور مقامی سطح کے رہنماؤں سے ایک ہفتے میں تجاویز طلب کر لی ہیں ۔پارٹی ذرائع کے مطابق لیگی رہنماؤں کی جانب سے ملنے والی تجاویز کی روشنی میں حتمی حکمت عملی طے کی جائے گی ، مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف شہباز شریف سے مشاورت کے بعد حکمت عملی کی حتمی منظوری دیں گے ۔دوسری جانب پنجاب میں حکومت مخالف لانگ مارچ کے حوالے سے حمزہ شہباز اور مریم نواز کو اہم ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں ، پارٹی قائد نواز شریف کی جانب سے حمزہ شہباز کو پنجاب میں پارٹی کو منظم اور متحرک کرنے کا ٹاسک دیا گیا ہے ، اس سلسلے میں حمزہ شہباز لانگ مارچ سے قبل پنجاب بھر کے طوفانی دورے بھی کریں گے ، اس دوران حمزہ شہباز ورکرز کنونشن اور مختلف اجلاسوں کی صدارت کریں گے ، حمزہ شہباز پی ڈی ایم کی دیگر جماعتوں کی صوبائی قیادت سے بھی رابطے اور ملاقاتیں کریں گے ۔

بقیہ 22

ہوا اجلاس میں صوبائی امیر اول سردار نسیم خان ترین ، انجینئر نسیم محسود ، مولانا سید محمد طاہر شاہ اخوندزادہ ، حاجی حضرت اللہ اچکزئی ، مولانا ندا محمد ، قاری نعیم اللہ جلالی ، محمد رضا ، حبیب الرحمٰن ، ثناء اللہ کاکوزئی ، عصمت اللہ اچکزئی ، حافظ عبدالرحمٰن ، اسد اللہ اچکزئی سمیت دیگر نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔صوبائی سیکرٹریٹ واقع کواری روڈ پر پرچم کشائی بھی کی گئی ۔اجلاس میں جمعیت (س) کی بڑھتی ہوئی مقبولیت لوگوں کو ہضم نہیں ہو رہی ہمارے بعض صوبائی عہدیداروں کے خلاف الیکٹرانک میڈیا پر پروپیگنڈہ کیا جا رہا ہے جس کی جمعیت علماء اسلام (س) پرزور مذمت کرتی ہے انہوں نے کہا کہ ہمارے خلاف جتنے پروپیگنڈہ بہت پروپیگنڈے ہوتے رہے ہیں لیکن ہم اس کی پرواہ کئے بغیر آگے بڑھتے جائیں گے بڑے بڑے قدآور شخصیات سے بھی رابطے میں بہت جلد عنقریب ایک بڑی جماعت کے طور پر جمعیت علماء اسلام (س) ابھرے گی ، دریں اثناء اجلاس کے بعد صوبائی مجلس عاملہ نے حلقہ پی بی 26 کوئٹہ 3 کے علاقائی دفتر واقعہ مین اپینی روڈ نزد بی ایم سی کراس پر جمعیت علماء اسلام (س) علاقائی دفتر کا افتتاح صوبائی ڈپٹی سیکرٹری انجینئر نسیم محسود کے دست مبارک سے ہوا اس موقع پر حاجی حضرت اللہ اچکزئی کی رہائش گاہ پر پارٹی کا بھی اہتمام کیا گیا حاجی حضرت اللہ اچکزئی نے کہا کہ ہم تمام عہدیداروں کے مشکور ہوں کہ علاقائی دفتر کے افتتاح سے عوام کے دیرینہ مسائل حل ہونگے ، انجینئر نسیم محسود نے کہا کہ کوئٹہ کے تمام علاقوں میں دفاتر قائم کرینگے اور انشاء اللہ آئندہ الیکشن میں بڑی طاقت سے کامیابی حاصل کرینگے ۔

بقیہ 23

کے آج ہونے والے چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین کے انتخابات میں پی ڈی ایم میں شامل اتحادی جماعتیں پیپلز پارٹی کے سید یوسف رضا گیلانی کو چیئرمین اور مولانا عبدالغفور حیدری کو ڈپٹی چیئرمین کے عہدے پر کامیاب بنائیں گی ۔ترجمان نے کہا کہ حکومت سینٹ کے چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین کی انتخابات میں اپنی ہار کو دیکھتے ہوئے اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئی ہے اور پی ڈی ایم کے سینیٹرز کو پی ڈی ایم کے امیدواروں کو ووٹ نہ دینے کیلئے کالز کی جا رہی ہیں جس کی پاکستان پیپلز پارٹی سخت الفاظ میں مذمت کرتی ہے ۔ترجمان نے کہا کہ اوپن بیلٹ کے نعرے لگانے والی حکومت اب سیکرٹ بیلٹ کے گن گانے لگی ہے سینیٹ میں پی ڈی ایم کی اکثریت ہے انشاء اللہ آج سینٹ کے چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین کے انتخابات میں پی ڈی ایم کے امیدوار بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کریں گے اور حکومت کو شکست کا سامنا کرنا پڑے گا ۔

بقیہ 24

ارکان موجود ہیں جب کہ مسلم لیگ ن کے اسحاق ڈار حلف نہ اٹھانے اور بیرون ملک ہونے کے باعث ایوان کا حصہ نہیں ہیں ۔اگر موجودہ اور نومنتخب سینیٹرز میں پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) اتحاد کو اکھٹا دیکھیں تو ان کے ارکان کی تعداد 51 بنتی ہے ۔اس میں پیپلز پارٹی کے 21 ، مسلم لیگ ن کے 17 ، نیشنل پارٹی کے 2 ، پی کے میپ کے 2 ، جمعیت علمائے اسلام کے 5 ، بی این پی کے 2 اور اے این پی کے 2 ارکان شامل ہیں ۔حکومتی اتحاد کو دیکھیں تو پی ٹی آئی کے 27 ، بلوچستان عوامی پارٹی کے 12 ، ایم کیو ایم کے 3 ، مسلم لیگ فنکشنل کا 1 ، مسلم لیگ ق کا 1 اور فاٹا کے 3 سینیٹرز شامل ہیں ، اس طرح حکومتی ارکان کی تعداد 47 بنتی ہے ۔ایسے میں ایک ووٹ بچتا ہے جو جماعت اسلامی کا ہے ، جواب تک غیر جانبدار ہے اور ووٹ نہ دینے کا فیصلہ کیا ۔نجی ٹی وی کے مطابق بلوچستان میں اے این پی اتحاد کا حصہ ہے ، ، ایسے ہی آزاد حیثیت سے منتخب ہونے والی خاتون رکن بلوچستان عوامی پارٹی کے ووٹ سے کامیاب ہوئیں ، وہ بی این پی کا حصہ ہیں ۔دلچسپ بات یہ ہے کہ سینیٹ کے چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین کا انتخاب خفیہ بیلٹ کے ذریعے ہوگا ، لہٰذا اس میں سوئنگ ووٹ کا کلیدی کردار ہو سکتا ہے ۔

بقیہ 25

پنجگور شور میں گاڑی الٹنے جانے کے باعث پنجگور کا رہائشی راشد نصیر سکنہ تسپ جاں بحق جبکہ فرہاد ولد محسن زخمی ہو گیا جنہیں بعد ازاں طبی امداد کیلئے اسپتال منتقل کر دیا گیا لیویز کے مطابق حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا مزید کارروائی جاری ہے ۔

بقیہ 26

زرداری نے نیر بخاری کے بیٹے کی جلد صحتیابی کے لئے دعا کی ۔نیر بخاری کے بیٹے گولی لگنے کے باعث زخمی اور پمز ہسپتال میں زیر علاج ہیں ۔

بقیہ 27

مزمت کرتے ہوئے کہا کہ ڈپٹی کمشنر کا یہ غیر قانونی اقدام مقامی لوگوں کی حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کی مترادف ہے ۔انھوں نے کہا ایک خاتون جسکی نام صائمہ دختر پسند خان مستقل پتہ سبزل روڈ کوئٹہ اور موجودہ پتہ کوئٹہ کینٹ ہے مزکورہ درخواست سمیت انکی تمام فیملی کے قومی شناختی کارڈز پر کوئٹہ کا پتہ ہونے کی بنا پر لوکل کمیٹی نے پہلی ہی میٹنگ میں مزکورہ خاتون کی لوکل فارم ریجیکٹ کرنے کے باوجود ڈپٹی کمشنر مستونگ نے لوکل کمیٹی اور لوکل بنوانے کی قانونی طریقہ کار کو مکمل بائی پاس کر کے بااثر شخصیات کی سفارش اور دباو پر 20 جنوری کو مزکورہ خاتون کو موجودہ پتہ الفلاح روڈ مستونگ کے نام سے لوکل جاری کر دیا ہے ۔جسکی تمام ثبوت ہمارے پاس موجود ہے ۔آل پارٹیز کے رہنماوں نے کہا کہ مزکورہ جاری کردہ غیر قانونی لوکل کی کنسلیشن کے بارے میں سیاسی جماعتوں کی تشویش سے آگاہ کرنے کے باوجود موصوف نے ہمارے اس جائز مطالبے پر عمل درآمد کے بجائے بااثر شخصیات کی خوشنودی کو ترجیح دی انھوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر مستونگ کی حالیہ اس غیر قانونی کارنامہ کی سرانجام دہی سے یہ شکوک و شبہات جنم لیتی ہے کہ وفاقی محکموں میں بلوچستان کے کوٹہ پر مختلف فیڈرل محکموں میں ضلع مستونگ کے 744 ملازمین سے ابتداً میں 400 لوگوں کی لوکل ڈومسائل کی منسوخی کا اعلان کیا گیا لیکن بعد میں رفتہ رفتہ مزکورہ جعلی و بوگس لوکل ڈومسائل کی منسوخ ہونے والوں کی تعداد کو کم ظاہر کیا گیا انھوں نے کہا آل پارٹیز کو سخت تشویش اور خدشہ ہے کہ وفاقی ملازمین کی لوکل و ڈومسائل کی ویری فیکشن کی عمل میں بھی بڑے پیمانے پر سفارش اور دباو کو ملحوظ خاطر رکھ کر جنکی لوکل و ڈومسائل کو درست قرار دیا گیا کیونکہ ویری فیکشن اور تصدیقی عمل میں نہ تو لوکل سرٹیفکیٹس کمیٹی کے ممبران اور نہ علاقے کی منتخب نمائندے کو شامل کیا گیا اور نہ ہی سیاسی جماعتوں کے سربراہ کو کمیٹی کا حصہ بنایا گیا ۔حتا کہ مزکورہ جعلی و بوگس لوکلز کی منسوخی کو پبلک کیا گیا انھوں نے مطالبہ کیا حالیہ دنوں جاری کردہ لوکل سرٹیفکیٹس کو فلفور منسوخ کر کے فیڈرل ملازمین کی منسوخ ہونے والے اور تصدیق شدہ لوکل ڈومسائل سرٹیفکیٹس کی تمام ریکارڈ کو پبلک کر کے سیاسی جماعتوں کے ساتھ شیئر کیا جائے ۔بصورت دیگر آل پارٹیز عوام کی حقوق پر ڈاکہ زنی پر کسی صورت خاماشی اختیار نہیں کرینگے ۔ڈپٹی کمشنر کی ان غیر قانونی اقدامات کے خلاف جلد آل پارٹیز اجلاس طلب کر کے بھرپور احتجاجی تحریک کا اعلان کیا جائے گا ۔

بقیہ 28

صدرالدین مروت کے انتقال پر گہرے رنج اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ تحریک کے سرگرم کارکن کے طور پر انکی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیگی شروع دن سے فکر باچاخان سے وابستہ اور مرتے دم تک انتہائی ناساعد حالات کے باوجود کاربند رہے ۔مرحوم نے ہمیشہ اچھے برے حالات میں اپنے نظریے کی ترویج کی اور اصولوں پر کھڑے رہے ، انکی لگن اور صلاحیتوں نے زمانہ طالبعلمی سے ہی باچاخان کے پیغام کو گھر گھر پہنچانے کا فریضہ سرانجام دیا ۔پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن کے پلیٹ فارم سے رہنما کردار جبکہ پارٹی میں بحیثیت ایک سیاسی نظریاتی فکری کارکن ان کا کردار مثالی رہا دونوں رہنماؤں نے کہا کہ بے لوث خدائی خدمتگار صدرالدین مروت بلاشبہ پارٹی کا اثاثہ تھے ۔دکھ کی اس گھڑی میں اے این پی بلوچستان لواحقین کے ساتھ کھڑی ہے ۔اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے ۔

بقیہ 29

موومنٹ (پی ڈی ایم) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان اور ن لیگ کے قائد نواز شریف کے درمیان ٹیلی فون پر چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے انتخاب پر تبادلہ خیال ہوا ۔نواز شریف نے مولانا فضل الرحمان کو یقین دہانی کروائی ہے کہ مسلم لیگ ن کے تمام سینیٹرز پی ڈی ایم امیدواروں کو ووٹ دیں گے ۔انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کے پاس سینیٹ میں اکثریت ہے ، پی ڈی ایم کے امیدواروں کی کامیابی یقینی ہے ۔دونوں رہنماؤں کے درمیان پی ڈی ایم لانگ مارچ سے متعلق بھی بات چیت کی گئی ۔اس سے قبل جمعیت علمائے اسلام ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کا کہنا تھا کہ ہمارے اراکین پر سنجرانی کو ووٹ دینے کے لیے دباؤ ڈالا جا رہا ہے ۔مولانا فضل الرحمٰن کی جانب سے سابق صدر آصف علی زرداری سے ٹیلی فونک رابطہ کیا گیا ہے ۔اس دوران دونوں رہنماؤں نے پی ڈی ایم کے امیدواروں کی کامیابی یقینی بنانے کی کوششوں پر تبادلہ خیال کیا ۔مولانا فضل الرحمٰن نے چیئرمین اور ڈپٹی چیرمین سینیٹ سے متعلق گفتگو کے دوران کہا ہے کہ حکومت صرف ہارس ٹریڈنگ کر کے ہی جیت سکتی ہے ۔مولانا فضل الرحمٰن نے سینیٹ الیکشن سے متعلق بات کرتے ہوئے کہا کہ چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین کے انتخاب میں حکومت ہارس ٹریڈنگ کی کوشش کر رہی ہے ، حکومت نے ہمارے اراکین کو توڑا تو سب عوام کے سامنے لائیں گے ۔انہوں نے کہا کہ ہماری جیت کو شکست میں بدلا گیا تو سب نامعلوم سامنے لائیں گے ، نمبرز ہمارے پاس ہیں ۔مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ عمران خان کے منہ سے اخلاقیات کی باتیں اچھی نہیں لگتیں ۔اس دوران سابق صدر آصف علی زرداری کا کہنا تھا کہ پی ڈی ایم کو سینیٹ میں حکومت پر واضح برتری حاصل ہے ، یوسف رضا گیلانی اور غفور حیدری کی کامیابی کے لیے پرامید ہیں ۔آصف علی زرداری نے کہا کہ ہمارا ہوم ورک مکمل ہے ، تمام اراکین نے حمایت کا یقین دلایا ہے ۔

بقیہ 30

پی ایل پاکستان سپر لیگ 6 کے بقیہ میچز رواں سال جون میں کراچی میں کروانے کا فیصلہ کیا ہے ۔پاکستان کرکٹ بورڈ اور چھ فرنچائزز کے نمائندگان نے یہ متفقہ فیصلہ جمعرات کو منعقدہ ایک ورچوئل اجلاس میں کیا ۔قومی کرکٹ ٹیم کی مئی / اپریل اور اگست / ستمبر میں بین الاقوامی مصروفیات کے باعث جون کی ونڈو کو ایونٹ کے لیے سب سے سیموزوں قرار دیا گیا ہے ۔ایونٹ کے بقیہ 20 میچز اب قومی کرکٹ ٹیم کی 13 مئی کو زمبابوے سے واپسی اور 26 جون کو انگلینڈ روانگی کے درمیان وقت میں شیڈول کیے جائیں گے ۔پی سی بی کی انتظامیہ اب ایونٹ کے بقیہ میچوں سے متعلق آپریشنل اور لاجسٹک انتظامات کا جائزہ لینے کے بعد فرنچائز مالکان اور دیگر اسٹیک ہولڈرز سے رابطہ کرے گا ۔

بقیہ 31

لیگل ہے یا الیگل جسکا کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں غریب اور سادہ لوں اور مجبور لاچار بیماروں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں شہر کے اندر ڈاکٹرز کی میڈیکل ڈپلومہ اور میڈیکل اسٹورز کو چلانے کیلئے بی فارمیسی کا ہونا ضروری ہے مگر ضلع بھر میں اس کے برعکس سب کچھ ہو رہا ہے انسانی زندگیوں کے ساتھ ایسا کھلواڑ کھیلنے والوں کو اس ضلع میں کھلی چھوٹ دی گئی ہے ضلع چاغی کے عوامی حلقوں کو کہنا ہے چاغی کے ہیڈکوارٹرز دالبندین میں گزشتہ دو سال قبل محکمہ صحت کی صوبائی ٹیم نے چھاپہ مارا اس وقت دالبندین کے دو قابل اعتبار اور مشہور میڈیکل اسٹورز سیل کر دیئے گئیں اس کے بعد آج تک کوئی ڈرگ انسپکٹر یا کوئی ٹیم میڈیکل اسٹورز اور پرائیویٹ کلینکس کو چیک کرنے کو گوارہ نہیں سمجھا ہے جو انتہائی تشویشناک بات ہے اس وقت چاغی کے ہیڈکوارٹر دالبندین ، افغان مہاجر کیمپ گردی جنگل ، تحصیل چاگئے ، پاک افغان سرحدی علاقہ براہچہ ، یک مچ تحصیل نوکنڈی ، تحصیل تفتان سمیت ضلع بھر کے چھوٹے بڑے شہروں میں پرائیویٹ کلینکس اور میڈیکل اسٹورز کی بھر مار ہیں مختلف ڈاکٹرز کے موقف لینے کے دوران یہ معلوم ہوا کہ بی فارمیسی کرنے والا میڈیکل اسٹورز چلا سکتا ہے بشرطیکہ اسکے پاس لائسنس ہو مگر یہاں پر کچھ اور دندھا چل رہا ہے لائسنس کسی اور کے نام پر اور میڈیکل اسٹورز کوئی اور چلا رہا ہے محکمہ صحت کی قانون کے مطابق کوئی بھی میڈیکل اسٹورز ڈاکٹر کے بغیر کسی بھی عام شہری کو ادویات نہیں دے سکتا ہے مگر یہاں پر لوگوں کو مختلف بیماریوں کیلئے انجکشن دھڑا دھڑ لگا رہے ہیں اور بغیر پوچھ گچھ کے ہر قسم کی ادویات فروخت کر رہے ہیں میڈیکل اسٹورز کو چلانے والے ڈاکٹر بنے بیٹھے ہیں یہ وہی بات ہو گئی نیم حکیم خطرے جان والا اسٹوری چل رہا ہے ۔عوامی حلقوں نے سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بتایا دالبندین شہر میں چند ایک کلینکس کے علاوہ باقی تمام میڈیکل اسٹورز ناتجربہ کار لوگ چلا رہے ہیں دنیا کی کسی بھی قانون یہ اجازت نہیں دیتی ہے دالبندین شہر اور ضلع بھر میں اندھا قانون چل رہا ہے عوامی حلقوں نے حکومت بلوچستان محکمہ صحت سے مطالبہ کیا ہے فوری طور پر ضلع بھر میں منصفانہ طریقے سے ایکشن لیکر کارروائی عمل میں لائی جائے

بقیہ 32

مرکزی رہنماؤں نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کے اراکین کو خوفزدہ کرنے کیلئے کالز آ رہی ہیں ، حکومت چیئرمین سینیٹ الیکشن جیتنے کیلئے اخلاقیات سے گر گئی ہے ، وزیراعظم کے اعتماد کا ووٹ لینے کی کارروائی غیر آئینی تھی ، وزیراعظم اعتماد کے ووٹ میں اکیلے حصہ لیکر فرسٹ آئے تھے ، پی ڈی ایم سینیٹ چیئرمین کا انتخاب جیت چکی ہے نمبر گیم اور اخلاقیات دونوں ہی ڈی ایم کے حق میں ہیں ، پیپلز پارٹی نے ماضی میں کبھی سسٹم اکھاڑنے کی بات نہیں کی سسٹم میں رہ کر جدوجہد کی ہے ، وزیراعظم کو الیکشن میں اداروں کو ملوث نہیں کرنا چاہیے ، حکومت عوام پر نئے ٹیکسز کا بوجھ ڈالنے جا رہی ہے ان خیالات کا اظہار پیپلز پارٹی پارلیمینٹیرینز کی مرکزی سیکرٹری اطلاعات شازیہ مری ، پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات فیصل کریم کنڈی اور عبدالقادر پٹیل نے مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا ۔پیپلز پارٹی کے چیف میڈیا کوآرڈینیٹر نذیر ڈھوکی بھی ان کے ہمراہ تھے ۔شازیہ مری نے کہا کہ چیئرمین سینیٹ الیکشن پر حکومت بوکھلاہٹ کا شکار ہے حکومت تین مارچ کو بھی بوکھلاہٹ کا شکار تھی حکومت تین مارچ کے بعد دماغی توازن کھو چکی تھی الیکشن حربے استعمال کر کے نہیں جیتا جاتا الیکشن آئین و قانون کے تحت جیتا جاتا ہے ہمیں حکومت کے ہر حربے کے استعمال بارے بیان پر تشویش ہے ۔انہوں نے کہا کہ خدشہ ہے ہمارے اراکین سینیٹ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی جائے گی الیکشن میں فلور کراسنگ کرنے والے اراکین کے خلاف کارروائی ہو سکتی ہے ، حکومت احمقوں کی جنت میں بیٹھی ہے ، حکومت عوام پر نئے ٹیکسز کا بوجھ ڈالنے جا رہی ہے ، مرغی سمیت اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں ، حکومت اپنے مافیاز کو مسلسل کھلائے جا رہی ہے وزیراعظم چوری پر چوری کئے جا رہے ہیں ، پی ڈی ایم کے کسی سینیٹر کو نقصان ہوا تو ذمہ دار حکومت ہو گی ۔شازیہ مری نے کہا کہ یوسف رضا گیلانی عوامی ووٹ سے منتخب ہو کر وزیراعظم بنے تھے ، یوسف رضا گیلانی شاندار ماضی کے حامل سیاستدان ہیں ، یوسف رضا گیلانی نے بطور وزیراعظم پارلیمان کو عزت دی حکومت یوسف رضا گیلانی سے شدید خوف زدہ ہے ، سینیٹ الیکشن نتائج سے خوفزدہ حکومت کو یوسف رضا گیلانی کے خلاف سازش کرنا پڑی ۔انہوں نے کہا کہ اوپن بیلٹ کے نعرے لگانے والی حکومت اب سیکرٹ بیلٹ کے گن گانے لگی ہے ، سینیٹ میں پی ڈی ایم کی اکثریت ہے حکومت منافقت کے اصولوں پر منافقت کی سیاست کر رہی ہے ، حکومت کو چاہیئے وہ اوپن بیلٹ کی جانب جائے ۔شازیہ مری نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ماضی میں کبھی سسٹم اکھاڑنے کی بات نہیں کی پیپلز پارٹی نے ہمیشہ سسٹم میں رہ کر جدوجہد کی ہے ، ملک میں جمہوریت کو استحکام نہیں مل پایا ہے ، پیپلز پارٹی نے ماضی کے سینیٹ الیکشنز سے بہت کچھ سیکھا ہے ، پی ڈی ایم کے اراکین کو خوفزدہ کرنے کیلئے کالز آ رہی ہیں ، حکومت چیئرمین سینیٹ الیکشن جیتنے کیلئے اخلاقیات سے گر گئی ہے ۔عبدالقادر پٹیل نے کہا کہ وزیراعظم کے اعتماد کا ووٹ لینے کی کارروائی غیر آئینی تھی وزیراعظم اعتماد کے ووٹ میں اکیلے حصہ لیکر فرسٹ آئے آصف زرداری نے ملک کو اٹھارویں ترمیم ، سی پیک کا تحفہ دیا وزیراعظم نے ملک میں مہنگائی کر کے اب لنگر بانٹ رہے ہیں حکومت کے گردشی قرضے تئیس ارب سے تجاوز کر چکے ہیں حکومت جانے کے بعد عمرانیات نامی کتاب لکھی جائے گی وزیراعظم ماہر ماحولیات ہیں پی ڈی ایم سینیٹ چیئرمین کا انتخاب جیت چکی ہے نمبر گیم اور اخلاقیات دونوں پی ڈی ایم کے حق میں ہیں حکومت صرف اوچھی حرکت کر کے چیئرمین سینیٹ الیکشن جیت سکتی ہے ۔فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ یوسف رضا گیلانی کو سوئس بینک کو خط نہ لکھنے کا مشورہ دینے والا بابر اعوان تھا ، وزیراعظم کو الیکشن میں اداروں کو ملوث نہیں کرنا چاہئے ، آصف زرداری نے صدر بننے پر بلوچستان والوں سے معافی مانگی تھی سیاست میں کوئی مستقل دوست دشمن نہیں ہوتا ہے ، سیاسی مخالفین بیان بازی پر معافی مانگتے ہیں پیپلز پارٹی کو اپنے اتحادیوں پر بھرپور یقین ہے ۔فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ اتحادی پیپلز پارٹی کے امیدوار کو کامیاب بنائیگی ، پیپلز پارٹی جمہوریت کے استحکام کیلئے چیئرمین سینٹ کا الیکشن لڑ رہی ہے امید ہے کے پی سے آزاد سینیٹرز یوسف رضا گیلانی کو ووٹ دیں گے ، انہوں نے کہا کہ امید ہے جماعت اسلامی چیئرمین سینیٹ کیلئے یوسف رضا گیلانی کو ووٹ دے گی پی ڈی ایم عوام کو سلیکٹڈ حکومت سے نجات دلائیگی ۔

بقیہ 33

بجلی نے کثرت رائے سے نیپرا ایکٹ میں ترمیم کے بل کی منظوری دے دی ، بل کے تحت وفاقی حکومت کو بجلی صارفین پر ایک روپے 40 پیسے فی یونٹ تک سرچارجز عائد کرنے کا اختیار مل گیا ، اراکین کمیٹی شازیہ مری اور سائرہ بانو نے بل کی منظوری پر حکومت کے خلاف سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرچارجز لگانے کی منظوری دینا مہنگائی تلے دبے عوام کے ساتھ دشمنی اور ظلم ہے ۔جمعرات کو قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی پاور کا اجلاس چوہدری سالک حسین کی زیر صدارت ہوا سیکرٹری خزانہ نے کمیٹی کو بتایا کہ پاور سیکٹر کا گردشی قرض 23 کھرب روپے تک پہنچ چکا ہے اس پر قابو نہ پایا گیا تو معیشت دب جائے گی ۔وزیر توانائی نے عمر ایوب نے کہا کہ گردشی قرض اور بجلی مہنگی ہونے کی ذمہ دار سابق حکومت ہے انھوں نے کہا کہ نئے بجلی منصوبوں کے باعث کیپسٹی چارجز ایک ہزار پچپن ارب روپے سالانہ ہو جائیں گے ، پاور سیکٹر میں گردشی قرض روکنے کیلئے سرچارج عائد کرنا ناگزیر ہے ۔رکن کمیٹی سائرہ بانو نے کہا کہ سیدھی بات کی جائے سرچارجز لگانا آئی ایم ایف کی شرط ہے رکن کمیٹی شازیہ مری نے کہا کہ پاور سیکٹر کی کمزوریوں کی سزا عوام کو نہ دی جائے سرچارجز لگانے سے متعلق چار اراکین نے بل کی مخالفت جبکہ پانچ نے حق میں ووٹ دیا ۔

بقیہ 34

محمد افضل سرپرہ ، میر ممتاز لہڑی و دیگر نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں مستونگ میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال اور چوری و جلانے کے وارداتوں میں ملوث عناصر کی تاحال عدم گرفتاری پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مستونگ کے تاجر عدم تحفظ کا شکار ہو رہے ہیں تاجروں کو کسی کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑ سکتے تاجروں کے حقوق اور انکے تحفظ کیلئے آواز اٹھاتے رہیں گے ۔انھوں نے کہا کہ بلوچستان کی سطح پر تاجروں کا کوئی قانونی نمائندہ تنظیم نہ ہونے سے تاجر برادری کے مسائل کے حل میں دشواریوں کا سامنا ہیں ۔انھوں نے کہا کہ کوئٹہ میں متعدد کاغذی تنظیمیں ہیں جو کہ صرف کوئٹہ کے ہی حد تک موجود ہے اور ان تنظیموں میں بلوچستان کے کسی بھی ضلع کی کوئی نمائندگی نہیں ہیں ۔اور بلوچستان کے تاجر برادری اس پریشانی کا شکار ہے کہ وہ کس تنظیم سے رابطہ کرے کہ کونسا تنظیم قانونی ہے ۔انھوں نے کہا کہ تاجروں کے مسائل کو حل کرنے کیلئے اقدامات ضروری ہے ۔

بقیہ 35

نے خطے کو اسلام کے نور سے معمور کرنے میں لازوال قربانیاں دیں انہوں نے کہا کہ مدارس پر دہشت گردی کے الزامات لگانے والے حکومتی سرپرستی میں چلنے والے تعلیمی اداروں کی کارکردگی کا جائزہ لیں انہوں نے کہا کہ ہمارے اکابرین کی انتھک محنت اور عظیم الشان قربانیوں کی بدولت برصغیر پاک و ہند کو استعمار سے آزاد کرایا انہوں نے کہا کہ برصغیر پاک و ہند میں تہذیب و شرافت اور انسانی اقدار کے خدوخال اور اس کا فروغ مدارس اور علماء کرام کی مرہون منت ہے ، مغرب سے متاثر ہو کر اس نور کی شمع کو بجھانے میں کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیا جس پر افسوس ہی رہے گا انہوں نے کہا کہ اسلامی مدارس حفاظتِ دین کے قلعہ اور علوم اسلامیہ کے سرچشمے ہیں ان کا بنیادی مقصد ایسے افراد تیار کرنا ہے جو ایک طرف اسلامی علوم کے ماہر ، دینی کردار کے حامل اور فکری اعتبار سے صراطِ مستقیم پر گامزن ہوں دوسری طرف وہ مسلمانوں کی دینی و اجتماعی قیادت کی صلاحیت سے بہرہ ور ہوں ان میں تہذیب و ثقافت ، غیرت و حمیت ، ایمان داری ، وفاشعاری اور ان تمام اخلاق و معاشرتی قدروں کی تعلیم و تربیت دی جاتی ہے ، جن سے دنیا میں بسنے والے ایک امن پسند شخص کو آراستہ ہونا چاہیے اسلام کی ترقی و بقاء ، تعلیمات اسلامیہ کی نشر و اشاعت اور قرآن و حدیث کی تبلیغ و تشہیر کے لئے دنیا بھر میں دینی مدارس و مکاتب کی سرگرمیاں جاری ہیں یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ دین اسلام اور عقیدہ ؟ توحید کی حفاظت و بقاء تعلیمات دینیہ پر منحصر ہے انہوں نے کہا کہ جس قوم میں دینی تعلیم اور اسلامی تربیت کا نظام اہل دین و دانش اور فکرمند حضرات کی زیر نگرانی چلتا ہے ، وہ قوم اپنے دین و ایمان میں نہ صرف سچی اور راسخ ہوتی ہے ، بلکہ رہنمایانہ و مصلحانہ زندگی بھی گزارتی ہے انہوں نے کہا کہ اسی لئے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے علم دین سیکھنے اور حاصل کرنے کو فرض فرمایا ہے ۔

بقیہ 36

ریٹائرڈ ہو گئے ہیں ۔100 اراکین پر مشتمل سینیٹ میں حکمران جماعت کے مشترکہ امیدوار صادق سنجرانی کو پی ڈی ایم کے مشترکہ امیدوار یوسف رضا گیلانی پر ایک ووٹ کی برتری حاصل ہے کیونکہ سابق وزیر خزانہ اسحاق ڈار بیرون ملک ہونے کی وجہ سے ووٹ نہیں ڈال سکیں گے اور جماعت اسلامی نے ابھی تک کسی کو ووٹ نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے اسی وجہ سے حکمران جماعت کو اس وقت 49 اور پی ڈی ایم کو 48 اراکین کی حمایت حاصل ہے ۔چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا انتخاب آج (جمعہ کو) ہوگا ،سیاسی جوڑ توڑ بھی عروج پر پہنچ گیا ،تحریک انصاف حکومت اور پاکستان ڈیموکریٹک نے آزاد اور ہم خیال سینیٹرز سے رابطے تیز کر دیئے ہیں ۔آج 12 مارچ کو ہی نو منتخب سینیٹرز کی حلف برداری ہوگی ، چیئرمین صادق سنجرانی نو منتخب اراکین سے حلف لیں گے ، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا انتخاب بھی اسی روز ، ایوان بالا میں پولنگ بوتھ قائم کیا جائے گا ، ووٹنگ خفیہ رائے شماری سے ہوگی ، پہلے چیئرمین سینیٹ پھر ڈپٹی چیئرمین کا انتخاب کیا جائے گا ۔حلف برداری کے بعد اجلاس کچھ گھنٹوں کیلئے ملتوی کر دیا جائے گا ،اسی روز سہ پہر چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین سینٹ کا انتخاب ہوگا جس کیلئے امیدوار کاغذات نامزدگی جمع کروائینگے ، دونوں عہدوں کے انتخابات خفیہ رائے شماری سے ہونگے ایوان بالا کو پولنگ اسٹیشن کا درجہ دیا جائے گا ،صدر مملکت انتخاب کیلئے موجودہ سینیٹرز میں سے کسی کو پریزائیڈنگ افسر مقرر کرینگے ، امیدواروں میں سادہ اکثریت لینے والا چیئرمین سینیٹ منتخب ہو جائے گا ، تاہم ووٹ برابر ہونے کی صورت میں انتخاب دوبارہ ہونگے ، نومنتخب چیئرمین سینیٹ کی حلف برداری کے بعد ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا انتخاب ہوگا ۔اس انتخاب میں بھی چیئرمین سینیٹ کے انتخاب کی کارروائی دہرائی جائے گی ، ڈپٹی چیئرمین کی حلف برداری کے بعد حکومت اور اپوزیشن سینیٹ میں قائد ایوان اور قائد حزب اختلاف نامزد کرینگے ۔

ریٹائرڈ ہو گئے ہیں ۔100 اراکین پر مشتمل سینیٹ میں حکمران جماعت کے مشترکہ امیدوار صادق سنجرانی کو پی ڈی ایم کے مشترکہ امیدوار یوسف رضا گیلانی پر ایک ووٹ کی برتری حاصل ہے کیونکہ سابق وزیر خزانہ اسحاق ڈار بیرون ملک ہونے کی وجہ سے ووٹ نہیں ڈال سکیں گے اور جماعت اسلامی نے ابھی تک کسی کو ووٹ نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے اسی وجہ سے حکمران جماعت کو اس وقت 49 اور پی ڈی ایم کو 48 اراکین کی حمایت حاصل ہے ۔چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا انتخاب آج (جمعہ کو) ہوگا ،سیاسی جوڑ توڑ بھی عروج پر پہنچ گیا ،تحریک انصاف حکومت اور پاکستان ڈیموکریٹک نے آزاد اور ہم خیال سینیٹرز سے رابطے تیز کر دیئے ہیں ۔آج 12 مارچ کو ہی نومنتخب سینیٹرز کی حلف برداری ہوگی ، چیئرمین صادق سنجرانی نو منتخب اراکین سے حلف لیں گے ، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا انتخاب بھی اسی روز ، ایوان بالا میں پولنگ بوتھ قائم کیا جائے گا ، ووٹنگ خفیہ رائے شماری سے ہوگی ، پہلے چیئرمین سینیٹ پھر ڈپٹی چیئرمین کا انتخاب کیا جائے گا ۔حلف برداری کے بعد اجلاس کچھ گھنٹوں کیلئے ملتوی کر دیا جائے گا ، اسی روز سہ پہر چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین سینٹ کا انتخاب ہوگا جس کیلئے امیدوار کاغذات نامزدگی جمع کروائینگے ، دونوں عہدوں کے انتخابات خفیہ رائے شماری سے ہونگے ایوان بالا کو پولنگ اسٹیشن کا درجہ دیا جائے گا ، صدر مملکت انتخاب کیلئے موجودہ سینیٹرز میں سے کسی کو پریزائیڈنگ افسر مقرر کرینگے ، امیدواروں میں سادہ اکثریت لینے والا چیئرمین سینیٹ منتخب ہو جائے گا ، تاہم ووٹ برابر ہونے کی صورت میں انتخاب دوبارہ ہونگے ، نومنتخب چیئرمین سینیٹ کی حلف برداری کے بعد ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا انتخاب ہوگا ۔اس انتخاب میں بھی چیئرمین سینیٹ کے انتخاب کی کارروائی دہرائی جائے گی ، ڈپٹی چیئرمین کی حلف برداری کے بعد حکومت اور اپوزیشن سینیٹ میں قائد ایوان اور قائد حزب اختلاف نامزد کرینگے ۔ریٹائرڈ ہو گئے ہیں ۔100 اراکین پر مشتمل سینیٹ میں حکمران جماعت کے مشترکہ امیدوار صادق سنجرانی کو پی ڈی ایم کے مشترکہ امیدوار یوسف رضا گیلانی پر ایک ووٹ کی برتری حاصل ہے کیونکہ سابق وزیر خزانہ اسحاق ڈار بیرون ملک ہونے کی وجہ سے ووٹ نہیں ڈال سکیں گے اور جماعت اسلامی نے ابھی تک کسی کو ووٹ نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے اسی وجہ سے حکمران جماعت کو اس وقت 49 اور پی ڈی ایم کو 48 اراکین کی حمایت حاصل ہے ۔چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا انتخاب آج (جمعہ کو) ہوگا ،سیاسی جوڑ توڑ بھی عروج پر پہنچ گیا ،تحریک انصاف حکومت اور پاکستان ڈیموکریٹک نے آزاد اور ہم خیال سینیٹرز سے رابطے تیز کر دیئے ہیں ۔آج 12 مارچ کو ہی نومنتخب سینیٹرز کی حلف برداری ہوگی ، چیئرمین صادق سنجرانی نو منتخب اراکین سے حلف لیں گے ، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا انتخاب بھی اسی روز ، ایوان بالا میں پولنگ بوتھ قائم کیا جائے گا ، ووٹنگ خفیہ رائے شماری سے ہوگی ، پہلے چیئرمین سینیٹ پھر ڈپٹی چیئرمین کا انتخاب کیا جائے گا ۔حلف برداری کے بعد اجلاس کچھ گھنٹوں کیلئے ملتوی کر دیا جائے گا ۔اور جماعت اسلامی نے ابھی تک کسی کو ووٹ نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے اسی وجہ سے حکمران جماعت کو اس وقت 49 اور پی ڈی ایم کو 48 اراکین کی حمایت حاصل ہے ۔چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا انتخاب آج (جمعہ کو) ہوگا ،سیاسی جوڑ توڑ بھی عروج پر پہنچ گیا ،تحریک انصاف حکومت اور پاکستان ڈیموکریٹک نے آزاد اور ہم خیال سینیٹرز سے رابطے تیز کر دیئے ہیں ۔آج 12 مارچ کو ہی نومنتخب سینیٹرز کی حلف برداری ہوگی ، چیئرمین صادق سنجرانی نو منتخب اراکین سے حلف لیں گے ، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا انتخاب بھی اسی روز ، ایوان بالا میں پولنگ بوتھ قائم کیا جائے گا ۔

INVITATION OF BIDS

The Director of Technical Education Balochistan, Quetta, invite sealed bids from eligible Bidders for procurement of Library Books for Gwadar Institute of Technology, Gwadar.

S#	Name of Consignment	E/Cost
1.	Provision of Library Books forGwadar Institute of Technology, Gwadar.	06.40M

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. ***Method of Procurement:*** Single-Stage Two Envelope. ***Eligibility of Bidders:*** Registration with Income Tax.NTN CertificateRegistration with Sales-Tax. GST Certificate.Relevant Experience. For Experienced(Old Firms):Two successfully completed similar assignments in last Two years.The bidder must have competed same nature of work to the tune of Rs. 05million in single assignment in last02 financial years..Financial Capacity. Annually PKR. 05 Million turnover for the past 3 years.Delivery time compliance. Must agree to serve the Contract within Completion time is ***10-05-2021.*** Local presence. The Bidder must have functional corporate office in Balochistan having PTCL Phone &Fax No.Agreement with all the terms & conditions. Must unconditionally agree with all the instructions, terms &conditions specified in the bidding documents & contract agreement.Non-Blacklisting. Must not be presently black-listed by any Government OrganizationBid Security: The bids must accompany Bid Security @ 2%BPP Rule 29 Sub-Rule 2 in the form ofCall Deposit or Bank Guarantee of amount specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. ***Tender Documents:*** The bidding document can be obtained from the office, on written request on Firm's letter head, of the under-signed upon payment (non-refundable) bidding document fee to Rs. 2000/-BPP RULE 26 Sub-Rule 2 through Green Challan or cash.(The NIT & Bidding Document can also be downloaded from www.bppra.org.pk under ***TS No.182730-E.*** The intending bidders/vendors not fulfill the eligibility criteria would not be issued the Tender Document. The Tender Document completed in all respect can be submitted from 9 hrs to 14 hrs to the office of the undersigned. Last Date of bid submission: The Tenders must be submitted latest by ***25-03-2021*** till 10.00 AM at the Office of the undersigned. ***Tender opening:*** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 01.00 PM.BPP Rule 33, Sub-Rule 3.Address: Directorate of Technical Education, House No. A-1, Near BRSP Office, Gulshan-e-Janan Street, Sariab Road, Quetta. Quetta.Phone no 0345-8151646 habibmengal204@gmail.com

Director of Technical Education, Balochistan.

PRQ NO. 2574/11-03-2021

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

نواں کلی مدرسہ زمینوں پر لینڈ مافیا کے قبضہ کا فوری نوٹس لیا جائے، جعفر جارج

قبضہ مافیا کیخلاف کارروائی عمل میں لائی جائے بصورت دیگر پیپلز پارٹی عوام کے ساتھ ملکر سخت احتجاج پر مجبور ہوگی، رہنماء پیپلز پارٹی

اگر پولیس نے فوری طور پر لینڈ مافیا کیخلاف کارروائی عمل میں نہ لائی تو پاکستان پیپلز پارٹی اپنے مسیحی عوام کے ساتھ ملکر موجودہ حکمرانوں کے خلاف سخت احتجاج پر مجبور ہوگی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی اقلیتی ونگ کے صدر و سابق صوبائی وزیر جعفر جارج اور پیپلز لیبر بیورو کے رابطہ سیکرٹری اکرم گل نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بے نظیر ہاؤسنگ اسکیم کلی کوتوال کی زمین پر لینڈ مافیا کے قبضے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے قبضہ مافیا کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے بصورت دیگر پیپلز پارٹی عوام کے ساتھ ملکر سخت احتجاج پر مجبور ہوگی۔ یہ بات انہوں نے مسیح قوم کی جانب سے بے نظیر ہاؤسنگ اسکیم کلی کوتوال کی زمین پر قبضے کے خلاف کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے کہی

بقیہ 1 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سبی میں ڈاکوؤں کی دیدہ دلیری عروج پر پہنچ چکی

ڈاکو دن دھاڑے اسلحہ کے زور پر اقبال روڈ سے موبائل فون اور نقدی لے اڑے

سبی (نمائندہ امروز) سبی میں ڈاکوؤں کی دیدہ دلیری عروج پر پہنچ چکی، ڈاکو دن دھاڑے اسلحہ کے زور پر اقبال روڈ سے موبائل فون اور نقدی لے اڑے۔ تفصیلات کے مطابق سبی شہر ایک بار پھر ڈاکوؤں کے رحم وکرم پر آ گیا۔ گزشتہ روز اقبال روڈ پر واقع موبائل کی دوکان سے ڈاکو اسلحہ کے زور پر تاجر سے ایک لاکھ روپے نقدی اور پانچ موبائل

بقیہ 3 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سالانہ امتحانات کے بعد تعلیمی سال شروع ہو جائیگا، فرحان سلیمان

اوتھل (نمائندہ امروز) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا ماہانہ اجلاس گزشتہ روز ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل لسبیلہ فرحان سلیمان رونجھو کی زیر صدارت ڈی سی آفس میں منعقد ہوا جس میں داخلہ مہم، لسبیلہ میں تعلیم پر کام کرنے والی تنظیموں، ریئل ٹائم اسکول مانیٹرنگ

بقیہ 2 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

مستونگ شہر ناپرساں بن چکا ہے، میر محمد حسین محمد شہی

شہر میں نہ امن ہے اور نہ ہی صفائی ستھرائی اور نہ ہیں اسٹریٹ لائٹس درست معنوں میں بحال ہے

مستونگ (این این آئی) انجمن تاجران بازار یونین کے سابق صدر میر محمد حسین محمد شہی، عارف شاہوانی سعید احمد رند و دیگر نے کہا ہے کہ مستونگ شہر ناپرساں بن چکا ہے شہر میں نہ امن ہے اور نہ ہی صفائی ستھرائی اور نہ ہیں اسٹریٹ لائٹس درست معنوں میں بحال ہے۔ دکاندار عدم تحفظ کا شکار تاجروں کے احتجاج کے باوجود چوری وجلانے کے

بقیہ 5 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سیدرکھیل شاہ کا 81واں سالانہ عرس مبارک کے موقع پر سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں

گنداواہ (نامہ نگار) سید رکھیل شاہ کا 81واں سالانہ عرس مبارک کے موقع پر سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں جس میں پولیس لیویز فورس، ایف سی ٹی ڈی، سی آئی اے اور رضا کارانہ ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں سالانہ عرس مبارک

بقیہ 4 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سیکٹری لوکل گورنمنٹ بلوچستان احمد رضا ایک روزہ دورے پر سبی پہنچ گئے

سبی (نمائندہ امروز) سیکٹری لوکل گورنمنٹ بلوچستان احمد رضا ایک روزہ دورے پر سبی پہنچ گئے، دورے کے دوران ترقیاتی کاموں کا معائنہ بھی کیا، دورے کے دوران لوکل گورنمنٹ کے آفیسران بھی انکے ہمراہ تھے۔ تفصیلات کے مطابق سیکرٹری لوکل

بقیہ 6 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سبی، کمشنر سبی ڈویژن سید فیصل احمد گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول کی سبی کا معائنہ کر رہے ہیں

ایم کیو ایم کا کوئی رکن اسمبلی نہیں بکا، سید امین الحق

سینٹ انتخابات میں ایم کیو ایم نے اپنے اوپر بلیک میلنگ کی سیاست کرنے کا تاثر ختم کر دیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر آئی ٹی وٹیلی کام سید امین الحق نے کہا ہے کہ سینٹ انتخابات میں ایم کیو ایم نے اپنے اوپر بلیک میلنگ کی سیاست کرنے کا تاثر ختم کر دیا ہے، ایم کیو ایم کا کوئی رکن اسمبلی نہیں بکا، ارب پتیوں کی جگہ دو عام افرا کو ایوان بالا کا رکن بنایا گیا، حکومت سے صرف ایک ہی مطالبہ ہے کراچی اور حیدر آباد کے شہریوں کے

بقیہ 8 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سیکرٹری صحت نورالحق بلوچ کا جمعرات کو سول ہسپتال کوئٹہ میں نئے بننے والے گائنی وارڈ کا دورہ

کوئٹہ (این این آئی) سیکرٹری صحت نورالحق بلوچ نے جمعرات کو سول ہسپتال کوئٹہ میں نئے بننے والے گائنی وارڈ کا دورہ کیا اس موقع پر ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر ارباب کامران کاسی ڈی ایم ایس ایڈمن ڈاکٹر جاوید اختر، ڈی ایم ایس جنرل ڈاکٹر

بقیہ 7 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

قانون کی بالادستی ہر ممکن طور پر یقینی بنائی جائیگی، تحصیلدار بھاگ

بولان (نامہ نگار) تحصیلدار بھاگ جناب ظہیر احمد زہری نے کہا ہے کہ بھاگ میں امن امان کی قیام کے بارے میں کوئی کمپرومائز نہیں کرینگے قانون کی بالادستی ہر ممکن طور پر یقینی بنائی جائیگی کار سرکار میں مداخلت ہرگز برداشت نہیں کیا جائیگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں بھاگ پریس کلب کے صدر محمد رمضان بھٹو کی قیادت میں ملاقات کرنے والے صحافیوں کی وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا وفد میں نائب صدر حضور بخش کھوکھر محمد

بقیہ 9 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

انشاء اللہ سینٹ کا معرکہ ہم جیتیں گے، عمران خان

الیکشن کے دوران ایک ایک ووٹ کی بہت اہمیت ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ انشاء اللہ سینٹ کا معرکہ ہم جیتیں گے۔ وزیراعظم کی جانب سے سینیٹرز کے اعزاز میں ظہرانہ دیا گیا اسموقع پر وزیراعظم عمران خان نے تمام نومنتخب سینیٹرز کو مبارک باد دی، نومنتخب سینیٹرز کو ووٹ کاسٹ کرنے کے طریقہ کار سے بھی آگاہ کیا گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ سینیٹ الیکشن کے دوران

بقیہ 10 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پنجگور کے سب تحصیل گلگ چیئرمین عبدالقادر محلہ کے مکین گزشتہ چھ ماہ سے بجلی سے محروم ہے

پنجگور (آن لائن) پنجگور کے سب تحصیل گلگ چیئرمین عبدالقادر محلہ کے مکین گزشتہ چھ ماہ سے بجلی سے محروم ہے علاقے کے لوگ پینے کے صاف پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں اسکے علاوہ مساجد اسکول

بقیہ 11 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت قادیانیت کے فروغ سے باز رہے، مولانا سراج امروٹی

یکساں نصاب تعلیم کی آڑ میں مغربی ایجنڈے کو ملک پر مسلط کی کوشش قابل مذمت ہے، رہنماء جے یو آئی سندھ

دین کو پارلیمنٹ اور عدالتوں تک پہنچانا علماء کا کام ہے اور علماء کو اسمبلی میں پہنچانا عوام کا کام ہے جمعیت علماء اسلام مغربی ایجنڈے کو کسی صورت پورا نہیں ہونے دے گی

بھاگ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام سندھ کے نائب امیر مولانا سید سراج احمد شاہ امروٹی نے کہا ہے کہ یکساں نصاب تعلیم کی آڑ میں مغربی ایجنڈے کو ملک پر مسلط کی کوشش قابل مذمت ہے حکومت قادیانیت کے فروغ سے باز رہے اور انکی حمایت ترک کرے مغربی تہذیب اسلامی تہذیب کو ہی اپنا حقیقی مدمقابل سمجھتی ہے عورت کو بے حجاب کرنے کی کوشش تعلیمی نصاب میں تبدیلی ناموس رسالت کے قانون میں ترمیم مغربی ایجنڈے کی سازش ہے دین کو پارلیمنٹ اور عدالتوں تک پہنچانا علماء کا کام ہے اور علماء کو اسمبلی میں پہنچانا عوام کا کام ہے

بقیہ 12 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کارکنوں کی ترسیلات زر مسلسل نویں مہینے میں فروری 2021ء میں 2 ارب ڈالر سے زائد رہیں

اسلام آباد (این این آئی) کارکنوں کی ترسیلات زر مسلسل نویں مہینے میں فروری 2021ء میں 2 ارب ڈالر سے زائد رہیں۔ وزارت کی جانب سے اعلامیہ کے مطابق فروری 2021ء میں کارکنوں کی ترسیلات 2.266 ارب ڈالر رہیں، جو کہ لگ بھگ

بقیہ 13 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ایم کیو ایم کا ایک بار پھر وفاقی حکومت کیساتھ اتحاد برقرار رکھنے کا فیصلہ

چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین سینٹ انتخاب میں ایم کیو ایم حکومتی امیدوار کو ووٹ دے گی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان نے ایک بار پھر وفاقی حکومت کے ساتھ اتحاد برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے، چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین سینٹ انتخاب میں ایم کیو ایم حکومتی امیدوار کو ووٹ دے گی۔ ذرائع کے مطابق فیصلہ ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی اجلاس میں ہوا۔ ایم کیو ایم کے اجلاس میں اراکین نے رائے دی ہے کہ

بقیہ 14 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ایکنک نے تیرہ منصوبوں کی منظوری دیدی

اسلام آباد (این این آئی) ایکنک نے تیرہ منصوبوں کی منظوری دیدی۔ وزیر خزانہ عبدالحفیظ شیخ کی زیر صدارت ایکنک اجلاس ہوا جس میں ایکنک اجلاس میں 13 منصوبوں کی منظوری دے دی گئی، ذرائع کے مطابق آزاد جموں کشمیر میں 48 میگا واٹ کا

بقیہ 15 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد میں مثبت کورونا کی شرح ایک فیصد سے بڑھ کر 6 فیصد ہو گئی

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس اسلام آباد نے ہنگامی اقدامات کیلئے خط لکھ دیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں مثبت کورونا کی شرح ایک فیصد سے بڑھ کر 6 فیصد ہو گئی۔ جمعرات کو ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس اسلام آباد نے ہنگامی اقدامات کیلئے خط لکھ دیا۔ ڈی ایچ او زعیم ضیاء نے وفاق کے تمام ہسپتالوں کو خط ارسال کر دیا۔ خط میں کہا گیا کہ مثبت کیسز کی شرح ایک سے بڑھ کر چھ فیصد ہو گئی ہے، استعداد کار بڑھانے

بقیہ 16 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

الیکشن کمیشن نے صوبائی وزیر راجہ بشارت کیخلاف نااہلی درخواست خارج کر دی

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے صوبائی وزیر راجہ بشارت کیخلاف نااہلی درخواست خارج کر دی۔ جمعرات کو ممبر پنجاب الطاف قریشی کی سربراہی میں چار رکنی کمیشن نے سماعت کی۔ الیکشن کمیشن نے شہری محمد اسلم کی درخواست ناقابل سماعت قرار

بقیہ 17 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

دکی، کمشنر ژوب ڈویژن ارشد مجید لائبریری کا معائنہ کر رہے ہیں

سینٹ انتخابات میں ضمیر فروشی کیخلاف کارروائی، پی ٹی آئی کا دو اراکین کو نکالنے کا حکم نامہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ انتخابات میں ضمیر فروشی کے مرتکب افراد کیخلاف سخت اور مثالی کارروائی، خیبر پختونخوا کے بعد تحریک انصاف سندھ کے اراکین اسمبلی کیخلاف فیصلہ کن کارروائی کرنے والی پہلی جماعت بن گئی، پاکستان تحریک انصاف کا جماعتی حکمت عملی سے روگردانی کرنے

بقیہ 18 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اپوزیشن نے الیکشن کو ساری دنیا میں بدنام کر دیا، وزیر داخلہ

حفیظ شیخ کیخلاف آصف زرداری نے ووٹ خریدے، شیخ رشید احمد

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ اپوزیشن نے الیکشن کو ساری دنیا میں بدنام کر دیا، حفیظ شیخ کے خلاف آصف زرداری نے ووٹ خریدے، بطور وزیر داخلہ اطلاعات کی بنیاد پر کہہ رہا ہوں انہوں نے پیسے سے ووٹ خریدے ہیں، پی ڈی ایم کا آپس میں کوئی اتفاق اور اتحاد نہیں ہے، پی ڈی ایم صرف نفرت کی

بقیہ 19 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کا مسئلہ سیاسی ہے، اسد غنی رند

لاپتہ افراد کو بازیاب کرنے کے بجائے جعلی مقابلے میں انھیں ماورائے آئین وقانون قتل کرنا انسانی حقوق کی شدید پامالی وانتہائی شرمناک عمل ہے

بلوچستان کا مسئلہ سیاسی ہے جسے طاقت کے ذریعے حل کرنے کی کوشش احمقانہ ہے جسکی وجہ سے بلوچستان میں احساس محرومی میں شدید اضافہ ہوا ہے

بیلہ (آن لائن) لاپتہ افراد کو بازیاب کرنے کے بجائے جعلی مقابلے میں انھیں ماورائے آئین و قانون قتل کرنا انسانی حقوق کی شدید پامالی وانتہائی شرمناک عمل ہے جسکی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ ان خیالات کا اظہار بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن پچار کے مرکزی آرگنائزر اسد غنی رند نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ ایک طرف لاپتہ افراد کے اہلخانہ کو یقین دہانی کرائی جاتی ہے کہ آپکے بچوں کو بازیاب کرینگے اور دوسری جانب انکے بچوں کو جعلی مقابلے میں قتل کرنا سوالیہ نشان ہے۔ بلوچستان کا مسئلہ سیاسی ہے جسے طاقت

بقیہ 20 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

لاہور، مسلم لیگ (ن) کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل عطاء اللہ تارڑ احتساب عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

وفاق بلوچستان کی پسماندگی کے خاتمے کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہا ہے، نور محمد دمڑ

سی، ڈی، ڈبلیو پی کے اجلاس میں پلاننگ کمیشن نے 16 ارب روپے سے زائد کے منصوبوں کی منظوری دے دی گئی ہے

اسلام آباد (عارف ترین) صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ وفاق بلوچستان کی پسماندگی کے خاتمے کیلئے سنجیدہ اور ٹھوس اقدامات کر رہے ہیں سینٹرل ڈویلپمنٹ / پلاننگ کمیشن کے اجلاس میں حلقہ انتخاب خانی کراس سے زیارت اور زیارت سنجاوی، دکی چمالنگ بلیک ٹاپ روڈ اور لنک روڈ کی تعمیر کیلئے 16 روپوں سے کے

بقیہ 24 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اوستہ محمد میں صفائی کا نظام درہم برہم

ہر محلے میں جائیں پیدل جانے کا بھی راستہ نہیں

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد میں صفائی کا نظام درہم برہم، ہر محلے میں جائیں پیدل جانے کا بھی راستہ نہیں میونسپل کمیٹی کے عملے سمیت چیف آفیسر مکمل طور پر ناکام ہو چکے ہیں شہریوں نے میڈیا کو شکایت کی کہ آپ میڈیا حق اور سچ لکھنے والے ہیں شہر کا سروئے کر کے حقیقت بیان کریں، کئی شہری اور پیرسن خواتین یا مرد اس نالیوں کے پانی میں پسل کر

بقیہ 27 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کرپٹ اشرافیہ نے ملک کی جڑیں کھوکھلی کر دیں، بشیر ماندائی

غریب کے گھروں میں فاقے اور حکمران بغلیں بجاتے نظر آ رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان بشیر احمد ماندائی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری انجینئر عبدالمجید بادینی نے کہا کہ کرپٹ اشرافیہ نے ملک کی جڑیں کھوکھلی کر دیں، عوام بحران کا شکار ہے، غریب کے گھروں میں فاقے اور حکمران بغلیں بجاتے نظر آ رہے ہیں' کرپٹ لوگوں کے ساتھ بیٹھ کر حکومت کا احمقانہ خواب ہے کہ وہ ملک کو کرپشن

بقیہ 29 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سینٹ کے ریٹائرڈ ہونیوالے سینیٹرز کا تین روزہ الوداعی اجلاس اختتام پذیر

اراکین نے دکھڑے سنائے، اپنی جماعتوں کے قائدین کی تحسین

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ کے ریٹائرڈ ہونے والے سینیٹرز کا تین روزہ الوداعی اجلاس اختتام پذیر ہو گیا، اراکین نے دکھڑے سنائے، اپنی جماعتوں کے قائدین کی تحسین کی اور ایوان بالا کے تقدس میں آنے والے دنوں میں اضافے کی امید کا بھی اظہار کیا۔ جمعرات کو سینیٹ کا اجلاس پریزائیڈنگ افسر سینیٹر جاوید عباسی کی صدارت میں

بقیہ 32 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کے تمام مسائل اور بحرانوں کا حل شریعت محمدی کا نفاذ ہے، مولانا انوار الحق

پاکستان کے اسلامی تشخص اور نظریاتی حیثیت کا تحفظ اور اس کو غیروں کے تسلط سے نکالنا ہے، گفتگو

اکوڑہ خٹک (این این آئی) جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے چانسلر مولانا انوار الحق نے کہا ہے کہ پاکستان اسلام کے نام پر معرض وجود میں آیا ہے اور اس کے 22 کروڑ غیور عوام کسی بھی صورت میں اس سرزمین پاک کو امریکہ اور مغرب کے ایماء پر لبرل اور سیکولر مقاصد کے لئے استعمال نہیں ہونے دیں گے، پاکستان کے تمام مسائل اور بحرانوں کا حل

بقیہ 33 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

راولپنڈی، ہلال احمر "کورونا ویکسی نیشن سنٹر" قائم کر دیا گیا

حکومت نے کورونا کیئر ہسپتال کو ویکسی نیشن سنٹر کا درجہ دے دیا

راولپنڈی (این این آئی) ہلال احمر کے زیراہتمام "کورونا ویکسی نیشن" سنٹر کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا، کورونا کیئر ہسپتال کو حکومت نے کورونا ویکسی نیشن سنٹر کا درجہ دے دیا ہے جو ہلال احمر کیلئے کسی اعزاز سے کم نہیں۔ حکومتی وژن کو تقویت بخشنے کیلئے ہلال احمر شانہ بشانہ ہے، کورونا ویکسی نیشن سنٹر کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین ہلال احمر ابرار الحق نے کہا کہ ہم نے وہ سنگ میل عبور کر لیا ہے، جس کا خواب دیکھا تھا۔ یہ ہلال احمر

بقیہ 35 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ذمہ داری سے کہہ رہا ہوں کہ (آج) ون سائیڈڈ میچ ہو گا، سینیٹر فیصل واوڈا

ہمارا 16 سال کے بچوں کے ساتھ میچ ہے، ہماری جیت اور اپوزیشن کی شکست ہو گی، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور نومنتخب سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا ہے کہ ذمہ داری سے کہہ رہا ہوں کہ (آج) جمعہ کو ون سائیڈڈ میچ ہو گا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل واوڈا نے سینیٹ میں چیئرمین و ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے انتخاب سے متعلق بات کی۔ میں ذمہ داری سے کہہ رہا ہوں کہ جمعہ کو ون سائیڈڈ میچ

بقیہ 36 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کورونا کی حالیہ لہر نے ضلع گجرات میں خطرے کی گھنٹی بجا دی

کورونا مریضوں کیلئے مختص عزیز بھٹی شہید ہسپتال کا وارڈ مریضوں سے بھر گیا، اضافی فیلڈ ہسپتال بھی قائم

گجرات (این این آئی) کورونا کی حالیہ لہر نے ضلع گجرات میں خطرے کی گھنٹی بجا دی، کورونا مریضوں کیلئے مختص عزیز بھٹی شہید ہسپتال کا وارڈ مریضوں سے بھر گیا، اضافی فیلڈ ہسپتال بھی قائم کر دیا گیا، ایک دیہات میں اسمارٹ لاک ڈاؤن اور دو اسکول بھی سیل کر دیے گئے۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) کی جانب سے گجرات

بقیہ 38 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اتحادیوں کے تحفظات سے آگاہ ہوں، مایوس نہیں کریں گے، عمران خان

تمام سینیٹرز ہمارے امیدواروں کو ووٹ دیں، ایوان بالا میں ہم کامیاب ہوں گے، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ اتحادیوں کے تحفظات سے آگاہ ہوں، مایوس نہیں کریں گے، جمعہ کو تمام سینیٹرز ہمارے امیدواروں کو ووٹ دیں، ایوان بالا میں ہم کامیاب ہوں گے۔ جمعرات کو وزیراعظم عمران

بقیہ 41 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کا وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار پر اعتماد کا اظہار

پرامن احتجاج کی اجازت دیں گے، قانون ہاتھ میں لیا تو قانون حرکت میں آئے گا، عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی نے وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار پر اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم عمران خان کی زیرصدارت تحریک انصاف کی کور کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں کور کمیٹی نے وزیراعلیٰ پنجاب

بقیہ 44 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ن لیگ کی پریس کانفرنس سے ڈر لگا کہ کہیں یہ رونے نہ لگ جائیں، شبلی فراز

قومی اسمبلی میں ان کا یہ فارمولا کہاں تھا اس وقت انھوں نے ضمیر خریدے، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات شبلی فراز نے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن کی پریس کانفرنس سے ڈر لگا کہ کہیں یہ رونے نہ لگ جائیں، قومی اسمبلی میں ان کا یہ فارمولا کہاں تھا اس وقت انھوں نے ضمیر خریدے۔ مسلم لیگ ن کے رہنماؤں کی پریس

بقیہ 47 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اوتھل، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت واٹر منیجمنٹ لسبیلہ بلال احمد بلوچ پلانٹ فار پاکستان پروگرام کے تحت پودا لگا رہے ہیں

محکمہ مواصلات ملازمین کا علامتی بھوک ہڑتالی کیمپ 22ویں روز بھی جاری رہا

محکمہ مواصلات وتعمیرات کے برطرف ملازمین 22 دن سے احتجاج پر ہیں لیکن ابھی تک حکومت کی طرف سے ہماری کوئی سنوائی نہیں ہوئی

ملازمین میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے ملازمین بیمار پڑھ گئے ہیں حکام بالا نے ہم سے ابھی تک کوئی رابطہ نہیں کیا جو کہ قابل مذمت ہے، حاجی عبدالحئی

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ مواصلات وتعمیرات کے 361 برطرف ملازمین کا علامتی بھوک ہڑتالی کیمپ 22ویں روز بھی جاری رہا۔ اس موقع پر چیئرمین ملازمین حاجی عبدالحئی، ڈپٹی چیئرمین کامران علیزئی، ظہیر محمد شہی، عبدالباسط، زبیر احمد، حاجی سلیم، امان اللہ ثناء اللہ، غلام محمد، عطامحمد سربراہ، ہاشم پٹھان سمیت دیگر نے کہا ہے کہ محکمہ مواصلات وتعمیرات کے برطرف ملازمین 22 دن سے احتجاج پر ہیں لیکن ابھی تک حکومت کی طرف سے ہماری کوئی سنوائی نہیں ہوئی جس کے باعث ملازمین میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے انہوں نے کہا کہ

بقیہ 21 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

بھاگ پولیس تھانہ کی حدود دھ میں چور موٹر سائیکل چھین کر فرار ہونے میں کامیاب

بولان (نامہ نگار) بھاگ پولیس تھانہ کی حدود دھ میں نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر سلطان نامی شخص سے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہونے میں کامیاب۔ تفصیلات کے مطابق سلطان احمد ولد محمد بچل قوم جبوجہ جو کہ اپنے کام سے فارغ ہو کر

بقیہ 23 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

درخت برکت کی علامت ہے، فیاض علی

ایک قومی دولت ہے درخت اور پودے کے کئی فوائد ہیں

لورالائی (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فیاض علی نے کہا کہ درخت برکت کی علامت ہے اور ایک قومی دولت ہے درخت اور پودے کے کئی فوائد ہیں اور ان کی نشوونما اور دیکھ بھال انسان کی فطرت سے وابستگی ظاہر کرتا ہے یہ باتیں انہوں نے گذشتہ روز اپنے آفس میں محکمہ زراعت اور محکمہ جنگلات کے افسران کے ٹین بلین ٹری سونامی پروگرام کے

بقیہ 22 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ اللہ یار میں پولیس کی کامیاب کارروائی

دوران مسافر کوچ سے گٹکے کی بوریاں اور ایرانی ڈیزل برآمد کر کے دو افراد کو گرفتار کر لیا

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار میں پولیس نے کامیاب کارروائی کے دوران مسافر کوچ سے گٹکے کی بوریاں اور ایرانی ڈیزل برآمد کر کے دو افراد کو گرفتار کر لیا ہے ایس ایچ او عبدالروف جمالی نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے کوئٹہ سے اندرون سندھ جانے والی مسافر کوچ جے بی 8633 کو روک کر مسافر کوچ سے گٹکے سے بھری

بقیہ 25 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعلیٰ کی قیادت میں پارٹی نے اہم کامیابیاں حاصل کی، درچین مری

اوتھل (نمائندہ امروز) بلوچستان عوامی پارٹی کی سینئر رہنما محترمہ درچین مری نے کہا کہ سینیٹ کے چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین کیلئے آج کا سورج بلوچستان عوامی پارٹی کے امیدوار صادق سنجرانی اور پی ٹی آئی کے مرزا آفریدی کی کامیابی نوید لے کر

بقیہ 26 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

زیارت، وزیراعظم کے اسپیشل اسسٹنٹ برائے ماحولیاتی اور موسمیاتی تبدیلی ملک امین اسلم قائداعظم ریزیڈنسی کے دورے کے موقع پر مختلف شعبوں کا معائنہ کر رہے ہیں

لورالائی میں قدیم قبرستانوں میں مردے دفنانے کیلئے جگہ ختم

لورالائی (این این آئی) لورالائی میں قدیم قبرستانوں میں مردے دفنانے کیلئے جگہ ختم آبادی میں اضافے کے ساتھ ساتھ حکومت کو قبرستانوں کیلئے زمین مختص کرنی چاہیئے لیکن اس اہم مسئلہ کے جانب کوئی توجہ نہیں دے رہا پہلے ایک زمانے میں

بقیہ 28 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم نے ایران پاکستان ترکی ٹرین منصوبے کو اہم قرار دیا، زاہد حفیظ چوہدری

پاکستان مسئلہ کشمیر کا حل اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق چاہتا ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ زاہد حفیظ چوہدری نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان نے کراس بارڈر توانائی منصوبوں کی جلد تکمیل پر زور دیا ہے، منصوبے سے پاکستان، افغانستان اور ازبکستان باہم منسلک ہوں گے، پاکستان مسئلہ کشمیر کا حل اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق چاہتا ہے، پاکستان کا بھارت سے کووڈ 19 ویکسین کے

بقیہ 30 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

انتقال پر ملال

دالبندین (نامہ نگار) پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء و سابقہ وفاقی وزیر سردار محمد عمر گورگیج کے نواسے قبائلی رہنماء حاجی محمد ابراہیم گورگیج کے جوانسال فرزند پیپلز پارٹی کے صوبائی نائب صدر میر مولا بخش گورگیج اور حاجی عیسیٰ خان گورگیج کے بھتیجے حافظ محمد اکبر گورگیج

بقیہ 31 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت طلباء یونین کی بحالی کیلئے اب سنجیدہ اقدامات اٹھائیں، طاہر ایبک

طلباء کو ماں باپ تعلیم حاصل کرنے، اچھا مہذب اور اسلام و پاکستان پسند شہری بنانے کیلئے ملک کے نامور تعلیمی اداروں میں بھیجتے ہیں

طلباء وہاں جا کر قوم پرستی کا شکار ہو کر انتہا پسندی پر اتر آتے ہیں جس کا نتیجہ یقیناً نمل یونیورسٹی کے واقعے کی صورت، میں نکلتا ہے، ناظم اسلامی جمعیت طلبہ لورالائی

لورلائی (این این آئی) ناظم اسلامی جمعیت طلبہ لورالائی محمد طاہر ایبک نے نمل یونیورسٹی اسلام آباد واقعے کی مذمت کرتے ہوئے اپنے ایک بیان میں کہا کہ پشتون طلباء کے ساتھ ایسا ظلم روا رکھنا قابل برداشت نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ طلباء کو ماں باپ تعلیم حاصل کرنے اور انہیں اچھا، مہذب اور اسلام و پاکستان پسند شہری بنانے کے لئے ملک کے نامور تعلیمی اداروں میں بھیجتے ہیں جبکہ طلباء وہاں جا کر قوم پرستی کا شکار ہو کر انتہا پسندی پر اتر آتے ہیں جس کا نتیجہ یقیناً نمل یونیورسٹی کے واقعے کی صورت، میں نکلتا ہے۔ حکومت اور ارباب اختیار کو چاہئے

بقیہ 34 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

لسبیلہ، اسسٹنٹ کمشنر بیلہ کیپٹن ریٹائرڈ محمد عارف اور ڈی ڈی او تعلیم امیر بخش رونجھو سالانہ داخلہ مہم سے متعلق منعقدہ ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

لارڈ میکالے کا نظام تعلیم تباہی و بربادی کے راستہ ہے، جماعت اسلامی

قرآن پاک کی دینی مدارس نے قوم کو جہالت کے اندھیروں سے نکالنے میں اہم کردار ادا کی حفاظ قرآن پر قوم کو فخر ہے

مدارس کے طلباء کو مراعات و آسانیاں فراہم کی جائیں قرآنی تعلیم، حفاظ قرآن کی حوصلہ افزائی کی ضرورت ہے، مولانا عبدالحق ہاشمی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ قرآن پاک کی دینی مدارس نے قوم کو جہالت کے اندھیروں سے نکالنے میں اہم کردار ادا کی حفاظ قرآن پر قوم کو فخر ہے قرآن کو امام بنا کر ہم آج بھی دنیا کی قیادت کر سکتے ہیں بدقسمتی سے ہم نے قرآنی تعلیمات سے منہ موڑ لیا ملک کو قرآن وسنت کا نظام ہی ترقی وخوشحالی اور امن دے سکتا ہے۔ لارڈ میکالے کا نظام تعلیم تباہی و بربادی کے راستہ ہے قوم کو دینی وعصری تعلیم پر توجہ دیکر جہالت وگمراہی اور فرقہ واریت وفساد سے نکلنا ہوگا جماعت اسلامی دینی

بقیہ 37 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

اعتماد کرنے پر وزیراعظم کا شکر گزار ہوں، مرزا محمد آفریدی

شہزاد وسیم نے چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے حکومتی امیدواروں کیلئے کاغذات نامزدگی حاصل کر لیے

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے لیے حکومت کے نامزد امیدوار مرزا محمد آفریدی نے کہا ہے کہ وہ اعتماد کرنے پر وزیراعظم کے شکر گزار ہیں۔ سینیٹ میں قائد ایوان شہزاد وسیم نے چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے حکومتی امیدواروں کیلئے کاغذات نامزدگی حاصل کر لیے۔ ڈاکٹر شہزاد وسیم نے کہا کہ مرزا؟ آفریدی کے نام کی ڈپٹی چیئرمین

بقیہ 39 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

سینیٹ انتخابات سے ظاہر ہو گیا ہم اخلاقی تنزلی کا شکار ہو رہے ہیں، عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ سینیٹ انتخابات سے ظاہر ہو گیا کہ ہم اخلاقی تنزلی کا شکار ہو رہے ہیں۔ اپنی ٹوئیٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بقیہ 40 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

مسلمانوں کو اپنی اخلاقی اقدار کو فروغ دینا چاہیے، صدر مملکت

مسلح افواج دنیا میں دفاعی شعبہ میں کسی بھی پیشرفت پر پوری اترتی ہیں

کراچی (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے امت مسلمہ کی دفاعی صلاحیتوں میں اضافہ کے علاوہ فکری اور سائبر حملوں سمیت جدید جنگی محاذوں پر موثر مقابلہ کرنے کیلئے فوری اطلاعات اور انٹیلی جنس پر مبنی بھرپور قومی تیاریوں پر زور اور عراق میں امریکی مداخلت اور مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارت کی جانب سے حالیہ مواصلاتی

بقیہ 42 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

چیئرمین ہلال احمر ابرار الحق نے راولپنڈی میں ہلال احمر کورونا ویکسینیشن سینٹر کا افتتاح کر دیا

راولپنڈی (این این آئی) چیئرمین ہلال احمر ابرار الحق نے راولپنڈی میں ہلال احمر کورونا ویکسینیشن سینٹر کا افتتاح کر دیا اور کہا ہے کہ ویکسینیشن کرانے والوں کی عمر کے حوالے سے میں این سی او سی سے

بقیہ 43 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

کرونا، مزید 53 افراد چل بسے

2258 افراد میں نئے کیسز رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں میں کورونا سے 53 افراد چل بسے 2258 افراد میں نئے کیسز رپورٹ ہوئے۔ این سی او سی کے مطابق ملک میں ایک روز میں 2

بقیہ 46 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم کا حکومتی واتحادی سینیٹرز کے اعزاز میں ظہرانہ

ہمارے تمام لوگ متحد ہیں، نیا پاکستان بننے جا رہا ہے، سینیٹر سرفراز بگٹی اور انوار کاکڑ کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کی جانب سے حکومتی واتحادی سینیٹرز کے اعزاز میں ظہرانہ دیا گیا ہے۔ وزیراعظم عمران خان کی جانب سے حکومتی واتحادی ارکان وسینیٹرز کے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانے کے سلسلے میں سینیٹرز وزیراعظم ہاؤس پہنچے۔ وزیراعظم کی جانب سے دیئے گئے ظہرانے میں چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی، نومنتخب

بقیہ 45 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

ٹھیکیدار اسپیرہ راغہ روڈ ضلع پشین پر کام تیز کریں، ن لیگ

ٹھیکیدار نے ایک لوڈر اور ایک ٹریکٹر سے کام شروع کیا ہوا ہے، سابق میئر رحیم کاکڑ

اگر ایسی طرح کام چلتا رہا تو 2050 میں شائد یہ کام ختم نہ ہوں لہذا ضروری ہے کہ فوری طور سے مشینری زیادہ کریں اور بلیک ٹاپ کام کام شروع کریں

کوئٹہ (آن لائن) مسلم لیگ (ن) کوئٹہ ڈویژن کے صدر سابق میئر رحیم کاکڑ، جنرل سیکرٹری نسیم الرحمن، جنرل سیکرٹری پشین میر وائیس کاکڑ، ایڈووکیٹ الحاج خدائیداد ترین، رازق لالہ، محمد دین کاکڑ، صدر تحصیل نانا صاحب شاہ مسعود کاکڑ، نعیم جمال صدر تحصیل بوستان ملک اختر حسین، صدر تحصیل کاریزات عطاء اللہ، حاجی عبدالرحیم، ملک پائندخان نے اپنے مشترکہ اخباری بیان میں پی ڈی اے چیئرمین پی ڈی سے کہا ہے کہ سپیرہ راغہ روڈ ضلع پشین سائیڈ کے ٹھیکیدار سے سپیرہ راغہ روڈ کا کام تیز کریں کیونکہ ٹھیکیدار نے ایک لوڈر اور ایک

بقیہ 48 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں